کتاب المجربات
حضرت ابو الانیس
جناب صوفی محمد برکت علی لدھیانوی

کتاب ہذا میں

مندرجہ نسخہ جات کے ساتھ

حضرت ابولانیس

جناب صوفی محمد برکت علی لدھیانوی مدظلہ عالی

کے انفاس مبارک کی برکات بھی شامل ہیں

کتاب المجربات

المعروف

مجربات شرفی

از

جناب ابوالانیس حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی مدظلہ عالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ناشر

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ

اردو بازار لاہور

فون نمبر : 7660736

قیمت ۱ 350/-

نسخہ مقوی دماغ

نسخہ دافع نسیان

یہ تینوں اجزاء جو ہر دماغ کو طاقت دیتے ہیں، دماغ سے بلغمی اور سوداوی مادے کو خارج کرکے دماغ کو قوت دیتے ہیں۔

ھوالشافی:

نسخہ:

مغز بادام یا مغز اخروٹ	ایک پاؤ
انجیر	ایک پاؤ
منقہ	ایک پاؤ (تخم نکال کر)

تمام ادویات کو کوٹ کر رکھیں

خوراک:

دو تولہ صبح، دو تولہ شام۔ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ برائے امراض دماغ

ھوالشافی:

دماغ سے غیر طبعی مادوں کو خارج کرتا ہے، دماغ کا تنقیہ کرتا ہے

نسخہ:

اسطو خودوس پانچ تولہ، چاول دھنیا پانچ تولہ، چاول سونف پانچ تولہ، چھل ہلیلہ کلاں پانچ تولہ، مغز بادام پانچ تولہ، برہمی بوٹی دو تولہ، مرچ سیاہ تین ماشہ، گھی پانچ تولہ، چینی سب کی ہم وزن۔

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر گھی میں چرب کر کے چینی شامل کریں۔

خوراک:

ایک تولہ رات کو ہمراہ گرم دودھ دیں۔

خواص:

سر درد، درد شقیقہ، عصابہ، گرانی سر، مالیخولیا مراقی، مرگی، سر کا گھومنا، دائمی نزلہ ملین قبض کشا، تبخیر معدہ، ضعف دماغ اور ضعف بصارت میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

تریاق نزلہ

ھوالشافی:

ہلیلہ سیاہ (کالی ہڑڑ)	پانچ تولہ
گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
کلونجی	پانچ تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔

خوراک: تین ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

فوائد:

نزلہ جو پانی کی طرح ناک سے خارج ہوتا ہے اور اسہال جو پانی کی طرح چلتے ہوں، کثرت بول، سیلان الرحم جو پانی کی طرح چلتا ہو۔

مقوی معدہ ہونے کے سبب سنگرہنی کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اکسیر نزلہ

ھوالشافی:

اجوائن	تین تولہ
گندھک آملہ سار	تین تولہ
نوشادر	دو تولہ
کلونجی	دو تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

دو ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

فائدہ:

بند نزلہ کو جاری کرتا ہے۔
تبخیر معدہ و خرابی خون میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ نزلہ زکام حار

گرمی کے نزلہ و زکام کے واسطے

ھوالشافی:

گل بنفشہ تین تولہ، عناب پانچ تولہ، لسوڑیاں پانچ تولہ، بہی دانہ تین تولہ، نیلوفر تین تولہ، پوست ڈوڈا دو تولہ۔
تمام ادویات کو رات کے وقت پانی دو سیر میں بھگو کر رکھیں، صبح جوش دیں، نصف رہنے پر مل چھان کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک: دو تولہ صبح، دوپہر، شام پانی ملا کر پلائیں۔

سفوف نزلہ حار:

یہ سفوف مذکورہ بالا شربت کے ساتھ دیں۔

اجزاء: خشخاش ایک تولہ، کاہو ایک تولہ، بہی دانہ ایک تولہ، چار مغز چار تولہ، چینی سات تولہ۔
تمام ادویات کو رگڑ کر چینی ہم وزن ملا کر رکھیں۔

خوراک: تین ماشہ ہمراہ شربت مذکور کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ نزلہ بارد

سردی کے نزلہ کے واسطے

ھوالشافی:

گاؤزبان پانچ تولہ، گلِ گاؤزبان، ملٹھی، عناب، السی، سونف، اجوائن، اسطوخودوس، پرسیاؤشاں، ابریشم مقرض، ہر ایک دو دو تولہ۔

تمام ادویات کو نیم کوب کر کے دو سیر پانی میں بھگوئیں، تین گھنٹہ کے بعد جوش دیں، جب نصف پانی رہ جائے آگ سے اتار کر مل چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ صبح، دوپہر، شام پانی ملا کر پلائیں۔

اس شربت کے ساتھ یہ گولیاں بنا کر دیں۔

نسخہ:

لونگ آک دو تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، پھٹکڑی بریاں ایک تولہ، گوند کیکر ایک تولہ۔

رگڑ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت مذکور دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ دائمی نزلہ زکام

ھوالشافی:

پارہ مصفی، ورق چاندی، مرچ سیاہ، میٹھا تیلیا، مصفی ہر ایک، ایک، ایک تولہ۔

ترکیب:

اول پارہ ورق چاندی رگڑ کر سیاہ مرچ ڈالتے جائیں اور رگڑتے رہیں بعد میں میٹھا تیلیا کو باریک کر کے مذکورہ بالا دوا میں شامل کر کے خوب باریک کریں۔

خوراک:

ایک رتی صبح ہمراہ مکھن۔

میٹھا تیلیا کو مدبر کرنے کی ترکیب:

ایک سیر دودھ میں میٹھا تیلیا کو ڈال کر جوش دیں، جب دودھ ایک پاؤ کے قریب رہے۔ تو میٹھا تیلیا کو نکال کر خشک کر کے رکھیں، تیار ہے۔ مذکورہ بالا نسخہ میں شامل کریں۔

خواص:

دائمی نزلہ، کثرت بول، بلغمی کھانسی اور ضعف باہ میں ازحد مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ دیگر نزلہ دائمی

ھوالشافی:

دار چکنہ، رسکپور، کھوپہ، گڑ، تمام ادویات ہم وزن لیں۔

ترکیب:

اول دار چکنہ، رسکپور کو خوب رگڑیں۔ بعد میں کھوپہ باریک کر کے گڑ ملا کر خوب کوٹیں جب موم کی طرح ہو جائے، محفوظ رکھیں۔

خوراک:

چھوہارا کی گٹھلی نکال کر دوا مذکور ایک چاول چھوہارا میں بھر کر دھاگہ لپیٹ کر دودھ میں پکائیں۔ گھی پانچ تولہ، چینی حسب منشا ملا کر مریض کو چھوہارا کھلا کر دودھ پلائیں۔

روزانہ ایک خوراک بوقت صبح۔

اکیس دن متواتر استعمال کرنے سے مکمل آرام ہو گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سفوف اُسطوخودوس

ھوالشافی:

اسطوخودوس (لونڈر)	پانچ تولہ
دھنیا	پانچ تولہ
سونف	پانچ تولہ
مغزبادام	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	تین ماشہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

ایک تولہ صبح، ایک تولہ شام، دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ:

سر درد، عصابہ، شقیقہ، درد ال، سر درد تبخیری یا سر درد نزلی کے واسطے مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ جنون بارد

ھوالشافی :

نسخہ :

اسطو خودوس	تین تولہ
گل سرخ	تین ولہ
بادر نجبویہ	تین تولہ
افتیمون	تین تولہ
بسفائج	تین تولہ
سناء	تین تولہ
تخم فرنجمشک	تین تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر پانی ڈیڑھ سیر میں بھگوئیں، صبح جوش دیں، جب نصف رہے، چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ صبح شام نیچے والا سفوف کھلائیں۔

نسخہ سفوف :

بالچھڑ، چھوٹی چندن، الائچی خورد، بچ، برہمی بوٹی، تیزپات، مالکنگنی، نربسی، ہر ایک دوا ایک تولہ۔ رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

دو ماشہ صبح شام ہمراہ شربت مذکورہ بالا کے دیں۔

یہ روغن سر پر مالش کریں:

اجزاء:

پستہ، مغز چلغوزہ، مغز بادام، کھوپہ، مغز اخروٹ ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔

تمام ادویات کو کوٹ کر گھی گائے آدھ سیر میں پکائیں۔ جب مغزیات سرخ ہو جائیں، چھان کر رکھیں، اس گھی کی دماغ پر مالش کریں۔ صبح شام کانوں میں بھی ڈالیں اور نسوار بھی دیں۔

قبض کو دور کرنے کے واسطے روغن بادام دو تولہ دودھ میں ملا کر رات کو سوتے وقت پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ جنون حار

هوالشافی:

صندل سفید، تخم کاہو، دھنیا، تخم خرفہ، مغز کدو، ہر ایک پانچ پانچ تولہ، کشتہ صدف، کشتہ عقیق ہر ایک، ایک ایک تولہ۔
تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ ہمراہ شربت سکنجبین یا بزوری کے صبح شام دیں۔ سر پر روغن گل، روغن کدو، سرکہ ہم وزن ملا کر پٹی تر کر کے تالو پر رکھیں۔
اگر مریض کو قبض ہو تو آلو بخارہ پانچ عدد، املی دو تولہ، گل سرخ چھ ماشہ، سناء چھ ماشہ، شام کے وقت پانی ایک پاؤ میں بھگو کر رکھیں۔ صبح مل چھان کر چینی ملا کر پلائیں۔ مریض کو صبح دہی کا پانی چینی ملا کر پلائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

امراض ناک

نکسیر پھوٹنا:

هوالشافی:

نسخہ:

کوڑی زرد پانچ تولہ، بھنگ دس تولہ کے نغدہ میں کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کوڑیوں کو باریک کر کے رکھیں کشتہ تیار ہے۔

ترکیب:

ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے صبح شام استعمال کریں۔

نسوار نکسیر روک:

پانی کی طرح بہتے ہوئے خون کو روکتی ہے۔

نسخہ:

افیون ایک رتی، سرمہ سیاہ ایک ماشہ، پھٹکڑی بریاں ایک ماشہ، کافور دو رتی۔
تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں، نسوار تیار ہے۔
مریض کو ایک چٹکی سونگھائیں، نکسیر بند ہو گی۔

شربت انجبار

ھوالشافی:

نسخہ:

انجبار دس تولہ کوٹ کر ایک سیر پانی میں شام کے وقت بھگوئیں۔ صبح آگ پر پکائیں۔ نصف رہنے پر مل چھان کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ' صبح شام پانی میں ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض کان

کان کی درد' ورم' زخم کو بہت مفید ہے

ھوالشافی

نسخہ:

پوست ڈوڈا ایک تولہ' مکو ایک تولہ' تمباکو ایک تولہ' کافور تین ماشہ' پیپر منٹ تین ماشہ۔ اول بغیر کافور پودینہ کے تمام ادویات کو آدھ سیر پانی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب نصف رہے چھان کر تلوں کا تیل ایک پاؤ ڈال کر پکائیں جب جھاگ ختم ہو جائے سرد ہونے پر چھان کر شیشی میں ڈالیں۔ کافور' ست پودینہ کو ملائیں۔ جب محلول ہو جائے روغن مذکور میں ملا کر رکھیں۔ بس تیار ہے کانوں میں ڈالیں۔

نسخہ: ثقل سماعت:

تل کا تیل ایک پاؤ' آب مولی اور سرکہ پانچ پانچ تولہ' آب پتہ گائے ایک عدد' مغز بادام تلخ دو تولہ' رائی ایک تولہ' تمام ادویات کو تلوں کے تیل میں ڈال کر پکائیں' جب جھاگ ختم ہو جائے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ دن میں دو بار کانوں میں ڈالیں۔

نوٹ: بوڑھوں کا ثقل سماعت لاعلاج ہوتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض چشم

ھوالشافی :

نسخہ ابتداء موتیا بند :

فلفل سفید، نوشادر ٹھیکری، تمباکو، تخم نیل، ہر ایک، ایک ایک تولہ، تمام ادویات کو رگڑ کر سرمہ بنائیں۔ ایک ایک سلائی رات کو سوتے وقت آنکھوں میں ڈالیں۔

نسخہ دیگر کمزوری نظر:

سنگ بصری، سرد چینی، ممیرا چینی، نیلا تھوتھا، ہر ایک، ایک ایک تولہ۔ تمام ادویات کو مثل غبار کر کے آنکھوں میں ڈالیں۔

نسخہ دیگر جالا، پھولا، ناخونہ، ککرا:

برادہ تانبہ	ایک تولہ
برادہ جست	ایک تولہ
نوشادر ٹھیکری	ایک تولہ
آب لیموں	دس تولہ

تمام اشیاء کو شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ شیشی کو بند نہ کریں۔
جب تانبہ، جست حل ہو جائیں، کھرل میں ڈال کر باریک کر کے رکھیں سرمہ تیار ہے۔
رات کو ایک ایک سلائی ڈالیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

زبان، دانتوں اور مسوڑھوں کے امراض

نسخہ درد دانت، ماسخورہ، خون آنا :

ھو الشافی:

پھٹکڑی بریاں،	پانچ تولہ
نیلا تھوتھا	تین ماشہ
کافور	چھ ماشہ
افیون	ایک ماشہ
مساگ	ایک تولہ
روغن لونگ	ایک تولہ
سپاری	ایک تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر منجن تیار کریں۔
صبح شام دانتوں پر ملیں۔

آبلہ دہن (زبان کے چھالے)

ھو الشافی:

کتھہ گلابی پانچ تولہ، کافور ایک تولہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔
تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں۔ دوا مذکورہ بالا ایک ماشہ پانی دس تولہ میں ملا کر کلیاں کرائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

سرمہ مقوی بصری

ھو الشافی:

تخم نیل	ایک تولہ
سرمہ سیاہ	ایک تولہ
زعفران	ایک ماشہ
نیلا تھوتھا	دو رتی
مرچ بھوری	دو رتی
پانی پتہ مچھلی	دو تولہ

تمام ادویات کو پتہ کے پانی میں کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

ترکیب:

صبح و شام دو دو سلائی آنکھوں میں ڈالیں۔

فائدہ: موتیا بند، ضعف بصر، دھند، غبار کے واسطے مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ورم گل سوئے (کن پیڑے)

ھو الشافی:

ہینگ	ایک تولہ
گوگل	ایک تولہ
رال	ایک تولہ
صابون	ایک تولہ
لال پٹاس	ایک تولہ

تمام ادویات کو مکو کے پانی میں رگڑ کر لیپ لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ورم تحلیل ہو گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

مرض خناق

ھوالشافی:

گودہ املتاس	پانچ تولہ
گل بنفشہ	ایک تولہ
پوست ڈوڈا	ایک تولہ
گل بابونہ	ایک تولہ

تمام ادویہ کو آب مکو میں رگڑ کر لیپ کریں۔

نسخہ دیگر:

گودہ املتاس

گل بنفشہ

برگ شہتوت

تمام ادویات کو پانی ایک سیر میں جوش دے کر غرارے کرائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض پھیپھڑا

سفوف برائے کھانسی:

ہر قسم کی کھانسی کے لئے مفید ہے

ھوالشافی:

ملٹھی کا آٹا دس تولہ' سہاگہ بریاں دس تولہ' شیر مدار ایک تولہ' خوب باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

ایک رتی دن میں چار بار ہمراہ شربت بنفشہ کے دیں۔ کوکر (کالی) کھانسی' ضیق نفس' اور دقی کھانسی کو مفید ہے۔

نسخہ کھانسی حار:

ھوالشافی:

چار مغز' کاہو' خشخاش' نشاستہ گندم' بہی دانہ' ہر ایک' ایک ایک تولہ' گوند کیکر تین ماشہ' گوند کتیرہ تین ماشہ' ست پودینہ ایک ماشہ۔

تمام ادویات کو رگڑ کر شہد ملا کر ماشہ ماشہ کی گولیاں بنائیں۔ دن میں چار گولیاں چوسیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

جوہر نوشادر

مخرج بلغم غلیظ:

ترکیب:

نوشادر ٹھیکری	ایک پاؤ
گندھک آملہ سار	پانچ تولہ

دونوں کو رگڑ کر ملائیں۔ ہانڈی میں ڈال کر دوسری ہانڈی لب ملا کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر چولہے پر چڑھا کر جوہر تیار کریں۔

ہانڈی کے نیچے تین گھنٹہ تیز آگ جلائیں۔ ہانڈی پر سرد کپڑا رکھیں۔ سرد ہونے پر ہانڈی سے جوہر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی، بچوں کو دو چاول ہمراہ جوشاندہ مخرج بلغم کے دیں۔

جوشاندہ مخرج بلغم:

ھوالشافی:

انجیر	دو عدد
منقیٰ	سات عدد
پرسیاؤشاں	چھ ماشہ
زوفہ	چھ ماشہ

ترکیب استعمال:

تمام ادویات کو جوشاندہ بنا کر شہد ملا کر صبح و شام پلائیں۔

فوائد:

سینہ کی بلغم غلیظ کو خارج کرتا ہے۔ بچوں کے نمونیا اور ڈبہ کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ برائے قے و متلی

ھوالشافی:

آلو بخارا	پانچ دانے
سونف	پانچ ماشہ
عرق گاؤ زبان	بارہ تولہ

ترکیب:

آلو بخارا اور سونف کو عرق گاؤ زبان میں بھگو کر مل چھان کر شربت سکنجبین ملا کر پلائیں۔

خوراک:

حاملہ کی قے و متلی کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کھانسی بارد بلغمی

حب برائے کھانسی:

ھوالشافی:

میٹھا تیلیا مصفی ایک تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، ست لوبان ایک تولہ، منقیٰ تین تولہ۔ تمام ادویات کو رگڑ کر منقیٰ ملا کر خوب گھوٹیں، رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام دیں۔

شربت برائے کھانسی بارد (سردی کی کھانسی)

ھوالشافی:

السی، منقیٰ، انجیر، مغز بادام، ملٹھی، گاؤ زبان ہر ایک پانچ پانچ تولہ، چینی ایک سیر تمام ادویات کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں شام کے وقت بھگوئیں صبح جوش دیں نصف رہنے پر مل چھان کر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ دن میں تین بار دو دو تولہ پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت برائے کھانسی حار

ھوالشافی:

خشخاش	پانچ تولہ
دھنیا	پانچ تولہ
مغز کدو	پانچ تولہ
گل بنفشہ	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں شام کے وقت بھگوئیں۔ صبح جوش دیں۔ نصف رہے چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ، صبح، دوپہر، شام، پانی ملا کر پلائیں۔
کھانسی حار کے واسطے شربت اعجاز بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب مخرج بلغم

یہ گولیاں بلغم غلیظ کو رقیق کر کے خارج کرتی ہیں۔

ھوالشافی:

چھل ریٹھے	ایک تولہ
ست لوبان	ایک تولہ
مرکی	ایک تولہ
منقیٰ	تین تولہ
مغز بادام	تین تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر منقیٰ مغز بادام ملا کر خوب کوٹ کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام، ہمراہ جوشاندہ زوفہ چھ ماشہ، پرساؤشاں چھ ماشہ کے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے ضیق النفس بلغمی

ھوالشافی:

ست لوبان	ایک تولہ
نوشادر	ایک تولہ
ہینگ بریاں	ایک تولہ
مرکی	ایک تولہ
مصبر	ایک تولہ
زعفران	تین ماشہ

تمام ادویات کو آب گھیکوار میں رگڑ کر گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح و دو گولی شام ہمراہ شربت صدر کے دیں۔

فائدہ:

ضیق النفس بلغمی، مخرج بلغم غلیظ۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دمہ بارد بلغمی

ھوالشافی:

جوان مرغ کو ذبح کر کے پیٹ سے آلائشیں نکال کر، سم الفار ایک تولہ، چار اجوائن دس تولہ، چار نمک دس تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ، سہاگہ ایک تولہ، پھٹکڑی سفید ایک تولہ۔

تمام ادویات کو آک کے دودھ میں رگڑ کر گولا بنائیں۔ مرغ کے پیٹ میں داخل کر کے سی دیں۔

مرغ کو ہانڈی میں ڈال کر گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کشتہ شدہ مرغ و ادویہ کو رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح، ایک رتی شام کو ہمراہ شربت صدر کے دیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ضیق النفس یبسی

(خشک دمہ)

ھوالشافی:

ہلدی	ایک تولہ
ملٹھی	ایک تولہ
سونف	ایک تولہ
پیپلا	ایک تولہ
شیر مدار	تین ماشہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر آک کا دودھ ملا کر ... کے رکھیں۔

خوراک:

چار رتی دن میں چار خوراک پانی سے دیں۔

فائدہ:

دمہ خشک کے واسطے مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ لعوق مخرج بلغم

ھوالشافی:

انجیر ایک پاؤ، منقیٰ ایک پاؤ، السی ایک پاؤ۔

تمام ادویات کو دو سیر پانی میں شام کے وقت بھگوئیں۔ صبح کو جوش دے کر نصف رہنے پر مل چھان کر اس میں آدھ سیر چینی، آدھ سیر شہد ملا کر شہد کے مانند قوام بنائیں اس قوام شدہ دوا میں یہ ادویات کوٹ کر ملائیں۔

اجزاء:

ست لوبان	ایک تولہ
مرکی	ایک تولہ
کاکڑا سینگی	ایک تولہ
مغز چلغوزہ	پانچ تولہ
روغن بادام	دس تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے روغن بادام ملا کر قوام شدہ دوا میں ملا کر گھوٹ کر رکھیں لعوق تیار ہے۔

خوراک:

ایک تولہ دن میں تین بار تولہ تولہ دوا چٹائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دمہ حار

(خشک دمہ)

ھوالشافی:

انڈا بطخ ایک عدد۔ ہینگ ایک تولہ۔

ترکیب:

انڈا بطخ میں تھوڑا سا سوراخ کر کے سفیدی نکال دیں۔ خالی حصہ میں ہینگ ڈال کر انڈے پر ماش کا آٹا لگائیں۔ کوزہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر رکھیں۔ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح، ایک رتی شام دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ لعوق

برائے دمہ حار

ھوالشافی:

گل بنفشہ پانچ تولہ، بہی دانہ ، اسپغول ، چار مغز پانچ تولہ، کاہو دو تولہ، خشخاش پانچ تولہ، روغن بادام پانچ تولہ۔

ترکیب:

اول گل بنفشہ کو ایک سیر پانی میں ڈال کر پکائیں۔ نصف رہنے پر سرد کر کے مل چھان کر اس بنفشہ کے پانی میں بہی دانہ اسپغول کو بھگوئیں۔ تین گھنٹہ کے بعد مل کر چھان کر چینی ایک سیر ڈال کر قوام بنائیں۔ شہد کے مانند قوام ہو پھر کاہو، خشخاش چار مغز کوٹ کر قوام میں روغن ملا کر خوب گھوٹیں۔ لعوق تیار ہے۔

خوراک:

ایک چمچہ صبح، ایک چمچہ دوپہر، ایک چمچہ شام کو چٹائیں۔

دمہ حار میں شربت اعجاز بھی مفید ہے۔

سینہ اور پشت پر روغن گائے کی مالش کریں اس کے بعد کشتہ چاندی ہمراہ مکھن پانچ تولہ کے اکیس روز کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نفس الدم (خون تھوکنا)

سفوف برائے نفس الدم:

ھوالشافی:

سل کڑی دس تولہ' صدف مروارید' بکرے کے پھیپھڑوں کا قیمہ ایک سیر' دونوں ادویات کو پھیپھڑا کے قیمہ کے درمیان کوزہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر ادویات و راکھ پھیپھڑا باریک کرکے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام شربت کے ہمراہ دیں۔

نسخہ شربت نفس الدم:

ھوالشافی:

بانسہ ایک پاؤ' پوست ڈوڈا پانچ تولہ' انجبار پانچ تولہ' چینی تین پاؤ۔
تمام ادویات کو نیم کوب کرکے ایک سیر پانی میں شام کے وقت بھگوئیں' صبح جوش دے کر نصف رہنے پر چھان کر چینی ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک: دو تولہ صبح' دو تولہ شام' پانی ملا کر پلائیں' مذکورہ بالا کشتہ اس شربت کے ہمراہ دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

زخم پھیپھڑا (سل)

ھوالشافی:

پارہ ایک تولہ' دار چکنہ ایک تولہ' ہڑتال ورقیہ ایک تولہ' تیزاب گندھک پانچ تولہ۔

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو رگڑ کر آتشی شیشی گل حکمت شدہ میں ڈالیں۔ تیزاب گندھک بھی ڈالیں۔ شیشی کو دو سیر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ سرد ہونے پر شیشی سے ادویات نکال کر کھرل میں باریک کریں۔ کھرل کو پانی سے بھر دیں۔ جب ادویات پانی کے نیچے بیٹھ جائیں تو پانی نتھار لیں اسی طرح تین بار پانی نتھار کر دوا کو خشک کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:

ایک چاول صبح و شام ہمراہ مکھن دیں۔

نسخہ دیگر:

ھوالشافی:

سریش ماہی تین ماشہ باریک کرکے دوپہر کے وقت بکری کے دودھ میں پکا کر نوش کرائیں' شیریں کرکے پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ نیلا تھوتھا

برائے زخم پھپھڑا

ھوالشافی:

نیلا تھوتھا ایک تولہ‘ کافور دو تولہ۔

ترکیب ساخت:

نیلا تھوتھا کی ڈلی کو کوزہ میں کافور کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

صبح کے وقت دو چاول مکھن میں لپیٹ کر کھلائیں۔

فوائد:

زخم پھپھڑا‘ سوزاک‘ آتشک اور بواسیر میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض قلب حار

دل کا دھڑکنا‘ بے چینی‘ خفقان

نسخہ مسکن قلب

ھوالشافی:

صدف مروارید ایک تولہ‘ عقیق ایک تولہ‘ شاخ مرجان ایک تولہ سنگ یشب ایک تولہ‘ یاقوت ایک تولہ‘ زمرد ایک تولہ‘ طباشیر ایک تولہ‘ الائچی خورد ایک تولہ۔

تمام ادویات کو کوٹ کر کسی نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر روح کیوڑہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب مثل غبار ہو جائے تو شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح شام خمیری صندل میں ملا کر کھلائیں۔ اوپر سے شربت بزوری پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ذات الجنب

(نمونیا)

ھوالشافی:

کشتہ بارہ سنگا ایک تولہ' ست لوبان ایک تولہ' میٹھا تیلیا مصفی تین ماشہ' مرچ سیاہ تین ماشہ' موم شہد دو تولہ۔

تمام ادویات کو باریک کر کے موم پگھلا کر ادویات میں ڈال کر خوب کوٹیں دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

ایک گولی صبح ایک گولی دوپہر' ایک گولی شام' مندرجہ ذیل جوشاندہ کے ہمراہ دیں۔

نسخہ جوشاندہ:

السی چھ ماشہ' گل بابونہ تین ماشہ' کو ایک تولہ' پوست ڈوڈا ایک ماشہ تمام ادویات کو ڈیڑھ پاؤ پانی ڈال کر پکائیں' نصف رہنے پر چھان کر شہد ملا کر پلائیں درد والی جگہ پر ضماد لگائیں۔

شنگرف ایک ماشہ' مصبر دو ماشہ' زردی بیضہ مرغ دو عدد۔ پہلی ادویات رگڑ کر زردی بیضہ ملا کر لیپ کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض قلب بارد

نسخہ مفرح حار:

جس مریض کی نبض کمزور ہو' حرارت قلب کم ہو جائے' کسی سرد مرض میں مریض کا درجہ حرارت کم ہو جائے یا تبخیر معدہ سے قلب میں بے چینی پیدا ہو۔

ھوالشافی:

مربہ آملہ' مربہ سیب' مربہ ہلیلہ' مربہ بہی' ہر ایک ایک پاؤ۔

تمام مربہ جات کو گٹھلیوں سے صاف کر کے کوٹیں۔ پھر یہ ادویہ کوٹ چھان کر مربہ جات میں ملا کر گھوٹ کر رکھیں۔

بالچھڑ ایک تولہ' تیزپات ایک تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' زعفران تین ماشہ' ناگرموتھ ایک تولہ' دار چینی ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' جلوتری ایک تولہ' تمام ادویات کوٹ چھان کر مربہ جات میں ملا کر گھوٹ کر رکھیں۔

خوراک:

چھ ماشہ صبح و شام بعد غذا ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض معدہ

ہیضہ

نسخہ برائے ہیضہ:

ھوالشافی:

رائی پانچ تولہ' مرچ سرخ پانچ تولہ' دونوں اشیاء کو باریک کر کے پیاز کے پانی میں رگڑ کر رتی کے وزن کی گولیاں بنائیں۔
مریض ہیضہ کو ایک گولی پندرہ پندرہ منٹ کے بعد عرق پودینہ سے دیتے رہیں۔
انشاء اللہ چند خوراکوں سے آرام ہو گا۔

نسخہ دیگر

ھوالشافی:

پیاز ایک عدد' سرخ مرچ ایک عدد' برگ نیم بارہ عدد تینوں کو پانی ملا کر گھوٹیں خوب باریک ہونے پر تین چھٹانک پانی ڈال کر چھان کر مریض کو ایک ایک چمچہ دس دس منٹ کے بعد دیتے رہیں۔ چند خوراکوں سے آرام ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

دوائے ہاضم

ھوالشافی:

نوشادر	ایک تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ
نمک سیاہ	ایک تولہ
زیرہ سیاہ	ایک تولہ
سونٹھ	ایک تولہ
اجوائن	ایک تولہ
ست اجوائن	ایک تولہ
ست پودینہ	ایک تولہ
کافور	ایک تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے سرکہ ایک سیر ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں پھر ململ کے باریک کپڑے سے چھان کر بوتل میں ڈال کر رکھیں۔ دوائے ہاضم تیار ہے۔

خوراک:

ایک تولہ صبح' ایک تولہ شام پانی میں ملا کر بعد از غذا دیں۔

فوائد:

درد معدہ' تبخیر معدہ اور غذا کو ہضم کرنے میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے ہیضہ

جب ہیضہ کے مریض کا جسم سرد ہو جائے' پٹھوں میں تشنج کے جھٹکے پڑیں تو یہ گولیاں استعمال کریں:-------

ھوالشافی:

کچلہ مصفی	چھ ماشہ
لونگ	ایک تولہ
سونٹھ	ایک تولہ
ہینگ	ایک تولہ
بالچھڑ	ایک تولہ
زعفران	تین ماشہ

تمام ادویات کو لہسن کے پانی میں رگڑ کر دو دو رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک تا دو گولی ہمراہ عرق اجوائن شہد ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔ اگر جسم گرم ہو جائے تے اور دست رک جائیں تو مزید خوراک نہ دیں ورنہ ایک خوراک اور دیں۔
مریض ہیضہ کے جسم پر جائفل ایک تولہ' تلوں کا تیل دس تولہ میں رگڑ کر مالش کریں جسم گرم ہو جائے گا اور تشنج رک جائیں گے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ حب ہاضم
قبض کشا

ھوالشافی:

مصبر ایک تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' سونٹھ ایک تولہ' نمک سیاہ ایک تولہ' نوشادر ایک تولہ' ہینگ ایک تولہ' سہاگہ ایک تولہ۔

ترکیب:

تمام ادویات کو تمہ (حنظل) کے پانی میں خوب رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی سے دو گولی بعد از غذا ہمراہ عرق سونف کے دیں۔

فوائد:

درد معدہ' ریح معدہ' قبض کشا' درد اعصاب کے واسطے مفید ہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفصل العظیم

قے حار

اگر معدہ میں گرم مواد یا صفرا جمع ہو جائے تو طبیعت اس کو قے کے راستے خارج کرتی ہے۔ اگر اعصابی تحریک تیز ہو جائے اور قے رکنے میں نہ آئے تو یہ نسخہ دیں۔

نسخہ برائے قے حار:

ھوالشافی:

انار دانہ ایک تولہ' زرشک ایک تولہ' املی ایک تولہ' آلو بخارا پانچ دانے' سماق تین ماشہ۔

آدھ سیر پانی میں تمام ادویات کو بھگو کر رکھیں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد مل چھان کر شربت سکنجبین تین تولہ ملا کر تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ دو بوند امرت دھارا کی چینی ملا کر دیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

قے بارد

سرد غذا یا سرد اخلاط کے معدہ میں جمع ہونے سے قے آتی ہو تو یہ نسخہ دیں

حب برائے قے بارد:

ھوالشافی:

لونگ آک پانچ تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' کپور کچری ایک تولہ۔

تمام ادویات کو باریک کر کے آب پودینہ سے رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک: دو گولی اس جوشاندہ کے ہمراہ دیں

نسخہ جوشاندہ:

پودینہ سبز چھ ماشہ' لونگ سات عدد' دار چینی ایک ماشہ' الائچی کلاں تین عدد' زیرہ سفید تین ماشہ۔

تمام ادویات کوٹ کر پانی ایک پاؤ میں جوش دے کر چھان کر شہد ملا کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

زخم معدہ

(السر)

ھوالشافی:

رسکپور	ایک تولہ
کتھہ گلابی	دس تولہ
رسوت	دس تولہ

ترکیب:

اول رسکپور کو باریک کر کے رکھیں۔ پھر کتھہ گلابی کو رگڑ کر رسکپور میں شامل کر کے رگڑائی کریں۔ اس کے بعد رسوت کو آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہے چھان کر صاف پانی نتھار کر آگ پر پکائیں۔ جب رسوت کا پانی گاڑھا ہو جائے رسکپور، کتھہ گلابی کے سفوف میں شامل کر کے رگڑ کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ مکھن کے دیں۔

غذا:

سابو دانہ کی کھیر، چاولوں کی پچھ، آش جو دیں۔ باقی تمام اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ورم معدہ

ھوالشافی:

گل بنفشہ دس تولہ، گودہ املتاس ایک پاؤ، کو دس تولہ، گل بابونہ پانچ تولہ، روغن بادام دس تولہ، منقیٰ دس تولہ۔

ترکیب:

گل بنفشہ، گل بابونہ، کو، منقہ۔ تمام ادویات کو ایک سیر پانی میں ڈال کر پکائیں۔ نصف رہنے پر مل چھان کر گودہ املتاس ملا کر چھلنی سے چھان کر شہد ایک پاؤ، چینی ایک پاؤ، روغن بادام ملا کر پکائیں۔ جب حلوہ کی طرح قوام ہو معجون تیار ہے۔

خوراک:

ایک ایک تولہ دن میں تین بار اس عرق کے ہمراہ دیں۔

نسخہ عرق:

ھوالشافی:

گل گلاب ایک پاؤ، کو سبز دو پاؤ، منقی ایک پاؤ، گاؤزبان ایک پاؤ، سونف ایک پاؤ، پانی بارہ سیر۔

ترکیب:

تمام ادویات کو شام کے وقت بھگوئیں، صبح پانچ سیر عرق نکالیں۔

خوراک:

خوراک:

پانچ تولہ صبح، دوپہر، شام کو دیں۔

غذا:

سابو دانہ، آش جو دیں

ضماد برائے ورم معدہ:

ھوالشافی:

گودہ املتاس	پانچ تولہ
جدوار خطائی	ایک تولہ
آٹا جو	پانچ تولہ
گل سرخ	ایک تولہ
تخم کنوچہ	ایک تولہ
السی	پانچ تولہ
برگ کو	

ترکیب:
تمام ادویات کو گل روغن سرکہ میں گھوٹ کر معدہ پر نیم گرم کر کے ضماد لگائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

پیچش

انتڑیوں کو صاف کرنے کے واسطے پہلے یہ نسخہ پلائیں، سدہ وغیرہ ہو تو خارج ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی:

گوند کیکر	چھ ماشہ
کیسٹرائل	اڑھائی تولہ

ترکیب:

اول گوند کیکر کو کھرل میں ڈال کر باریک کر کے تھوڑا تھوڑا پانی ڈالتے اور کھرل کرتے رہیں۔ جب گاڑھا لعاب بن جائے تھوڑا تھوڑا کیسٹرائل ڈالتے اور کھرل کرتے رہیں۔ ایک پاؤ پانی ڈالیں، سفید رنگ کا محلول تیار ہو جائے گا۔ مریض کو نصف دوا پلائیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک پلائیں۔ دست آ کر تمام سدے خارج ہو جائیں گے۔ اس کے بعد یہ نسخہ دیں۔

ھوالشافی:

گل دھاوہ	پانچ تولہ
دھنیا	پانچ تولہ
پوست ڈوڈا	پانچ تولہ

رال سفید	پانچ تولہ
چینی	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر چھان کر رکھیں۔

خوراک:

چھ ماشہ صبح، دوپہر، شام کو ادھ رڑکا کے ہمراہ دن میں تین بار دیں۔

غذا:

سابو دانہ کی کھیر یا چاولوں کی پچھ چینی ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال بارد

دائمی نزلہ یا دمہ بلغمی والے مریضوں کے معدہ میں رطوبت بلغمی کے اجتماع سے اسہال جاری ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی:

میٹھا تیلیا مصفی	ایک تولہ
شنگرف	ایک تولہ
لونگ	دو تولہ
مرچ سیاہ	دو تولہ
جائفل	دو تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو رگڑ کر شہد ملا کر رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح، ایک گولی دوپہر، ایک گولی شام ہمراہ عرق اجوائن پانچ تولہ شہد ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال حب الملوکی

جمالگوٹہ کے دینے سے اگر جلاب بند نہ ہوں تو یہ نسخہ دیں۔

ھوالشافی:

دھنیا	چھ ماشہ
طباشیر	ایک ماشہ
صندل سفید	دو ماشہ

باریک کر کے رکھیں' یہ ایک خوراک ہے ہمراہ دہی کے ادھ رڑکا سے دیں گھنٹہ گھنٹہ کے بعد دیں۔ دو یا تین خوراکوں سے دست بند ہو جائیں گے۔ اگر انتڑیوں سے خون آتا ہو تو

ریشہ خطمی	ایک تولہ
بہدانہ	ایک تولہ
اسپغول	ایک تولہ

تمام ادویات کو آدھ سیر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد مل چھان کر چینی ملا کر جب پیاس لگے پلاتے رہیں۔ دو تین بار پلانا کافی ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال گرمائی

ھوالشافی:

انار دانہ

زیرہ سفید

گردساق

زرشک

الائچی خورد

طباشیر

ترکیب: تمام ادویات کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ ہمراہ خشخاش چھ ماشہ' دھنیا چھ ماشہ' مغز کدو چھ ماشہ تمام ادویات کو گھوٹ کر ایک پاؤ پانی ملا کر چھان کر چینی حسب منشا ملا کر رکھیں اور صبح' دوپہر' شام پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال بدہضمی

ھوالشافی:

کلونجی	پانچ تولہ
زیرہ سیاہ	پانچ تولہ
سونف	پانچ تولہ
اجوائن	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو آب لیموں میں تر کر کے دھوپ میں خشک کر کے باریک کر کے تین پاؤ شہد ملا کر رکھیں، معجون تیار ہے۔

خوراک:

چھ ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق پودینہ کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

چورن ہاضم

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	چار تولہ
پودینہ دیسی	دو تولہ
سگھال	ایک تولہ
نوشادر	ایک تولہ
نمک طعام	آٹھ تولہ
ریوند خطائی	چار تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ
سونٹھ	ایک تولہ
سوڈا بائیکارب	چار تولہ
ست پودینہ	تین ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر چھان کر رکھیں۔ چورن تیار ہے۔

خوراک:

دو ماشہ یا تین ماشہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ: تبخیر معدہ، درد معدہ، ضعف معدہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سفوف ہاضم

ھوالشافی:

زیرہ سفید	ایک پاؤ
سونف	ایک پاؤ
نمک سیاہ	ایک پاؤ
اجوائن	ایک پاؤ
گودہ تمہ	آدھ سیر
گودہ گھیکوار	آدھ سیر

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر تمہ اور گھیکوار کے گودہ میں رگڑ کر خشک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، ایک ماشہ شام پانی سے دیں۔

فائدہ:

درد معدہ، قبض اور تبخیر معدہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال خونی

ھوالشافی:

حب الآس	چھ ماشہ
انجبار	چھ ماشہ
بل گری	چھ ماشہ۔

تمام ادویات کوٹ کر آدھ سیر پانی میں بھگوئیں، پھر نتھرے ہوئے پانی سے یہ سفوف دن میں تین بار کھلائیں۔

نسخہ سفوف:

کتھہ گلابی، سل کڑی، کشتہ کوڑی زرد۔ تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ دن میں تین بار۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال

اگر اسہال پانی کی طرح آتے ہوں، عفونت بھی پائی جائے ان کے واسطے یہ نسخہ بہت مفید ہے۔

ھوالشافی:

آملہ گٹھلیوں سے پاک شدہ	دس تولہ
ہلیلہ سیاہ	پندرہ تولہ

دونوں کو گھی میں بریاں کریں

گندھک آملہ سار پندرہ تولہ کو رگڑ کر ان میں شامل کریں۔

خوراک: ایک ماشہ دن میں تین چار بار پانی کے ہمراہ دیں۔

فوائد:

پانی کی طرح بہتا ہوا نزلہ نیز پانی کی طرح بہتے ہوئے سیلان الرحم کو بھی بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سفوف برائے سنگرہنی

ھوالشافی:

رائی	دو تولہ
لونگ	دو تولہ
جائفل	دو تولہ
پوست سنگ دانہ مرغ	دو تولہ
رومی مصطگی	دو تولہ
پودینہ خشک	دو تولہ
زیرہ سفید	دو تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر چھان کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام، پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ:

سنگرہنی، اپھارہ، درد معدہ، مقوی معدہ، مخرج ریح غلیظ معدہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

انتڑیوں کے امراض

قولنج سدی

ھوالشافی:

اول حقنہ کریں کسٹرائیل پانچ تولہ دودھ میں ملا کر پلائیں۔ تمام مواد خارج ہو جائے گا۔ اگر پھر بھی درد باقی رہے تو یہ نسخہ دیں۔

نسخہ:

میٹھا تیلیا مصفی	ایک تولہ
سونٹھ	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	پانچ تولہ
ست پودینہ	ایک تولہ
منقیٰ	دو تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر منقیٰ ملا کر کوٹ کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک دوپہر' ایک شام ہمراہ عرق اجوائن پانچ تولہ دیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

قولنج ریحی

جس کو عوام بیڑہ سول کہتے ہیں۔

حب قولنج ریحی:

ھوالشافی:

مصبر ایک تولہ' گودہ تمہ خشک چھ ماشہ' ہینگ ایک تولہ' سونٹھ ایک تولہ' ست اجوائن چھ ماشہ۔

تمام ادویات کو باریک کر کے آب گھیکوار میں رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنا کر خشک ہونے پر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:

دو گولی ہمراہ عرق سونف کے دیں۔

فوائد:

یہ گولیاں قبض کشا' درد معدہ' درد اعصاب میں بھی مفید ہیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

انتڑیوں کا ورم

ھوالشافی:

گودہ املتاس دو تولہ' منقیٰ ایک تولہ' گل بنفشہ ایک تولہ' مکو ایک تولہ' روغن بادام ایک تولہ' شہد دو تولہ۔

ترکیب:

اول مکو' گل بنفشہ۔ منقیٰ تینوں ادویات کو تین پاؤ پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اس پانی میں گودہ املتاس بھگو دیں۔ چھلنی سے چھان کر روغن بادام اور شہد ملا کر چار خوراک بنائیں۔ ہر تین گھنٹہ کے بعد پلاتے رہیں۔

ضماد:

یہ ضماد انتڑیوں (ورم شدہ) پر لگائیں۔

نسخہ:

شیر شتر ایک سیر' شیر بھیڑ ایک سیر' کیسٹرائل (روغن ارنڈ) دس تولہ' تینوں ادویات کو ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب لیپ کرنے کے قابل ہو جائے۔ نیم گرم کر کے انتڑیوں پر لگاتے رہیں۔ غذا میں سابو دانہ کی کھیر یا آش جو دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ورم زائدہ اعور (اپنڈکس)

نسخہ خوراکی:

ھوالشافی:

گل بنفشہ ایک پاؤ' مکو ایک پاؤ' گودہ املتاس آدھ سیر' روغن بادام دس تولہ' شہد آدھ سیر' چینی آدھ سیر۔

ترکیب ساخت:

اول گل بنفشہ اور مکو کو ایک سیر پانی جوش دیں' جب نصف رہے چھان کر گودہ املتاس شامل کر کے رکھیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد مل کر چھلنی سے چھان کر بعد روغن بادام' شہد اور چینی ملا کر معجون جیسا قوام تیار کریں۔

خوراک:

ایک تولہ دن میں تین چار بار ہمراہ عرق مکو کے دیں۔

نسخہ ضماد برائے ورم زائدہ اعور (اپنڈکس)

ھوالشافی:

کالی زیری دو تولہ' جد وار خطائی چھ ماشہ' السی دو تولہ' مغز ارنڈ پانچ تولہ' مکو دو تولہ۔
تمام ادویات کو سرکہ میں گھوٹ کر گرم کر کے ورم پر لیپ کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

قبض

نسخہ قبض کشا:

ھوالشافی:

گلقند	دس تولہ
مویز منقیٰ (تخم نکالا ہوا)	پانچ تولہ
مغز بادام	پانچ تولہ
سقمونیا (باریک شدہ)	چھ ماشہ
بادام روغن	پانچ تولہ

ترکیب:

اول گلقند، منقیٰ مغز بادام کو اچھی طرح کوٹیں پھر اس میں سقمونیا اور بادام روغن ملا کر گھوٹ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک تولہ رات کو گرم دودھ سے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ کرم شکم

ھوالشافی:

اسپغول تین تولہ شام کے وقت پانی آدھ سیر میں بھگوئیں، صبح مل چھان کر دودھ ایک پاؤ چینی ملا کر پلائیں۔ سات دن میں انتڑیوں سے کیڑے صاف ہو جائیں گے۔
کرموں کی پیدائش کو روکنے کے واسطے یہ نسخہ دیں۔

ھوالشافی:

کچلہ مصفی	ایک تولہ
مصبر	ایک تولہ
ہینگ	ایک تولہ
پھل ریٹھے	ایک تولہ
افسنتین	پانچ تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر جوشاندہ افسنتین میں رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے کھلائیں۔ اکیس دن کے استعمال سے ہمیشہ کے واسطے کرم شکم کا مرض دور ہو گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ضعف جگر

ھوالشافی:

ترپھلہ	تین پاؤ	تخم کاسنی	ایک پاؤ
انار دانہ ترش	ایک پاؤ	زرشک	ایک پاؤ
زیرہ سفید	پانچ تولہ	نیلوفر	ایک پاؤ
آب گاجر	پانچ سیر	گل سرخ	ایک پاؤ
منقہ	آدھ سیر	برادہ فولاد	آدھ سیر
نوشادر	پانچ تولہ	گڑ	دو سیر
پانی	دو سیر		

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر گھڑے میں ڈال کر گھڑے کا منہ بند کر کے اکتالیس دن روڑی یا توڑی میں دفن کریں۔ اکتالیس دن کے بعد نکال کر مل چھان کر بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔

خوراک: دو تولہ بعد از غذا صبح و شام پلائیں۔

فوائد:

ضعف جگر، بھس، کمی خون، حرارت جگر، مقوی معدہ و امعاء۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

شربت فولاد

ھوالشافی:

برادہ فولاد	ایک سیر
سرکہ	پانچ سیر

ترکیب تیاری:

کسی مرتبان میں ڈال کر چھ ماہ پڑا رہنے دیں۔ سرکہ فولادی کو مقطر کر کے رکھیں۔

سرکہ فولادی	دس تولہ
عرق گلاب	دو پاؤ
چینی	تین پاؤ

ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک:

دو تولہ صبح و شام دودھ میں ملا کر نوش کریں۔ گرمیوں میں دہی کے ادھ رڑکا میں ملا کر پلائیں۔

از حد مقوی مولد خون ہے، بازاری شربت فولاد اس کے مقابلہ میں ہیچ ہیں۔ تجربہ شدہ ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ ضعف جگر

ھوالشافی:

تربوز جس کا وزن پندرہ سیر کے قریب ہو لے کر اس میں یہ ادویات بھر کر اکیس دن رکھیں۔ بعد میں مل چھان کر بوتلوں میں بھر کر رکھیں

ادویات یہ ہیں:

مجیٹھ	ایک پاؤ
ترپھلہ	ایک پاؤ
برادہ فولاد	ایک پاؤ

خوراک:

دو تولہ صبح و شام پلائیں۔

فوائد:

ضعف جگر، کمی خون، حرارت جگر کو مفید ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب مقوی جگر

ھوالشافی:

ترپھلہ	ایک پاؤ
مجیٹھ	ایک پاؤ
کشتہ فولاد	ایک پاؤ
فلفل دراز (مگھاں)	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	پانچ تولہ
سنڈھ	پانچ تولہ
آب انار	ایک سیر

ترکیب:

تمام ادویات کو آب انار میں باریک رگڑیں۔ جب خشک ہو، دہی دو سیر ڈال کر خوب گھوٹیں۔ جب خشک ہو تیار ہے۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح دہی کے ہمراہ کھلائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض جگر حار

حرارت جگر

ھوالشافی:

کاسنی	ایک تولہ
آلو بخارا	پانچ دانے
املی	دو تولہ
گل سرخ	چھ ماشہ
زرشک	چھ ماشہ
انار دانہ	چھ ماشہ
نیلوفر	ایک تولہ

ترکیب و خوراک:

تمام ادویات کو صبح کو ایک سیر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ دن میں تین بار مل چھان کر شربت بزوری ملا کر پلائیں۔

فوائد:

حرارت جگر، یرقان، ہاتھ پاؤں کی جلن، سوزش بول، بخار، بھوک نہ لگنا، تمام صفراوی کیفیت کو دور کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت افسنتین

ھوالشافی:

افسنتین	تین تولہ
شاہترہ	تین تولہ
املی	دس تولہ
گل سرخ	دس تولہ
آلو بخارا	پانچ دانے
منقیٰ	تین تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر رکھیں، صبح جوش دے کر مل چھان کر چینی تین پاؤ ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

تین تولہ ہمراہ عرق کاسنی پانچ تولہ، کو پانچ تولہ کے ملا کر دن میں تین بار پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

مصفی جگر

سفوف راوند خردلی

ھوالشافی:

ریوند خطائی	پانچ تولہ
زنجبیل	پانچ تولہ
نوشادر	پانچ تولہ
رائی	پانچ تولہ

رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

چار رتی دن میں تین بار ہمراہ عرق اجوائن، پودینہ، مکو گاؤ زبان، پانچ تولہ کے دیں۔

فوائد:

ملین طبع کاسرریاح، دافع صلابت شکم، جگر کے سدوں کو دور کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت اکسیر جگر

ھوالشافی:

افسنتین	دو تولہ	کڑو	دو تولہ
کالی زیری	دو تولہ	ریوند چینی	دو تولہ
گل سرخ	دو تولہ	سونف	دو تولہ
ڈوڈی مکو	دو تولہ	کاسنی	دو تولہ
زیرہ سفید	دو تولہ		

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر شام کے وقت دو سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ صبح، دو تولہ شام پانی ملا کر پلائیں، بعد میں دودھ پلائیں۔

فوائد:

بخار بلغمی، خونی، وری، نوبتی، ورم جگر و استسقاء، ورم رحم، عورتوں کے پرسوتی امراض، امراض جلد، درد ریحی وغیرہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مصفی جگر

مفید جگر

ھوالشافی:

بیخ کاسنی	ایک پاؤ
تخم کثوت	بارہ تولہ
سناکی	آدھ سیر
دھنیا	دس تولہ
انجیر	پینتیس تولہ
املی	پچیس تولہ
ریوند چینی	دس تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو نیم کوب کر کے چار سیر پانی میں شام کو بھگوئیں۔ صبح کو آگ پر پکائیں جب نصف پانی رہے مل چھان کر چینی تین سیر، سرکہ ایک بوتل ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک:

تین تولہ ہمراہ عرق برنجاسف کے صبح شام پلائیں۔ ضعف جگر، ورم جگر، ورم طحال اور استسقاء کو مفید ہے۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت اکسیر جگر مصفی

ھوالشافی:

تخم کاسنی	پانچ تولہ
بیخ کاسنی	دس تولہ
تخم خربوزہ	بارہ تولہ
منقیٰ	سات تولہ
تخم کشوث	آٹھ تولہ
چینی	ایک سیر

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر شام کو دو سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دیں، نصف رہنے پر مل چھان کر چینی ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ صبح و شام پانی ملا کر پلائیں۔

فوائد:

جگر کی شراکت کے بخار، ورم صلب جگر، جگر کو فضلات ردی سے پاک و صاف کرتا ہے۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مصفی جگر

جگر کے سدوں کو دور کرتا ہے، جگر کی خرابی سے بخار یا سوجن ہو تو اس کو بھی مفید ہے۔

ھوالشافی:

برگ السنتین	پانچ تولہ
نوشادر ٹھیکری	پانچ تولہ
فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف، کاسنی، کو پانچ تولہ شربت سکنجبین تین تولہ ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اکسیر جگر

جگر کے جملہ امراض کا مجرب علاج

ھوالشافی:

ریوند خطائی	تین پاؤ
قلمی شورہ	آدھ سیر
نوشادر ٹھیکری	ایک پاؤ
مصبر	دس تولہ
مرچ سیاہ	پانچ تولہ
کسیس سبز ولایتی	اڑھائی تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر چھان لیں۔ آب گھیکوار میں رگڑ کر گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام، ہمراہ عرق سونف، کاسنی، کو دس تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد:

خرابی جگر سے ہونے والے امراض، بخار، ورم بدن، استسقاء، ورم جگر، ورم طحال، عورتوں کے درد ایام کو بہت مفید ہے۔ قبض کشا ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

یرقان

ھوالشافی:

مولی کے پتے — آدھ سیر
کاسنی کے پتے — ایک پاؤ
مکو کے پتے — پانچ تولہ

تین پاؤ پانی ڈال کر چھان لیں، شکر ملا کر دن میں تین بار ہمراہ سفوف راوند دیں۔

نسخہ سفوف راوند:

ریوند چینی — چار تولہ
نوشادر — دو تولہ
قلمی شورہ — دو تولہ
رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام مذکورہ بالا پتوں کے پانی سے دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت برائے یرقان

ھوالشافی:

آلو بخارا — پانچ تولہ
نیلوفر — پانچ تولہ
کاسنی — پانچ تولہ
املی — دس تولہ
تخم خیارین — پانچ تولہ
انار دانہ ترش — پانچ تولہ

تمام ادویات کو ڈیڑھ سی پانی ڈال کر شام کو بھگوئیں۔ صبح جوش دیں۔ نصف رہنے پر چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک:

تین تولہ صبح، دوپہر، شام پانی ملا کر پلائیں۔

سفوف برائے یرقان:

ھوالشافی:

السنتین دو تولہ' قلمی شورہ تین تولہ' زیرہ سفید ایک تولہ' پھٹکڑی بریاں دو تولہ' ست پودینہ تین ماشہ باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ شربت مذکورہ بالا کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ ضماد

برائے ورم جگر

ھوالشافی:

گل بابونہ	ایک تولہ
مکو کے پتے	ایک تولہ
پوست ڈوڈا	ایک تولہ
گودہ املتاس	پانچ تولہ
سرکہ	پانچ تولہ
ناخونہ	ایک تولہ
آٹا جو	ایک تولہ
ریوند چینی	ایک تولہ
گل روغن	تین تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر سرکہ روغن گل ملا کر گھوٹیں۔ آپ کو تھوڑا تھوڑا ڈالتے ہوئے کھرل کرتے رہیں۔ جب لیپ تیار ہو جائے نیم گرم کر کے جگر پر لگائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ روغن محلل ورم جگر

ھوالشافی:

گل بابونہ	پانچ تولہ
مکو	پانچ تولہ
السی	پانچ تولہ
سرکہ	ایک پاؤ
برگ گلاب	پانچ تولہ
پوست ڈوڈا	پانچ تولہ
تخم کوچہ	پانچ تولہ
روغن کنجد	تین پاؤ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں بھگوئیں۔ بعد میں جوش دیں۔ جب نصف پانی باقی رہے چھان کر اس میں سرکہ' روغن کنجد ملا کر پکائیں۔ جب جھاگ ختم ہو جائے آگ سے اتار کر سرد ہونے پر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ کھدر کا کپڑا اس روغن میں تر کر کے مقام ورم جگر پر رکھیں' درد' ورم وغیرہ دور ہو گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ ورم جگر

ھوالشافی:

برنجاسف دس تولہ' شکاعی دس تولہ' باد آور دس تولہ' بادیان دس تولہ' بادرنجبویہ دس تولہ' منقیٰ دس تولہ' اذخر دس تولہ' بیخ کبر دس تولہ' ملٹھی دس تولہ' گلو دس تولہ' مکو دس تولہ' گاؤ زبان پانچ تولہ' گل گاؤ زبان پانچ تولہ' سولہ سیر پانی ڈال کر آٹھ سیر عرق نکالیں۔

خوراک:

دس تولہ شربت کشوث دو تولہ میں ملا کر صبح و شام پلائیں۔

نسخہ شربت کشوث:

ھوالشافی:

بیخ بادیان دو تولہ' انیسون دو تولہ' گل سرخ' تخم کشوث (پوٹلی میں بندھا ہوا) ایک تولہ' سونف' کاسنی' تخم خربوزہ' بیخ کاسنی' تخم خیارین' تمام ادویات ایک ایک تولہ' چینی ایک سیر۔

تمام ادویات کو نیم کوب کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں شام کو بھگو کر رکھیں۔ صبح جوش دیں' نصف رہنے پر چھان کر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ خوراک دو تولہ صبح و شام دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

پتھری گردہ و مثانہ

ھوالشافی:

قلمی شورہ ایک پاؤ، نوشادر پانچ تولہ، سہاگہ پانچ تولہ، سنگ یہود پانچ تولہ، جوکھار پانچ تولہ، پوست ریٹھہ دو عدد، بھلاوے دس عدد۔

ترکیب:

بھلاوے کے سوا جملہ ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے رکھیں، قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر رکھیں۔ جب قلمی شورہ پگھل جائے، نوشادر ڈال دیں۔ اس طرح یکے بعد دیگرے تمام ادویات ڈال دیں۔ آخر میں بھلاوہ ایک عدد ڈالیں۔ جب بھلاوہ جل جائے دوسرا بھلاوہ ڈال دیں۔ اس طرح تمام بھلاوے ختم کریں۔

جب تمام بھلاوے جل جائیں تیار ہے، سرد ہونے پر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی تا دو رتی تک آب مولی یا شربت بزوری دیں۔

فوائد:

سنگ گردہ و مثانہ، سنگ مرارہ، صلابت جگر، ورم غدہ قدامیہ، درد گردہ ریحی، ورم رحم، صلابت رحم، بندش حیض۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ پتھری گردہ و مثانہ

ھوالشافی:

سنگ یہود	پانچ تولہ
سنگ سرماہی	پانچ تولہ
مرکی	دو تولہ
قلمی شورہ	دس تولہ
جوکھار	دس تولہ
شاخ مرجان	دس تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو آب مولی میں رگڑ کر خرگوش کے پیٹ میں بھر کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ دوسری آگ آب مغز خربوزہ میں رگڑ کر دیں۔ سرد ہونے پر خرگوش کی ہڈیوں کو نکال کر باقی کشتہ باریک رگڑ کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ دیگر پتھری گردہ و مثانہ

ھوالشافی:

پوست سنگ دانہ مرغ	ایک تولہ
قلمی شورہ	ایک تولہ
جوکھار	ایک تولہ
عقرب سوختہ	چھ ماشہ
سنگ یہود	ایک تولہ
کلتھی	دو تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب مولی دس تولہ کے دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض گردہ

درد گردہ:

ھوالشافی:

قلمی شورہ	ایک پاؤ
گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر مٹی کے پیالہ میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب گندھک دھواں بن کر اڑ جائے، پیالہ کو آگ سے اتار کر دوسرے پیالہ میں ذرا سا گھی لگا کر اس میں دوا الٹا دیں۔ سرد ہونے پر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں۔ ایک خوراک کافی ہے۔
مقام گردہ پر رائی چھ ماشہ رگڑ کر ضماد لگائیں۔ دس منٹ کے بعد اتار دیں درد ختم ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

ورم گردہ

ھوالشافی:

مکو	پانچ تولہ
تخم مولی	تین تولہ
تخم خربوزہ	پانچ تولہ
تخم خیارین	پانچ تولہ
کاسنی	پانچ تولہ
گل بابونہ	دو تولہ
پوست ڈوڈا	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی میں شام کو بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر نصف رہے مل چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

تین تولہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق سونف، کاسنی، مکو کے دیں۔ تینوں عرقوں کی مقدار خوراک دس تولہ۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

ضماد برائے ورم گردہ

ھوالشافی:

گل بابونہ	ایک تولہ
مکو	ایک تولہ
پوست ڈوڈا	چھ ماشہ
گل روغن	ایک تولہ
سرکہ	ایک تولہ
کالی زیری	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو گھوٹ کر آب مکو ملا کر ضماد تیار کریں۔ نیم گرم کر کے مقام گردہ پر لگائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

استسقاء (جلودھر) (ASCITES, DROPSY)

ھوالشافی:

نوشادر پانچ تولہ، قلمی شورہ پانچ تولہ، پھٹکڑی سفید، سفوف جڑ تمہ دونوں ادویہ پانچ پانچ تولہ۔

تمام ادویات کو باریک رگڑ کر رکھیں۔

ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ بول شتر دو تولہ، عرق خمسہ دس تولہ کے دیں۔ بول شتر ایک بوتل، نمک سیاہ ایک تولہ ملا کر رکھیں۔

نسخہ عرق خمسہ:

ھوالشافی: پوست سرس دو سیر، کو سبز دو سری، پوست کچنار ایک سیر، تخم کاسنی ایک سیر، اٹ سٹ ایک سیر، پانی دس سیر ملا کر پانچ سیر عرق نکالیں۔ اس علاج سے تمام پانی خارج ہو جائے گا۔ بعد میں مقویات جگر دیں۔ پیٹ پر ضماد استسقاء لگائیں

نسخہ مقوی جگر:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
نوشادر	پانچ تولہ
کشتہ فولاد	پانچ تولہ
سم الفار سفید	ایک ماشہ

ترکیب: تمام ادویات کو آب لیموں میں کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنائیں

خوراک: دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ شربت فولاد یا عرق ماء اللحم کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ درد گردہ

اکسیر گردہ:

ھوالشافی:

جوکھار، قلمی شورہ، ہینگ، نمک سیاہ، سہاگہ، پھٹکڑی، مرچ سیاہ، سنگ یہود، اجوائن خراسانی، ریوند خطائی، نمک خوردنی، تمام ادویات ایک ایک تولہ، افیون تین ماشہ۔

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ روغن بادام چھ ماشہ پانی میں ملا کر پلائیں۔
درد گردہ کو دور کرتی ہے اور پتھری کنکر کو خارج کرتی ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دوائے استسقاء

ھوالشافی:

سونٹھ	چار تولہ
مرچ سیاہ	دو تولہ
نوشادر	تین تولہ
ہڑتال ورقیہ	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

پہلے ہڑتال ورقیہ کو عرق کو میں چھ گھنٹہ کھرل کر کے خشک کریں۔ بعد میں باقی ادویات کو رگڑ کر چھان کر ملا کر کر چار گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، ایک ماشہ شام، عرق کو دس تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ:

استسقاء، درد جگر، درد پتہ، بلغمی بخار کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

ضماد برائے استسقاء

ھوالشافی:

مغز املتاس دو تولہ، کو خشک دو تولہ، آٹا جو دو تولہ، ناخونہ ایک تولہ، گل بابونہ ایک تولہ، آب کو چھ تولہ، سرکہ دو تولہ، گل روغن ایک تولہ۔

ترکیب:

تمام ادویات کو گھوٹ کر پیٹ پر لیپ کریں۔ دن میں ایک بار لیپ کریں

نسخہ مقوی برائے استسقاء:

ھوالشافی:

کلیجہ بکرا ایک تولہ، ٹماٹر ایک عدد، مرچ سیاہ سات عدد، گلوکوز دو تولہ گھوٹ کر پانی دس تولہ ملا کر مریض کو صبح کے وقت پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تسممِ بولی

بسبب برودت گردہ

ھوالشافی:

تگر	بھکھڑا
دار چینی	مصبر

ترکیب:

تمام ادویات کو ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر چار چار رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام، پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض طحال

ورم طحال

ھوالشافی:

سہاگہ	پانچ تولہ
نوشادر ٹھیکری	پانچ تولہ
رائی	پانچ تولہ

ترکیب: تمہ کے پانی میں رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ سرکہ ایک تولہ، عرق کو دس تولہ ملا کر پلائیں۔

فوائد:

ورم طحال کے علاوہ ورم جگر اور قبض کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

مولی کا اچار

برائے ورم طحال

ھوالشافی:

مولی پانچ سیر لے کر ٹکڑے ٹکڑے کریں۔ اس میں نوشادر تین تولہ، قلمی شورہ پانچ تولہ، رائی پانچ تولہ، سرکہ انگوری ایک بوتل، نمک طعام، مرچ سرخ حسب منشا ملا کر رکھیں۔ اچار تیار ہے۔ دونوں وقت روٹی سے کھلائیں۔

نوٹ:

نوشادر اور قلمی شورہ، رائی کو باریک کر کے ڈالیں

نسخہ دیگر برائے ورم طحال:

ھوالشافی:

انجیر دو پاؤ، نوشادر دس تولہ، سرکہ دو بوتل چینی کے مرتبان میں ڈال کر رکھیں۔ مرتبان کا منہ بند کریں۔ بارہ دن کے بعد صبح دو عدد انجیر کھلا کر عرق سونف پانچ تولہ پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

پتہ کی پتھری

ھوالشافی:

پوست بیخ کنیر سفید	پانچ تولہ
پوست بیخ کنیر سرخ	پانچ تولہ
دودھ گائے	پانچ تولہ

ترکیب:

کنیر کی جڑوں کے پوست کو کوٹ کر دودھ میں پکا کر ضامن لگا کر رڑک کر مکھن نکال کر گھی تیار کریں۔ شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:

چار رتی سے ایک ماشہ تک چینی میں ملا کر استعمال کر کے بعد میں چاء وغیرہ نوش کریں صبح شام استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض جلد

روغن برائے گھنمبیر خنازیر :

ھوالشافی:

سانپ کی کینچلی	ایک تولہ (پنساریوں سے مل جاتی ہے)
تیل کنجد	ایک پاؤ۔

ترکیب:

کینچلی کو تیل میں ڈال کر لوہے کی کڑاہی میں پکائیں جب کینچلی جل جائے سرد ہونے پر تیل کو چھان کر زخموں پر لگائیں مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ برائے امراض خبیثہ

ھوالشافی:

سم الفار	ایک تولہ
دار چکنہ	ایک تولہ
ورقیہ	ایک تولہ
پارہ	ایک تولہ
رسکپور	ایک تولہ
شنگرف	ایک تولہ
تیزاب گندھک	پانچ تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر آتشی شیشی سنہپٹ شدہ میں ڈال کر تیزاب گندھک ڈالیں۔ کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب دھواں بند ہو سرد ہونے پر شیشی سے دوا نکال کر رگڑیں۔ دو سیر پانی ڈال کر رکھیں۔ جب دوا تہ نشین ہو جائے تو پانی نتھار دیں اسی طرح تین بار پانی نتھاریں۔ تمام تیزابی مادہ خارج ہو گا خشک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

دو چاول ہمراہ مکھن بعد از غذا۔

فائدہ:

آتشک، سوزاک، خنازیر، گھمبیر، بھگندر، ناسور کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ آتشک

ھوالشافی:

دار چکنہ	تین ماشہ
رسکپور	تین ماشہ
شنگرف	تین ماشہ
تخم بھنگ	تین ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک: دو رتی

ترکیب:

قیمہ گوشت بکرا ایک پاؤ، گھی دس تولہ، نمک مرچ سرخ گرم مصالحہ ڈال کر گوشت کو پکائیں۔ جب اچھی طرح قیمہ گوشت پک جائے اس میں دوا مذکور ڈال کر چند منٹ اور پکائیں رات کے وقت کھلا کر فوراً گرم پانی سے مسواک کریں دانتوں کو اچھی طرح صاف کریں۔ مریض کو تمام رات سونے نہ دیں۔ صبح کو مریض دو تین اسہال سیاہ رنگ کے آئیں گے۔ مریض کو بیسنی روٹی گھی سے دیں۔ یہ دوا سات دن کھلائیں۔ سات دن تک مریض کو نہانے نہ دیں۔ آبدست بھی گرم پانی سے کرائیں۔ ایک ہفتہ میں مریض تندرست ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

مرض سوزاک

اصول علاج پہلے:

قلمی شورہ تین ماشہ، الائچی خورد تین ماشہ، زیرہ سفید تین ماشہ، ریوند چینی تین ماشہ۔ تمام ادویات کو رگڑ کر تین بار دن میں کچی لسی کے ہمراہ دیں۔ اس میں پیشاب کی نالی صاف ہو گی۔ بعد میں یہ نسخہ استعمال کریں۔

ھوالشافی:

روغن صندل	ایک تولہ
ست بہروزہ	ایک تولہ
تخم بھنگ	ایک تولہ

ترکیب:

ست بہروزہ اور تخم بھنگ کو رگڑ کر روغن صندل ملا کر پیس کر چودہ خوراک بنائیں۔

خوراک:

ایک خوراک صبح، ایک خوراک شام، شربت بزوری کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس نسخہ کے استعمال سے پیشاب کی جلن اور پیپ کا آنا بالکل ختم ہو گا، مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ سوزاک

عرق نیلا تھوتھہ

ھوالشافی:

نیلا تھوتھہ ایک پاؤ لے کر باریک کر کے رکھیں۔

ایک دیگچہ قلعی شدہ کے درمیان نصف اینٹ رکھیں۔ اینٹ کے چاروں طرف نیلا تھوتھہ باریک شدہ ڈالیں۔ اینٹ پر چینی کی پیالی رکھیں۔ دیگچہ کے اوپر دوسرا دیگچہ جس کا پینڈا بالکل صاف ہو رکھیں۔ اوپر والے دیگچہ کو پانی سے بھر دیں۔ نیچے والے دیگچہ کے منہ اور اوپر والے دیگچہ کے پینڈے کے درمیان آٹا لگائیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ درمیانی آگ جلائیں ایک گھنٹہ میں تمام نیلا تھوتھہ کا عرق نکل کر پیالی میں جمع ہو گا۔ شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

مقدار خوراک:

دو بوند مکھن میں ملا کر صبح و شام کھلائیں۔ اوپر سے پلائیں چند روز کھلانے سے مریض تندرست ہو گا۔

سل کے مریضوں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ جوہر رسکپور

برائے سوزاک

ھوالشافی:

رسکپور ایک تولہ' کافور دو تولہ

ترکیب ساخت:

اول رسکپور کو خوب باریک کر کے کافور ملا کر بہت باریک کریں۔ مٹی کے پیالہ میں دوا ڈال کر دوسرا پیالہ اس کے اوپر دیں۔ دونوں کے لب اچھی طرح مل جائیں۔ پیالوں کے ملے ہوئے لبوں پر مٹی لگا کر خشک کریں بعد میں چولہے پر چڑھا کر ایک گھنٹہ تک درمیانی آگ جلائیں۔

اوپر والے پیالہ پر کھدر کا کپڑا پانی میں تر کر کے رکھیں۔ کپڑے کو گرم نہ ہونے دیں بار بار بدلتے رہیں۔

ایک گھنٹہ میں جوہر تیار ہو گا' سرد ہونے پر جوہر کو کھرچ کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

دو چاول صبح' دو چاول شام ہمراہ مکھن دیں۔

نوٹ: جب پیالوں کے لبوں کو کھولیں۔ زہریلی گیس سے منہ' ناک اور آنکھوں کو بچائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ سوزاک

ھوالشافی:

کتھہ سفید	پانچ تولہ
کشتہ پھٹکڑی بیروزہ والا	پانچ تولہ
کشتہ کوڑی زرد افیون والا	پانچ تولہ
گڑ پرانا	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ شربت صندل دو تولہ، شربت بزوری دو تولہ پانی ایک پاؤ میں ملا کر پلائیں۔

کشتہ پھٹکڑی بہروزہ کی ترکیب:

پھٹکڑی اور بہروزہ کو رگڑ کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے دو سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا باریک کر کے مذکورہ بالا نسخہ شامل کریں۔

ترکیب کشتہ کوڑی:

ھوالشافی:

کوڑی زرد	پانچ تولہ
افیون	تین ماشہ

ترکیب:

نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔ مذکورہ بالا نسخہ میں ڈالیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض مقعد

بھگندر

ھوالشافی:

رسکپور ڈلی	ایک تولہ
گندھک آملہ سار	بارہ تولہ

ترکیب:

رسکپور کی ڈلی کو بڑے چمچہ میں رکھ کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ گندھک باریک شدہ کی چٹکی ڈالتے جائیں۔ جب گندھک ختم ہو جائے۔ کڑچھی کو آگ سے اتار کر رسکپور کو باریک کرکے رکھیں۔

خوراک:

دو چاول ہمراہ مکھن صبح ناشتہ کے بعد دیں۔ چودہ روز کافی ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن برائے بھگندر

ھوالشافی:

روغن کنجد	دس تولہ
روغن لونگ	چھ ماشہ
روغن نیم	چھ ماشہ
کاربالک ایسڈ	ایک تولہ
کلورل ہائیڈریٹ	تین ماشہ
ست پودینہ	ڈیڑھ ماشہ
رتن جوت	نو ماشہ
کافور	چھ ماشہ

ترکیب تیاری:

پہلے رتن جوت کو تیل کنجد میں جلائیں' بعد ازاں باقی ادویات ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

پھریری بھگندر پر لگائیں۔ بواسیر کے مسوں پر لگانے سے درد و جلن اور ورم وغیرہ دور ہو جاتے ہیں۔ زخم ہر قسم کے واسطے مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن برائے بواسیر مسی

ھوالشافی:

روغن گائے	ایک پاؤ
رسکپور	تین ماشہ
دار چکنہ	تین ماشہ
سم الفار	دو ماشہ
نیلا تھوتھہ	ایک ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر روغن زرد میں خوب پکائیں۔ آگ سے اتار کر کپڑے سے چھان لیں۔ اس میں کاربالک ایسڈ تین ماشہ' کافور تین تولہ حل کریں۔ روغن تیار ہے۔

مسوں پر لگائیں' متواتر لگاتے رہیں۔ مسے خشک ہو کر گر جائیں گے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ بواسیر

ھوالشافی:

کتھہ گلابی	پانچ تولہ
رسوت	پانچ تولہ
پھٹکڑی بریاں	پانچ تولہ
بھنگ	پانچ تولہ
قلمی شورہ	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ کر نیم پتوں کے پانی میں رگڑ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح' دو گولی شام ہمراہ دودھ دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

برائے بواسیر

ھوالشافی:

رسوت	پانچ تولہ
مصبر	پانچ تولہ
پھٹکڑی سرخ بریاں	پانچ تولہ
گڑ پرانا	ایک پاؤ
ست گلو	پانچ تولہ
مغز نیم	پانچ تولہ
چاکسو	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو خوب کوٹ کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح ہمراہ مکھن، شام کو تین ماشہ ہمراہ دودھ دیں مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

بواسیر ریحی
و
تیزابیت معدہ

ھوالشافی:

گوگل	دو تولہ
مصبر	دو تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر آب گھیکوار میں نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ دودھ دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے بواسیر

کم خرچ سہل الحصول - تیاری آسان' فائدہ معیاری

ہوالشافی:

ریوند خطائی حسب منشاء لے کر باریک کریں۔ آب پتہ بکرا سے خوب تر کر کے باریک رگڑ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح اور دو گولی شام ہمراہ آب سرد کے دیں۔

فوائد:

ہر قسم کی بواسیر کا بہترین علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب بواسیر

ہوالشافی:

مغز نیم	اڑھائی تولہ
مغز تخم سرس	اڑھائی تولہ
ریوند خطائی	پانچ تولہ
رسوت	پانچ تولہ
گائے کے پتہ کا پانی	پندرہ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر آب زہرہ گاؤ میں رگڑ کر نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام ہمراہ دودھ کے استعمال کریں۔ بہت کامیاب علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

بواسیر خونی و بادی

ھوالشافی:

مرداسنگ	پانچ تولہ
سمندر جھاگ	پانچ تولہ
فلفل دراز	پانچ تولہ
ہلیلہ سیاہ	پانچ تولہ
کشتہ صدف	پانچ تولہ
کشتہ کوڑی زرد	پانچ تولہ
نیلا تھوتھا	ایک تولہ

ترکیب: تمام ادویات کو سات یوم تک آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ گولی کو عرق سونف میں گھس کر مسوں پر لگائیں۔ کچھ دن متواتر لگانے و کھانے سے مسے خود بخود خشک ہو کر گر جائیں گے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اکسیر بواسیر

ھوالشافی:

نوشادر	ایک تولہ
نیلا تھوتھا	ایک تولہ
دار چکنا	ایک تولہ
رسکپور	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات ڈلیوں کی شکل میں نمک خوردنی ایک سیر کے درمیان کڑاہی میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں جب نمک پر دانہ گندم بریاں ہو جائے کڑاہی کو آگ سے اتار کر سرد ہونے پر نمک کے دابو سے ادویات کو نکال لیں جو نمک ادویات کے ساتھ لگا ہو اس کو ادویات کے ساتھ رہنے دیں' خوب باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

آدھی رتی ہمراہ مکھن پانچ تولہ کے صبح ناشتہ کے بعد دیں۔
یہی ادویات انگلی سے لگا کر مسوں پر لگائیں۔ مسوں سے پانی خارج ہو گا
چند یوم دوا کھلانے اور لگانے سے مسے گر جائیں گے آزمودہ ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حبوب برائے بواسیر

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار
مصبر
زنگ ہرڑ
مغز نیم
میٹھا تیلیا
بھلاوے
تخم مولی
گوگل
رسوت
چھمکنوتی
چاکسو
کچلہ مصفی
مرچ سیاہ
چھل ریٹھے

تمام ادویات کو آب مولی میں رگڑ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بواسیر کا آزمودہ علاج ہے۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب بواسیر

ھوالشافی:

بھنگ	پانچ تولہ
بھنگرہ	پانچ تولہ
برہم ڈنڈی	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو آب مولی میں رگڑ کر چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ خنازیر

ھوالشافی:

لوٹا سجی پانچ تولہ، نوشادر ایک تولہ، سہاگہ ایک تولہ، مردا سنگ ایک تولہ، نیلا تھوتھہ ایک تولہ، دار چکنہ ایک تولہ، رسکپور ایک تولہ، سم الفار تین ماشہ، موم شہد والی پانچ تولہ، تیل سرسوں دس تولہ۔

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں۔ سرسوں کے تیل میں موم کو پگھلا کر تمام ادویات کا سفوف اس میں شامل کر کے گھوٹیں مرہم تیار ہے۔

خنازیر کی گلٹیوں پر لگاتے رہیں۔۔ اگر خنازیر کی گلٹیاں کچی ہوں گی تو تحلیل ہو جائیں گی۔ اگر پختہ ہوں گی تو پھوٹ جائیں گی۔

مرہم:

یہ مرہم خنازیر کے زخموں کو بہت جلد اچھا کرتی ہے۔

ھوالشافی:

جدوار خطائی دو تولہ، دہی دس تولہ، جدوار خطائی کو رگڑ کر دہی ملا کر خوب گھوٹیں۔ مرہم تیار ہے۔ زخموں پر لگائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے ہنجیراں (خنازیر)

ھوالشافی:

دار چکنہ	ایک تولہ
رسکپور	ایک تولہ
کتھہ گلابی	تین تولہ
لونگ	تین تولہ
بھیڑ کا دودھ	آدھ سیر

ترکیب:

تمام ادویات کو دودھ میں رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح بعد از ناشتہ مکھن پانچ تولہ کے ہمراہ دیں۔ ایک گولی شام کو دیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن اندمالی

ھوالشافی:

مغز نیم	پانچ تولہ
شیر دار	پانچ تولہ
تمباکو تلخ	پانچ تولہ
نیلا تھوتھا	ایک تولہ
افیون	تین ماشہ
سانپ کی کینچلی	تین ماشہ
جدوار خطائی	ایک تولہ
روغن زیتون	ایک پاؤ
روغن تارا میرا	ایک پاؤ

تمام ادویات کو کوٹ کر روغنیات میں ڈال کر پکائیں۔ جب ادویات جل جائیں تیل کو چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب:

زخموں پر دن میں تین بار لگائیں۔

فائدہ:

خنازیر، کھمبیر، ناسور، بھگندر کو مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مرہم

داد، چنبل، زخم، خنازیر، بھگندر، بواسیر مسی

ھوالشافی:

رسکپور	تین ماشہ
سہاگہ بریاں	چھ ماشہ
ورقیہ	چھ ماشہ
رال سفید	چھ ماشہ
ویزلین	دس تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو مثل غبار باریک کر کے ویزلین ملا کر رکھیں۔

مرہم تیار ہے۔ شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

امراض جلد میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ جست برائے گھمبیر

ھوالشافی:

جست حقہ میں استعمال شدہ	ایک حصہ
نوشادر ٹھیکری	دو حصہ

ترکیب ساخت:

جست کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ جب جست پگھل جائے نوشادر باریک شدہ کی چٹکی ڈالتے جائیں۔ لوہے کی سلاخ سے جست کو ہلاتے رہیں۔ جب تمام نوشادر ختم ہو جائے کڑاہی کو آگ سے اتار کر باریک پیس کر کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

کشتہ جس مذکور ایک تولہ، مکھن دس تولہ ملا کر گھمبیر کے زخم پر روزانہ ایک بار لگائیں۔ زخم کے گندے مواد کو چند روز میں خارج کر دیتا ہے۔ جب زخم بالکل صاف ہو جائے کشتہ جست مذکور ایک تولہ، مکھن بیس تولہ ملا کر رکھیں۔ زخم پر لگاتے رہیں۔ بہت کامیاب علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ محلل الاورام خنازیری

ھوالشافی:

جدوار خطائی	دو تولہ
سہاگہ	ایک تولہ
شہد	پانچ تولہ
سرکہ انگوری	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

اول جدوار خطائی کو باریک کریں۔ بعد سہاگہ باریک کر کے ملا کر سرکہ انگوری میں خوب گھوٹیں۔ بعد شہد ملا کر گھوٹ کر رکھیں مرہم تیار ہے۔

فائدہ:

خنازیر، گھمبیر، بھگندر کے زخموں کو صاف کرتا ہے اور زخموں کو بھرتا ہے، زخموں پر لیپ کریں۔

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

دوائے جلد

ھوالشافی:

دار چکنہ	چھ ماشہ
چھل ریٹھہ	بیس تولہ
صابن لکس	بیس تولہ

ترکیب:

اول دار چکنہ کو باریک کریں۔ پھر پوست ریٹھہ کو باریک کر کے ملا دیں۔ پھر صابن ملا کر خوب کوٹ کر پانی تھوڑا تھوڑا ملا کر کوٹ کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں ایک گولی پانی میں گھس کر لگائیں۔

فوائد:

دار چنبل، برص، بہق سے بواسیر پر لگائیں مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ضعف باہ نامردی

بسبب عضو مخصوص، کجی کوتاہی، لاغری

غلط کاریوں کے سبب سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے

اصول علاج:

نسخہ تکمید (ٹکور)

ھوالشافی:

سم الفار سفید، تین ماشہ	ورقیہ ہڑتال، چھ ماشہ
سورنجاں شیریں، چھ ماشہ	دار چینی، چھ ماشہ
شنگرف، چھ ماشہ	مالکنگنی، چھ ماشہ
جائفل، چھ ماشہ	لونگ، چھ ماشہ
مغز ارنڈ، چھ ماشہ	برادہ دندان فیل، چھ ماشہ
کچلہ کوفتہ، چھ ماشہ	

تمام ادویات کو کوٹ کر چودہ پوٹلیاں بنائیں۔

دو عدد پوٹلیاں لے کر ایک پاؤ دودھ بھیڑ میں پکا کر گرم گرم ٹکور کریں۔ دونوں پوٹلیوں کی باری باری سے ٹکور کریں۔ روزانہ رات کے وقت ٹکور کریں۔ ایک ہفتہ عضو خاص کو سرد پانی سے بچائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نامردی

ھوالشافی:

سم الفار سفید	ایک ماشہ
شنگرف	تین ماشہ
زعفران	تین ماشہ
افیون	تین ماشہ
کشتہ فولاد	تین ماشہ
بیربہوٹی	تین ماشہ
شیر برگد	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو شیر برگد میں رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ برائے نامردی

چالیس سال کی عمر کے بعد کھلانے والا نسخہ

کشتہ تانبہ

ھوالشافی:

پیسہ تانبہ	پانچ تولہ
سم الفار	ایک تولہ
شنگرف	ایک تولہ
ہڑتال ورقیہ	ایک تولہ
پارہ	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

تانبہ کو گندھک آملہ سار دس تولہ کے درمیان کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کو کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر تانبہ کو کھرل میں ڈال کر باریک کریں اس میں سم الفار ایک ماشہ' ورقیہ ایک ماشہ' شنگرف ایک ماشہ' پارہ ایک ماشہ گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح چھ آگ دیں۔ اس کے بعد مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق شیر مدار میں کھرل کر کے پیس کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

دو تا چار چاول صبح ناشتہ کے بعد ہمراہ مکھن کھلا کر دودھ پلائیں۔

فائدہ:

نامردی' فالج' رعشہ' لقوہ کو بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

احتلام

ھوالشافی:

مغز املی	پانچ تولہ
مومیائی کیکر	ایک تولہ
افیون	تین ماشہ
کافور	تین ماشہ
کشتہ قلعی	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام، ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ احتلام

ھوالشافی:

مغز املی	نو تولہ
کچلہ مصفی	ایک تولہ

ترکیب:

خوب باریک رگڑ کر پانی کی مدد سے دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ دودھ دیں۔

فائدہ:

بوڑھوں کے احتلام و جریان کے واسطے مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

جریان

ھوالشافی:

مغز تخم املی	پانچ ولہ
سنگجراحت	پانچ تولہ
چھلکا اسپغول	پانچ تولہ
کشتہ قلعی	ایک تولہ
کشتہ مرجان	ایک تولہ
چینی	ایک پاؤ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک: چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد:

جریان احتلام، سرعت، رقت منی کو مفید ہے۔

نسخہ دیگر:

ھوالشافی:

کیلہ کی جڑ لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے سایہ میں خشک کر کے رگڑ کر رکھیں۔

خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

اکسیر جریان

ھوالشافی:

ستاور	چار تولہ
ہلیلہ سیاہ بریاں کالی ہڑر	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک رگڑ کر چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام، دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ:

جریان، سرعت، رقت کو مفید ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم، کثرت حیض کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ جریان

ھوالشافی:

قلعی ایک تولہ، سکہ ایک تولہ، پارہ مصفیٰ، سرد چینی، طباشیر، الائچی خورد، تج، ہر ایک تین تین تولہ۔

ترکیب ساخت:

مٹی کی پیالی میں پانچ تولہ پگھلا ہوا گھی ڈالیں۔ پھر قلعی اور سکہ کو پگھلا کر گھی میں ڈالیں۔ اس طرح سات بار یہ عمل کریں، قلعی اور سکہ صاف ہو جائیں گے۔
اس کے بعد قلعی اور سکہ کو پگھلا کر پارہ میں ڈالیں۔
تینوں اجزاء ایک ہو جائیں گے۔ آٹھ پہر تک خوب رگڑتے ہیں۔اس کے بعد باقی ادویات کوٹ کر چھان کر اس میں ملا دیں۔ خوب رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح کے وقت دودھ کے ہمراہ دیں۔ صرف سات دن دوا کھلائیں۔

نوٹ:

پارہ کو کھدر کے کپڑے میں چند بار چھان لیں مصفیٰ ہو گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

جریان

ھوالشافی:

ترپھلہ تین تولہ، کافور ایک تولہ، تخم بھنگ ایک تولہ، تخم دھتورہ ایک تولہ، کشتہ قلعی ایک تولہ، رسوت ایک تولہ مغز تخم املی پانچ تولہ، طباشیر ایک تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔

پوست ڈوڈا	پانچ تولہ
پھلی کیکر	پانچ تولہ
داہڑی بوہڑ	پانچ تولہ

ان تینوں اشیاء کو باریک کر کے ایک سیر پانی ڈال کر پکائیں۔ جب ایک پاؤ پانی باقی رہے چھان کر اس میں مذکورہ بالا ادویات رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ دودھ دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

جریان

قانون کلیہ

تسکین تغلیظ

ھوالشافی:

بہیدانہ — تخم کاہو
بیج بند — گوند کتیرہ
گوند کیکر — سنگھاڑہ
برادہ اسپغول — تالمکھانہ
الائچی

تمام ادویات پانچ پانچ تولہ کشتہ قلعی بھنگ والا دو تولہ۔ چینی ہم وزن تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

خوراک:

چھ ماشہ، صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ذکاوت حس و سرعت انزال

قانون کلیہ

ھوالشافی:

یہ ایک ایسا مرض ہے جو مجلوق (مشت زنی کرنے والے) اشخاص کو پیدا ہو جاتا ہے۔

علامات مرض:

ذرا شہوانی خیال آنے سے مادہ منویہ خارج ہونے لگ جاتا ہے۔

علاج:

تبرید تسکین

ھوالشافی:

تخم کاہو — تخم خرفہ
دھنیا — خشخاش
چہار مغز — نیلوفر
ہر ایک پانچ پانچ تولہ

تمام ادویات کو کوٹ کر پانی دو سیر میں شام کو بھگو کر رکھیں۔ صبح جوش دے کر نصف رہے مل چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک: تین تولہ صبح، تین تولہ شام پانی ایک پاؤ ملا کر پلائیں۔

حب برائے ذکاوت حس:

صندل سفید	ایک تولہ
کافور	چھ ماشہ
اجوائن خراسانی	ایک تولہ
تخم بھنگ	ایک تولہ
کشتہ قلعی پارے شورے والا	ایک تولہ
کشتہ صدف	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے پوست ڈوڈا پانچ تولہ کے جوشاندہ سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ شربت مذکورہ بالا کے دیں۔

الحمد للحی القیوم
لااللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

سفوف کافوری

ھوالشافی:

پارہ	ایک تولہ
طباشیر	دو تولہ
کافور	ایک تولہ
قلعی	ایک تولہ
الائچی	دو تولہ

ترکیب:

اول قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ملائیں قلعی اور پارے کے آمیزے کو پتھر کے کھرل میں ڈال کر باریک کر کے پانی ایک سیر ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب تک سیاہی نکلتی رہے اس عمل کو جاری رکھیں۔ اس میں تمام ادویات رگڑ کر اس میں خوب کھرل کریں۔ جب چمک ختم ہو جائے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

فائدہ: جریان، احتلام، سرعت انزال، ذکاوت حس کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
لااللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

اکسیر سرخ

ھوالشافی:

شنگرف	ایک تولہ
ورق چاندی	ایک تولہ
دانہ الائچی خورد	ایک تولہ
سیماب	ایک تولہ
طباشیر	ایک تولہ
آب لیموں	دس تولہ

ترکیب:

بغیر دانہ الائچی خورد کے تمام ادویات آب لیموں میں خوب کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے دو سیر پانی ڈال کر خوب حل کر کے رکھیں۔ جب دوا تہ نشین ہو جائے پانی نتھار دیں اسی طرح چند بار کریں۔ تمام ترشی نکل جائے۔ بعد میں طباشیر، دانہ الائچی خورد باریک کر کے دوا مذکور میں ملا کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد:

مقوی باہ، دافع جریان، نزلہ دائمی، کثرت بول، ضعف دماغ و اعصاب میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

طلاء برائے مجلوق

نمبر 1

جب کہ سرعت انزال، کجی، لاغری لازمی علامات ہوں۔

ھوالشافی:

روغن الائچی	تین حصہ
کافور	ایک حصہ
روغن صندل	چار حصہ
کجلی پارہ گندھک	ایک حصہ

تمام کو ملا کر رکھیں۔ طلا تیار ہے، عضو خاص پر مالش کریں۔

طلاء نمبر 2 استرخائی

جب کہ عضو خاص ٹھیک حالت پر ہو بلکہ لمبائی کچھ زیادہ ہو۔

ھوالشافی:

روغن بیضہ مرغ	ایک حصہ
روغن دار چینی	چار حصہ
روغن لونگ	چار حصہ
روغن جائفل	چار حصہ
بیر بہوٹی	آٹھ حصہ

بیر بہوٹی کو رگڑ کر باقی روغن ملا کر رکھیں۔ طلا تیار ہے۔ عضو خاص پر مالش کریں۔

طلاء نمبر 3

جب کہ شہوت میں کمی ہو، عضو خاص میں سکیڑ ہو۔

ھوالشافی:

روغن جمال گوٹہ ایک حصہ۔ روغن اجوائن (ڈاکٹری نام، اولیم تھائی مول)، تین حصہ۔ روغن رائی (ڈاکٹری نام مسٹرڈ آئل) چار حصہ۔

تمام کو ملا کر حشفہ سیون کو چھوڑ کر معمولی سی مالش کریں۔ جب عضو پر دانے پھنسیاں نکل آئیں مالش بند کر کے گھی لگائیں اس طرح چند بار کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

طلاء برائے مجلوق

ھوالشافی:

چربی بکرا	1 تولہ
چربی مرغ	دو تولہ
چربی سانڈہ	دو تولہ
چربی شیر	دو تولہ
روغن بیضہ مرغ	پانچ تولہ
روغن زیتون	پانچ تولہ
روغن چنبیلی	پانچ تولہ

تمام روغنوں کو گرم کر کے تمام چربیوں کو اس میں پگھلا کر رکھیں۔

بعدہ:

سم الفار سفید ایک ماشہ، زعفران تین ماشہ، لونگ تین ماشہ، جائفل تین ماشہ، جلوتری تین ماشہ، جونک تین ماشہ، کینچوہ مصفی تین ماشہ، عقرقرحا تین ماشہ، دار چینی تین ماشہ، بیربہوٹی تین ماشہ۔

تمام ادویات کو بہت باریک کر کے مذکورہ بالا پگھلے ہوئے روغنوں، چربیوں میں ملا کر خوب گھوٹ کر رکھیں۔

طلاء تیار ہے رات کو عضو خاص پر مالش کر کے برگ پان یا برگ ارنڈ باندھیں۔ جب تک مریض ٹھیک نہ ہو مالش کرتے رہیں۔

نوٹ:

اگر مریض کے عضو پر پھنسیاں نکل آئیں تو طلاء کا استعمال بند کر کے گرم گھی لگاتے رہیں۔ جب پھنسیاں ٹھیک ہو جائیں پھر طلاء کا استعمال شروع کریں۔ عضو خاص کو سرد پانی سے بچائیں۔

فائدہ:

کجی، کوتاہی، لاغری، استرخائی کیفیت کو دور کرنے کے واسطے بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

طلاء مجرب

ھوالشافی:

زفت رومی، ایک تولہ
جونک، ایک تولہ
کینچوہ، ایک تولہ
بیر بہوٹی، ایک تولہ
جند بید ستر، چھ ماشہ
عقرقرحا، چھ ماشہ
لونگ، چھ ماشہ
جائفل، چھ ماشہ
زعفران، تین ماشہ
روغن زیتون، دس تولہ
روغن بیضہ مرغ، دس تولہ
روغن سانڈہ، دس تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو خوب رگڑ کر تمام روغنوں کو اس میں ملا کر چار پہر رگڑائی کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

رات کو عضو مخصوص پر مالش کر کے برگ ارنڈ باندھیں، صبح گرم پانی سے دھوئیں۔

فوائد:

سستی، کجی، کوتاہی کے واسطے اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

طلاء

ھوالشافی:

کینچوہ	جونک
بیر بہوٹی	پوہکر مول
جائفل	جلوتری
لونگ	روغن کنجد ایک پاؤ

تمام ادویات کو رگڑ کر روغن کنجد میں پکا کر چھان کر رکھیں۔ اس روغن میں

افیون	تین ماشہ
زعفران	تین ماشہ
چربی شیر	ایک تولہ

افیون، زعفران وغیرہ کو باریک کر کے روغن بالا میں ملائیں۔ چربی شیر کو گرم کر کے روغن مذکور میں شامل کریں۔ طلاء تیار ہے۔

رات کے وقت حشفہ سیون چھوڑ کر طلا کر کے برگ ارنڈ باندھیں عضو مخصوص پر سرد پانی نہ لگنے دیں۔ مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نقص منی

نسخہ مغلظ و مولد منی و کرم منی و مقوی باہ:

ھوالشافی:

موصلی سفید	پانچ تولہ
ثعلب مصری	پانچ تولہ
رومی مصطگی	پانچ تولہ
کینچوہ مصفی	پانچ تولہ
زعفران	ایک تولہ
تخم الائچی خورد	ایک تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے چھان کر خوب ملا کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام، دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نقص منی

فاسد و ناقص منی سے کرم منی پیدا نہیں ہوتے یا کم تعداد میں پیدا ہوتے ہیں ایسا شخص اولاد سے محروم رہتا ہے۔

نسخہ مصفی خون و منی:

ھوالشافی:

شاہترہ، چرائتہ، منڈی، عناب، سرپھوکہ، ہلیلہ زنگی، صندل سرخ، عشبہ، ہر ایک پانچ پانچ تولہ تمام ادویات کو کوٹ کر رکھیں۔

خوراک: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام پانی میں بھگو کر مل چھان کر شہد ملا کر اکیس دن تک استعمال کریں۔

نسخہ دیگر:

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار نو تولہ، پارہ مصفی ایک تولہ، خوب رگڑ کر کجلی تیار کر کے شیشی میں رکھیں خوراک چار رتی صبح و شام ہمراہ نسخہ مصفی خون و منی کے استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

امراض مثانہ

سنگ مثانہ

ھوالشافی:

قلمی شورہ	ایک تولہ
عقرب	ایک تولہ
بیٹ کبوتر خشک	ایک تولہ
کشتہ کچ سفید	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

چار رتی صبح شام ہمراہ آب مولی یا شربت بزوری کے دیں۔

ترکیب کشتہ کچ:

کچ سفید پانچ تولہ لے کر آب مولی میں خوب کھرل کر کے خشک ہونے پر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین آگ دیں کشتہ تیار ہے رگڑ کر رکھیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف مثانہ

کثرت بول یا قطرہ پیشاب کا آنا' اکثر یہ مرض بوڑھوں کو ہوتا ہے۔

ھوالشافی:

پارہ	ایک تولہ
ورق چاندی	ایک تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ
میٹھا تیلیا مصفی	ایک تولہ

ترکیب:

اول پارہ ورق چاندی کو ملا کر کھرل کریں۔ میٹھا تیلیا رگڑ کر ملا کر خوب کھرل کریں۔

خوراک:

ایک رتی صبح ہمراہ مکھن کے دیں۔

ترکیب میٹھا تیلیا مصفی کرنے کی:

میٹھا تیلیا کو ایک سیر دودھ میں پکائیں جب دودھ ایک پاؤ رہ جائے میٹھا تیلیا کو دھو کر خشک کر کے نسخہ میں شامل کریں۔

فوائد:

کثرت بول' نزلہ دائمی اور ضعف باہ میں بھی اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

بول الدم

پیشاب میں خون آنا

ھوالشافی:

کہربا	ایک تولہ
طباشیر	ایک تولہ
سنگ جراحت	ایک تولہ
کشتہ کوڑی زرد	ایک تولہ
پھٹکڑی بریاں	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ شربت انجبار کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ورم غدہ قدامیہ

ھوالشافی:

دارچکنہ	چھ ماشہ
رسکپور	چھ ماشہ
فلفل سیاہ	چھ ماشہ
گوگل بھینسا	ایک تولہ
کافور	نوماشہ
گوشت نیولہ خشک	دوتولہ

تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ناشتہ کے بعد آب پوست کیکر کے ساتھ کھلائیں صرف پانچ دن، اگر کچھ نقص رہے دو ہفتہ کے بعد تین دن اور استعمال کریں۔

گوشت نیولا خشک کرنے کی ترکیب:

دھنیا خشک چالیس تولہ کو باریک کر کے ایک توے پر نصف بچھائیں اس پر گوشت کا ٹکڑا رکھیں۔ باقی دھنیا اوپر رکھ دیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ خشک ہو گا۔ خیال رکھیں کہ گوشت جلنے نہ پائے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

بولی زلالی

بسبب ضعف گردہ

پیشاب میں البیومن (رطوبت بیضہ) پایا جانا

ھوالشافی:

سلاجیت	تین ماشہ
کشتہ مرجان	تین ماشہ
جڑپان	تین تولہ

ترکیب: باریک رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

دو ماشہ صبح دو ماشہ شام پانی یا عرق سونف سے دیں۔ گردوں کو طاقت ہو کر مرض دور ہو جاتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ ذیابطیس بارد

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
پارہ	ایک تولہ

دونوں کو رگڑ کر کجلی تیار کریں۔

کشتہ فولاد	پانچ تولہ
سلاجیت	دو تولہ
سم الفار سفید	ایک ماشہ

ترکیب:

اول سم الفار کو کھرل کریں۔ پھر باقی ادویات ملا کر خوب باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق ماء اللحم پانچ تولہ کے غذا کے ایک گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

ذیابطیس بارد مزمن کے واسطے اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

سفوف ذیابطیس

ھوالشافی:

تخم حرمل	دس تولہ
کینچوا مصفی	پانچ تولہ
سلاجیت	ایک تولہ
کچلہ مصفی	ایک تولہ
کشتہ فولاد	ایک تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

خوراک:

چار رتی صبح و شام ہمراہ مکھن دیں۔

فائدہ:

ذیابطیس، کثرت بول، درد اعصاب، ضعف باہ، نامردی میں اکسیر ہے۔

فائدہ: •

جن مریضوں کا مزاج سرد ہو ان کے واسطے مفید ہے جن مریضوں کا مزاج گرم ہو ان کو استعمال نہ کرنا چاہیے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

ذیابیطس بارد

حب زعفرانی

ھوالشافی:

زعفران	ایک تولہ
کچلہ مصفی	ایک تولہ
کشتہ ابرک سیاہ	ایک تولہ
سلاجیت	ایک تولہ
میٹھا تیلیا مصفی	ایک تولہ
کشتہ فولاد	ایک تولہ
کشتہ سونا	ایک ماشہ

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ دودھ یا مکھن کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

نسخہ ذیابیطس بارد

ھوالشافی:

تخم حرمل	ایک پاؤ
کشتہ بیضہ مرغ	دس تولہ
کشتہ فولاد	پانچ تولہ
کشتہ شنگرف	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

معجون برائے ذیابیطس حار

ھوالشافی:

آلو بخارا	ایک پاؤ
املی	ایک پاؤ
پودینہ جنگلی	پانچ تولہ
انار دانہ ترش	دس تولہ
زرشک شیریں	دس تولہ

ترکیب ساخت:

آل بخارا اور املی کو ڈیڑھ سیر پانی میں عشا کے وقت بھگوئیں صبح مل چھان کر چینی ملا کر قوام تیار کریں زرشک منقہ کے بغیر تمام ادویات کو کوٹ کر قوام میں شامل کریں بعد زرشک منقہ کو کوٹ کر قوام میں شامل کر کے گھوٹ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک تولہ صبح' ایک تولہ شام بعد غذا ہمراہ آب دیں۔

فوائد:

ذیابیطس' صفراوی بخار کی گھبراہٹ' قے' دست' حاملہ کی متلی وغیرہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ برائے ذیابیطس حار

ھوالشافی:

زمرد سبز	ایک تولہ
ورق چاندی	ایک تولہ
عقیق	ایک تولہ
شاخ مرجان	ایک تولہ
زہر مہرہ	ایک تولہ
صدف	ایک تولہ
یاقوت سرخ	ایک تولہ
سنگ یشب سبز	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ کو آگ سے نکال کر رگڑ کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: دو رتی صبح' دو رتی شام ہمراہ معجون مذکورہ کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

عرق آسو برائے ذیابیطس حار

ھوالشافی:

ترپھلہ ایک پاؤ' چھلی کیکر خشک ایک پاؤ' گٹھلی جامن ایک پاؤ' گٹھلی آم ایک پاؤ' گڑمار بوٹی ایک پاؤ' گلو ایک پاؤ' پوست ڈوڈا ایک پاؤ' اناردانہ' ایک پاؤ' برادہ فولاد ایک پاؤ' تخم کریلہ ایک پاؤ گڑ دو سیر' پانی سولہ سیر۔

ترکیب:

تمام ادویات کو نیم کوب کر کے ایک گھڑے میں ڈال کر پانی شامل کر کے گھڑے کا منہ بند کر کے روڑی یا توڑی میں چالیس دن دفن کریں بعد میں نکال کر چھان کر مقطر کر کے بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔

خوراک:

دو تولہ صبح' دو تولہ شام پانی میں ملا کر پلائیں۔ کشتہ کوڑی اس عرق کے ہمراہ دیں۔

نسخہ کشتہ کوڑی:

کوڑی زرد پانچ تولہ' بھنگ دس تولہ۔ بھنگ کو گھوٹ کر اس کے نغلہ میں کوڑی زرد لپیٹ کر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں دو رتی صبح' دو رتی شام ہمراہ عرق آسوہ کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

امراض مستورات

کثرت حیض بمعہ رینگن

یہ نسخہ اس کثرت حیض میں مفید ہے جس میں مریضہ کو رینگن کا درد بھی ساتھ ہو۔

ھوالشافی:

سقمونیا	ایک تولہ
زیرہ سیاہ	چار تولہ
مرچ سیاہ	چھ ماشہ
سرمہ سفید	تین تولہ
صندل سفید	سات تولہ

ترکیب: تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف تیار کریں۔

خوراک:

ایک ماشہ سوتے وقت دودھ کے ہمراہ استعمال کریں صبح کو کشتہ فولا دو رتی مکھن پانچ تولہ کے ہمراہ کھلائیں مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کثرت حیض

هوالشافی:

چڑا مشک والا سوختہ	پانچ تولہ

کائی سبز رنگ جو ٹھہرے ہوئے پانی کے اوپر تیرتی ہے۔ پانچ تولہ خشک کر کے دوا میں شامل کریں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام شربت صندل سے دیں۔

فوائد:

ہر قسم کے جریان خون کو روکنے کے واسطے اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کثرت حیض

هوالشافی:

کشتہ ہڑتال گئودنتی (تیار کردہ در نغدہ برگ نیم)	پانچ تولہ
طباشیر	پانچ تولہ
چھلکا اسپغول	پانچ تولہ
پوست ڈوڈا	پانچ تولہ
کہربا	دو تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

دو ماشہ صبح شام شربت انجبار کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کثرت حیض

ھوالشافی:

رسوت	پانچ تولہ
کشتہ کوڑی زرد	پانچ تولہ
سپاری تیلہ	پانچ تولہ
اجوائن خراسانی	ایک تولہ
کتھہ گلابی	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک گولی صبح ایک گولی شام شربت فولاد کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

بندش ایام و درد ایام

حرارت کے سبب سے مریض کے حیض میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے تو مریضہ کا مزاج صفراوی جسم دبلا ہو گا۔

نسخہ حیض کشا:

ھوالشافی:

مغز خربوزہ	پانچ تولہ
کاسنی	پانچ تولہ
زیرہ سفید	پانچ تولہ
قلمی شورہ	ایک تولہ
نوشادر	ایک تولہ

تمام ادویات رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری بارد کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

دردایام یا بندش ایام

حب حیض کشا:

ھوالشافی:

مصبر	چار تولہ
مرکی	چار تولہ
ہیراکسیس	ایک تولہ
زعفران	ایک تولہ
ہینگ	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے آب گھیکوار میں رگڑ کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ جوشاندہ حیض کشا کے دیں۔

فوائد:

دردایام یا بندش ایام، درد کمر، اختناق الرحم، جملہ تکالیف ایامی میں بہت مفید ہے ایام حیض کے دوران یہ گولیاں کھلائیں۔

نوٹ:

اگر ان گولیوں کے استعمال سے پیچش ہو جائے تو دوا کو روک دیں چھلکا اسپغول چھ ماشہ پانی میں گھول کر چینی ملا کر پلائیں۔

غذا: سابودانہ کھلائیں۔

نسخہ جوشاندہ حیض کشا:

ھوالشافی:

تخم کنبہ	چھ ماشہ
تخم خربوزہ	چھ ماشہ
سونف	چھ ماشہ
گلقند	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو آدھ سیر پانی میں پکائیں نصف رہنے پر چھان کر شہد ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

بندش ایام

کمئی خون سے ہو تو مقویات جگر، مولد خون ادویات دیں

حب برائے کمی خون:

ھوالشافی:

کشتہ فولاد	پانچ تولہ
پوست بلیلہ	پانچ تولہ
آملہ	پانچ تولہ
پوست بلیلہ	پانچ تولہ
مجیٹھ	پانچ تولہ

دہی میں رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ دہی کے استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

بندش ایام

بسبب موٹاپا

ھوالشافی:

ریوند خطائی	دس تولہ
قلمی شورہ	پانچ تولہ
نوشادر	پانچ تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ عرق سونف پانچ تولہ، عرق اجوائن پانچ تولہ، عرق پودینہ پانچ تولہ، شہد دو تولہ ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

درد ایام

بسبب برودت

اچانک سردی لگ جانے یا سرد پانی سے بھیگنے سے ایام رک جائیں تو یہ نسخہ استعمال کریں۔

نسخہ حیض کشا:

ھوالشافی:

میٹھا تیلیا	ایک ماشہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ

خوب باریک کر کے آب ادرک سے گولیاں بمقدار رتی رتی تیار کریں۔

خوراک:

ایک گولی صبح ایک گولی شام، گرم دودھ میں شہد ملا کر پلائیں۔

فوائد:

یہ گولیاں نزلہ، زکام کھانسی، درد اعصاب، درد معدہ، بخار، ذات الجنب، قے، دست کو مفید ہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

درد حیض

نسخہ حیض کشا:

ھوالشافی:

ابہل، اسارون، رائی، بالچھڑ، تمام ادویات ہم وزن لے کر کوٹ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

تین ماشہ عرق سونف پانچ تولہ، گاؤ زبان پانچ تولہ کے صبح و شام پلائیں۔

نسخہ دیگر:

ھوالشافی:

رائی، اسارون، رائی، ابہل، بالچھڑ، مصبر، تمام ادویات کو ہم وزن ایک ایک تولہ رگڑ کر حب بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح و شام ہمراہ منقہ سونف کے جوشاندہ سے پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دردایام ورمی

اکثر یہ مرض کثرت جماع سے پیدا ہوتا ہے۔ رحم پر ہاتھ لگانے سے درد میں زیادتی عورت کو چلنا پھرنا مشکل ہوتا ہے۔

نسخہ خوراکی:

ھوالشافی:

گل بنفشہ چھ ماشہ' برگ کمو ایک تولہ' منقیٰ دس دانے۔ تمام ادویات کو آدھ سیرپانی میں پکائیں۔ جب نصف رہے چھان کر گودہ املتاس دو تولہ گھول کر چینی موٹی سے چھان کر روغن بادام ایک تولہ ملا کر ریوند خطائی ایک ماشہ رگڑ کر منہ میں ڈال کر جوشاندہ مذکورہ صبح و شام پلائیں۔

ضماد محلل ورم رحم:

ھوالشافی:

مغز ارنڈ پانچ تولہ' منقیٰ ایک تولہ' مغز بادام ایک تولہ' پوست ڈوڈا چھ ماشہ' املتاس پانچ تولہ۔

تمام ادویات کو آب کمو میں گھوٹ کر رحم پر نیم گرم لیپ کریں۔

شافہ برائے ورم رحم:

ھوالشافی:

روغن ارنڈ میں نرم قسم کا کپڑا تر کر کے رحم کے اندر صبح و شام رکھوائیں ورم تحلیل ہو گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیرالرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سیلان رحم حار

عورت کا مزاج گرم، رطوبت رحمی غلیظ مائل برنگ زرد

نسخہ سفوف بارد:

ھوالشافی:

پھلی کیکر	پانچ تولہ
کشتہ فولاد	ایک تولہ
کشتہ قلعی	ایک تولہ
طباشیر	دو تولہ
دانہ الائچی خورد	دو تولہ
کشتہ صدف	دو تولہ
ورق چاندی	تین ماشہ

تمام کو رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت صندل کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سیلان الرحم بارد

عورت کا مزاج برودت کی طرف مائل ہوتا ہے

سفوف ثلاثہ:

ھوالشافی:

آملہ مقشر	تین تولہ
ہلیلہ سیاہ (کالی ہڑڑ)	تین تولہ
گندھک ڈنڈا	تین تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف تیار کریں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام گرمیوں میں پانی سے اور سردیوں میں چائے کے ساتھ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سیلان الرحم دیرینہ

جو پانی کی طرح بہتا ہو۔

ھوالشافی:

تخم حرمل	ایک پاؤ
کشتہ پوست بیضہ مرغ	دس تولہ
کشتہ فولاد	پانچ تولہ
رسکپور	ایک تولہ

ترکیب:

اول رسکپور کو اچھی طرح کھرل کر کے باقی ادویات کوٹ چھان کر ملائیں۔ اچھی طرح کھرل کریں دوا تیار ہے۔

خوراک:

چار رتی صبح، چار رتی شام مکھن میں لپیٹ کر نگلائیں۔ اوپر سے دودھ پلائیں۔

خواص:

مقوی رحم، مولد خون، حابس رطوبات ردیہ۔

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

شرم گاہ کی خارش

نسخہ سفوف سرخ:

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
زیری سیاہ	پانچ تولہ
گیرو	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف بنا کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح کو دہی کے ساتھ، شام کو دودھ یا شربت عناب سے دیں۔

روغن مسکن خارش:

ھوالشافی:

بھنگ	پانچ تولہ
کمیلہ	ایک تولہ
کافور	تین ماشہ
پیپرمنٹ	تین ماشہ
روغن گل	ایک پاؤ

ترکیب:

اول بھنگ اور کمیلہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔
جب نصف رہے چھان کر گل روغن ملا کر پکائیں۔
جب جھاگ ختم ہو آگ سے اتار کر پیپرمنٹ اور کافور کو ملا کر روغن مذکور میں شامل کریں۔

مقام ماؤف پر پھریری سے صبح و شام لگائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

قرحہ رحم سوزاکی

ھوالشافی:

کشتہ نیلا تھوتھہ پوست ریٹھہ والا	ایک تولہ
کتھہ سفید	پانچ تولہ
رسوت	پانچ تولہ
جدوار خطائی	دو تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر دو دو رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام مکھن میں لپیٹ کر کھلائیں اوپر سے عرق مصفی خون شربت عناب تین تولہ ملا کر پلائیں۔

ترکیب کشتہ نیلا تھوتھا:

نیلا تھوتھہ	ایک تولہ
پوست ریٹھہ	ایک تولہ

شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ گلی میں کافور ایک تولہ باریک کر کے ڈالیں۔ اس کے اوپر نیلا تھوتھہ والی ٹکیہ رکھیں۔ اس کے اوپر کافور ایک تولہ باریک شدہ ڈال کر کوزہ کو گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں بس کشتہ تیار ہے۔ باریک کر کے نسخہ میں شامل کریں

عرق مصفی خون:

ھوالشافی:

کو	ایک پاؤ
عناب	پانچ تولہ
چرائتہ	پانچ تولہ
عشبہ	پانچ تولہ
منڈی	پانچ تولہ
سرپھوکہ	پانچ تولہ
صندل سرخ	پانچ تولہ
پوست نیم	ایک پاؤ
شاہترہ	پانچ تولہ
ہلیلہ سیاہ	پانچ تولہ
برگ نیم	پانچ تولہ
برگ مہندی	پانچ تولہ

دس سیر پانی ڈال کر پانچ سیر عرق نکالیں۔

خوراک: پانچ تولہ

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ورم رحم قرحہ سوزاکی

ھوالشافی:

رسکپور	ایک تولہ
چوب چینی	پندرہ تولہ
کتھہ سفید	پانچ تولہ

ترکیب:

اول رسکپور کو بہت باریک کر کے بعد میں باقی ادویات کو رگڑ کر رسکپور میں ملا کر خوب باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح کو مکھن پانچ تولہ میں لپیٹ کر دیں۔

سفوف محلل ورم رحم:

ھوالشافی:

ابہل	پانچ تولہ
اسارون	پانچ تولہ

رگڑ کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ایک ماشہ دوپہر' شام کو ہمراہ عرق سونف پانچ تولہ' عرق مکو پانچ تولہ' عرق گاؤ زبان پانچ تولہ کے پلاتے رہیں

نسخہ پچکاری برائے ورم رحم:

ھوالشافی:

گل بابونہ	چھ ماشہ
مکو	چھ ماشہ
تخم کشوچہ	چھ ماشہ

دو سیرپانی میں جوش دے کر چھان کر نیم گرم کی ڈوش کریں۔

روغن محلل ورم رحم سوزاکی:

ھوالشافی:

السی	پانچ تولہ
گل سرخ	پانچ تولہ
پوست ڈوڈا	پانچ تولہ
مکو	پانچ تولہ

تمام ادویات کو ایک سیرپانی میں پکائیں نصف رہے چھان کر روغن ارنڈ ایک پاؤ روغن زیتون ایک پاؤ ملا کر پکائیں جب پانی جل جائے روغن باقی رہے چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ رحم کے اندر اور باہر لگاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم

فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

ورم رحم و صلابت رحم

نسخہ محلل ورم رحم:

ھوالشافی:

انجیر	تین عدد
منقی	ایک تولہ
مغز بادام	بیس عدد

ترکیب:

تینوں ادویات کو کوٹ کر آدھ سیرپانی میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر مل چھان کر اس میں گودہ املتاس دو تولہ بھگو کر رکھیں۔ تین گھنٹہ کے بعد مل کر موٹی چھلنی سے چھان کر عرق سونف پانچ تولہ' عرق مکو پانچ تولہ' شربت دینار دو تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں۔
رحم ضماد کریں۔

ضماد ورم رحم و صلابت رحم:

ھوالشافی:

روغن ارنڈ	دس تولہ
دودھ بھیڑ	ایک سیر
دودھ اونٹنی	ایک سیر
جدوار خطائی	ایک تولہ
گل بابونہ	دو تولہ

ترکیب ساخت:

جدوار اور گل بابونہ کو باریک کر کے تمام اشیاء ملا کر پکائیں۔ جب دوا کا قوام ضماد کے لائق ہو۔ رحم پر روزانہ ضماد لگاتے رہیں۔

نسخہ روغن محلل ورم رحم:

ھوالشافی:

گل بابونہ	پانچ تولہ
مکو خشک	پانچ تولہ
پوست ڈوڈا	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ نصف رہے چھان کر روغن ارنڈ چھ چھٹانک ملا کر پکائیں۔ جب جھاگ ختم ہو شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ رات کو شافہ رحم کے اندر رکھوائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اختناق الرحم

ھوالشافی:

جدوار خطائی	ایک تولہ
عود صلیب	ایک تولہ
چھوٹی چندن	ایک تولہ
مکھاں	ایک تولہ
ہینگ بریاں	ایک تولہ
بالچھڑ	ایک تولہ

تمام ادویات رگڑ کر لعاب گھیکوار میں چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام، مندرجہ ذیل جوشاندہ سے دیں۔

نسخہ جوشاندہ:

سونف ایک تولہ، گلقند پانچ تولہ، منقہ ایک تولہ، زیرہ سفید ایک ماشہ، پانی آدھ سیر میں پکا کر نصف رہنے پر چھان کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اختناق الرحم

ھوالشافی:

ہینگ	چھ ماشہ
عقرقرحا	چھ ماشہ
زعفران	تین ماشہ
جند بیدستر	تین ماشہ
مصبر	ایک تولہ
عود صلیب	تین ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام ہمراہ عرق کاسر ریاح کے دیں۔

نسخہ عرق کاسر ریاح:

پودینہ' سونف' سوئے' اجوائن' اسگندھ ناگوری' گاؤ زبان' حنقی' ہر ایک' ایک ایک پاؤ' بالچھڑ تیزپات پانچ پانچ تولہ۔ تمام ادویات کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر آٹھ سیر عرق نکالیں۔ پانچ تولہ صبح' پانچ تولہ شام بعد از غذا پلائیں۔ دورہ کی حالت میں مریضہ کو ہینگ سونگھائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

بانجھ پن

حب کلاں:

نسخہ نمبر1:

ھوالشافی:

چار مغز	پانچ تولہ
مغز بادام	پانچ تولہ
سنا	پانچ تولہ
گلقند	پانچ تولہ
حنقی مصفی	پانچ تولہ
تروی	پانچ تولہ
الائچی خورد	پانچ تولہ
ہرڑ جلابہ	دو تولہ

ترکیب:

اول سنا' تروی' الائچی خورد کو باریک رگڑ کر چھان لیں۔ بعد میں باقی ادویات کوٹ ملا کر خوب کوٹیں۔ ایک ایک تولہ کی گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام دودھ گرم کے ہمراہ دیں۔ قبل از ایام چار دن پہلے دوا شروع کریں۔ ایام کے دنوں میں بھی یہ گولیاں استعمال کرتے رہیں۔ اگر عورت کو اسہال زیادہ آئیں تو ایک گولی صبح و شام دیں۔

اس نسخہ کے استعمال سے رحم کی مکمل صفائی ہو گی۔ اس کے بعد نسخہ نمبر 2 استعمال کریں۔

نسخہ نمبر2 گولیاں:

ھوالشافی:

ریش پیپل	پانچ تولہ
کھوپرہ کہنہ	پانچ تولہ
قند سیاہ کہنہ	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

اول ریش پیپل کو کوٹ چھان لیں اس کے بعد کھوپرہ کو باریک کر کے گڑ ملا کر خوب کوٹ کر چودہ گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
یہ گولیاں بعد فراغت حیض ایک ہفتہ کھلائیں۔
ان دنوں میں مرد و عورت کی ملاقات ضروری ہے۔
سات دن عورت کو رات کے وقت شافہ رکھوائیں۔

الحمد للحی القیوم
لاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

بانجھ پن ضعف رحمی
بسبب حرارت کثرت حیض

عورت کا جسم دبلہ' فرج حار ہو تو یہ نسخہ دیں۔

سفوف صندل:

ھوالشافی:

صندل سفید پانچ تولہ' دھنیاں پانچ تولہ' تخم کسنبہ پانچ تولہ' طباشیر پانچ تولہ' تخم مہندی پانچ تولہ' چینی ایک پاؤ۔

ترکیب:

تمام ادویات کوٹ چھان کر سفوف تیا رکریں۔

ترکیب استعمال:

خوراک چھ ماشہ صبح و شام' ہمراہ شربت فولاد' صبح و شام کو استعمال کریں۔
مریضہ ایام سے فارغ ہو کر غسل کر کے دوا کا استعمال شروع کرے۔ جب تک حیض نہ آئے دوا جاری رکھیں۔ جب حیض جاری ہو جائے۔ دوا کو بند کر دیں۔ حیض کے دنوں میں کوئی دوا نہ دیں۔
جب حیض سے فارغ ہو تو نسخہ حب معین حمل استعمال کریں۔

نسخہ معین حمل:

ہوالشافی:

چکنی سپاری	پانچ تولہ
موچرس	پانچ تولہ
برادہ ہاتھی دانت	پانچ تولہ
ریش پیپل	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات رگڑ کر پہلی ٹھیکری نیم پختہ کو پانی ایک پاؤ میں بجھو کر اس کے مقطر پانی میں رگڑ کر ماشہ ماشہ کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بعد فراغت حیض۔ برادہ دندان فیل کا رحم میں شافہ رکھوائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن عقرب

برائے خنازیر گھنمبیر

ہوالشافی:

بچھو	چھ عدد
تیل سرسوں	پندرہ تولہ

ترکیب:

بچھوؤں کو تیل میں ڈال کر خوب پکائیں۔ جب بچھو جل جائیں آگ سے اتار کر تیل کو چھان کر خنازیر گھنمبیر کے زخم پر لگاتے رہیں۔
یہی روغن درد کان، پیپ وغیرہ کے آنے کے واسطے مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ بال چر

یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں سر کے تمام کے تمام بال گر جاتے ہیں یا کسی جگہ کے بال گر کر جگہ بالکل صاف ہو جاتی ہے۔

علاج:

گل روغن	دس تولہ
سرکہ	پانچ تولہ

دونوں کو ملا کر سر پر روزانہ مالش کریں۔
ایک ہفتہ کے بعد زردی بیضہ مرغ ایک عدد، نوشادر ایک ماشہ باریک شدہ ملا کر مقام مرض پر مالش کریں دن میں ایک بار لگائیں۔ جب سر پر دانے نکل آئیں دوا کا لگانا بند کر دیں۔ تین دن نہ لگائیں۔
بعدہ پھر نوشادر اور زردی بیضہ مرغ کی مالش کریں۔ جب سر کی جلد پر بال پیدا ہو جائیں علاج ترک کر دیں۔

خوراک:

ایک گولی حب تنکار نمبر191 رات کو دودھ کے ساتھ ہر تین دن کے بعد کھلاتے رہیں۔

ترکیب گل روغن بنانا:

پھول گلاب تازہ	ایک پاؤ
روغن کنجد	دو پاؤ

ترکیب:

دونوں کو ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب پھولوں کا پانی جل جائے، پھول جلنے نہ پائیں۔ آگ سے اتار کر چھان کر رکھیں۔ گل روغن تیار ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

آگ یا گرم پانی سے جلنا

نسخہ ضماد

ھوالشافی:

گل ارمنی حسب منشا لے کر سرکہ میں گھوٹ کر لیپ تیار کریں۔ جلے ہوئے مقام پر لگائیں۔ فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی۔ آبلہ بھی نہ پڑے گا

یا آلو کوٹ کر نچوڑیں۔ آلو کا پانی جلے ہوئے مقام پر لگائیں۔ فوراً فائدہ ہو گا۔

یا سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد میں کافور ایک ماشہ ملا کر لگائیں تسکین ہو گی۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اگر جلنے سے زخم بن جائیں تو یہ مرہم لگائیں

مرہم مسیحائی

ھوالشافی:

چونہ قلعی ایک تولہ، پانی دس تولہ میں ملا کر رکھیں۔ جب چونہ نیچے بیٹھ جائے پانی نتھار لیں۔ اس میں روغن کنجد دس تولہ ملا کر خوب حل کریں۔ سفید رنگ کا محلول بن جائے گا۔

اب اس میں

زنک اکسائیڈ	دو تولہ
کتھہ گلابی	دو تولہ
سفیدہ کاشغری	ایک تولہ
بورک ایسڈ	ایک تولہ
کافور	چھ ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر باریک کپڑا سے چھان کر چونے محلول میں ملا کر رکھیں مرہم تیار ہے۔ تمام قسم کے زخموں کا شافی علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

مرہم شہد والی

ھوالشافی:

شہد	ایک پاؤ
سہاگہ بریاں	ایک تولہ
مردار سنگ	ایک تولہ
سمندر جھاگ	ایک تولہ
نیلا تھوتھہ	تین ماشہ
کافور	چھ ماشہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو مثل غبار رگڑ کر شہد میں ملائیں۔ مرہم تیار ہے۔ زخموں پر لگاتے رہیں۔

فوائد:

گندے زخموں کو مواد غلیظ سے صاف کرتی ہے اور زخم اچھے ہو جاتے ہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

مرہم

ھوالشافی:

زنک آکسائیڈ	پانچ تولہ
بورک ایسڈ	پانچ تولہ
سندھور	پانچ تولہ
گندھک	پانچ تولہ
پارہ	ایک تولہ
کافور	ایک تولہ
ویزلین	سہ چند

ترکیب:

اول پارہ و گندھک باریک کر کے باقی تمام ادویات باریک کر کے ویزلین میں ملا کر رکھیں۔ مرہم تیار ہے۔ زخموں پر لگاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دوائے تلخ

یہ نسخہ برص کے مریض کے بدن سے رطوبات خام بلغمی کو خارج کرتا ہے۔ برص کے علاج کی ابتدا اس نسخہ سے شروع کریں۔

ھوالشافی:

پھٹکڑی	نوشادر
قلمی شورہ	آٹا جڑ تمہ

ترکیب:

تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، ایک ماشہ شام، شہد دو تولہ، پانی ایک پاؤ ملا کر پلائیں۔ اڑھائی تولہ مکھن صبح، اڑھائی تولہ شام کو کھلائیں، انتڑیاں اس دوا کے خراش کن اثرات سے محفوظ رہیں گی۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ برائے برص

ھوالشافی:

پارہ	ایک تولہ
گندھک آملہ سار	ایک تولہ
تخم پنواڑ	ایک تولہ
باپچی	ایک تولہ

ترکیب:

اول پارہ گندھک کو رگڑ کر کجلی تیار کریں۔ بعدہ باقی ادویات باریک پیس کر باہم ملا کر خوب باریک کریں۔ دوا تیار ہے۔ شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

دوا ایک حصہ، ویزلین تین حصہ ملا کر رکھیں، برص کے داغوں پر تھوڑا تھوڑا لگائیں۔ تین چار دن کے لگانے سے برص کے داغوں پر آبلے پڑ جائیں گے۔
دوا کا لگانا بند کر دیں۔ آبلوں پر گھی لگاتے رہیں۔ جب برص کے داغوں سے چھلکے اتر جائیں جلد صاف ہو جائے پھر دوا لگانا شروع کریں۔ اسی طرح تین چار بار کے لگانے سے برص کے نشان دور ہو کر جلد اپنی اصلی حالت پر آ جائے گی۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے برص

ھوالشافی:

پارہ	ایک تولہ
گندھک آملہ سار	ایک تولہ
چاکسو	ایک تولہ
تخم پنواڑ	ایک تولہ
مغز نیم	ایک تولہ
باپچی	ایک تولہ

ترکیب:

اول پارہ و گندھک کو رگڑ کر کجلی بنائیں۔ پھر باقی ادویات یکے بعد دیگرے باریک کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام دودھ میں شہد ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ برص

ھوالشافی:

رائی	پانچ تولہ
شحم حنظل خشک	پانچ تولہ
باپچی	پانچ تولہ
گندھک	پانچ تولہ
سم الفار	دو ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر سم الفار کو بہت باریک کر کے ادویات میں ملا کر پانی ملا کر چار چار رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام بعد از غذا گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں اسی دوا کو پانی میں گھس کر برص پر لگائیں۔

فائدہ:

برص، بہق، داد چنبل میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ برائے برص

ھوالشافی:

انجیر	دو تولہ
تخم پنواڑ	دو تولہ
چاکسو	دو تولہ
باپچی	دو تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو نیم کوب کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال:

دوا مذکور تین ماشہ پوٹلی میں باندھ کر پانی دس تولہ میں رات کو بھگو کر رکھیں۔ صبح پوٹلی کو نچوڑ کر دوا پانی والی شہد میں ملا کر استعمال کریں۔

دوا پوٹلی والی رگڑ کر برص کے نشان والی جگہ پر ضماد کریں۔ چالیس دن میں مکمل شفا ہو گی۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے جذام

ھوالشافی:

بھلاوہ	پانچ تولہ
نوشادر	پانچ تولہ
باپچی	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات رگڑ کر شہد ملا کر ماشہ ماشہ کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام دودھ گھی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد:

جذام' برص کے واسطے اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن مجرب

هوالشافی:

دار چکنہ	تین ماشہ
رسکپور	تین ماشہ
نیلا تھوتھہ	تین ماشہ
جدوار خطائی	ایک تولہ
سندھور	ایک تولہ
کمیلہ	ایک تولہ
گھی گائے	ڈیڑھ پاؤ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کوٹ کر بہت باریک کر کے گھی میں پکائیں۔ جب ادویات جل جائیں سرد ہونے پر گھوٹ کر مرہم بنائیں۔ تیار ہے۔
ناسور گھمبیر کے زخموں کے لئے بہت اکسیر ہے۔ دن میں ایک بار زخموں پر لگاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے گھمبیر

هوالشافی:

دارچکنہ	ایک تولہ
رسکپور	ایک تولہ
کتھہ گلابی	تین تولہ
لونگ	تین تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات باریک کر کے بھیڑ کے دودھ سے دو دن کھرل کر کے رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام، دودھ گھی کے ساتھ کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ گھمبیر

اس نسخہ کو ہندوستان میں ایک سادھو بنایا کرتا تھا۔ دور دور سے اس کے پاس مریض آیا کرتے تھے۔

سادھو کی ساری عمر خدمت کی۔ جب پاکستان آنے لگا تو کہنے لگا: بچہ یہ نسخہ لے جا:

ھوالشافی:

سیاہ سانپ ایک عدد لے کر اس کے منہ میں زرد کوڑیاں بھر کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے چھ ماہ زمین میں دفن کریں۔ چھ ماہ بعد کوزہ کو نکال کر دور سے اینٹ مار کر ہنڈیا کو توڑ دیں۔ تین گھنٹہ ے بعد کوڑیوں کو چن کر رکھیں۔

نسخہ سفوف سمی:

ھوالشافی:

سم الفار	تین ماشہ
دار چکنہ	تین ماشہ
رسکپور	تین ماشہ

باریک کر کے کسی شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

کوڑی زرد سانپ والی	ایک عدد
سفوف سمی	ایک رتی
مکھن	دو تولہ

اول کوڑی زرد کو بہت باریک مثل غبار کر کے اس میں سفوف سمی اور مکھن ملا کر مرہم بنائیں۔ ایک مریض کے واسطے کافی ہے۔

دن میں ایک بار مرہم لگا کر اوپر حلوہ باندھیں۔

صرف تین دن لگائیں اس کے بعد سادہ گھی لگاتے رہیں۔

اگر کوئی ایسی جگہ ہو جہاں یہ دوانہ لگا سکتے ہوں یعنی سر کا کوئی حصہ یا اور کوئی نازک جگہ ہو تو اس دوا کو پنڈلی پر پچھ کے ذریعے لگائیں۔ دوا زخم میں پہنچ کر عمل کرے گی۔

نوٹ:

دوا لگانے سے پہلے مریض کو حلوہ کھلائیں۔ روزانہ دودھ گھی پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب مصفی زخم

ھوالشافی:

پارہ	دو تولہ
گندھک	دو تولہ
پوست ریٹھہ	دو تولہ
صابن دیسی کپڑے دھونے والا	ایک پاؤ
دار چکنہ	تین ماشہ

ترکیب:

پارہ و گندھک کی کجلی تیار کریں۔ بعد میں باقی ادویات کو باریک کر کے صابن ملا کر خوب کوٹیں پانی کی نمی دے کر خوب کوٹ کر ماشہ ماشہ کی گولیاں خشک کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال:

گولی کو پانی میں گھس کر زخم پر لگائیں۔

فائدہ:

گندے زخموں سے مواد کو خارج کرنے کے واسطے مفید ہے۔ داد، چنبل ناسور، بھگندر وغیرہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

خارش

جس مریض کی خارش سے جلد متورم ہو، جلد میں سرخی پائی جائے، پانی بہتا ہو، زخم آگ کی طرح جلتے ہوں، تیز ادویات لگانے سے مریض کو زیادہ تکلیف ہو جاتی ہے یہ نسخہ مسکن خارش بہت مفید ہے۔

نسخہ مسکن خارش

ھوالشافی:

کتھہ سفید	ایک تولہ
صندل سفید	ایک تولہ
صندل سرخ	ایک تولہ
مردار سنگ	ایک تولہ
کمیلہ	ایک تولہ
برگ حنا	ایک تولہ
شاہترہ	ایک تولہ
کافور	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے مکھن سہ چند ملا کر روزانہ مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب آتشک

ھوالشافی:

چھل رٹھہ	پانچ تولہ
آرد جڑ تمہ	پانچ تولہ
باپچی	پانچ تولہ
مغز نیم	پانچ تولہ

تمام ادویات کو کوٹ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک: دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ نقوع شاہترہ کے دیں۔

نسخہ نقوع شاہترہ:

شاہترہ، چرائتہ، منڈی، عناب، سرپھوکہ، ہلیلہ زنگ، صندل سرخ، عشبہ، تمام ادویات پانچ پانچ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک تولہ دوا شام کو ایک پاؤ پانی میں بھگوئیں، صبح مل چھان کر شہد ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔ اسی طرح صبح بھگو کر شام کو پلائیں۔ غذا بیسنی روٹی گھی سے کھلائیں۔ آتشک اور دیگر خرابی خون کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

خارش

ھوالشافی:

پارہ	پانچ تولہ
گندھک	پانچ تولہ
باپچی	پانچ تولہ
سہاگہ	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

اول پارہ اور گندھک کو ملا کر خوب رگڑیں، کجلی بن جائے۔ پھر باقی ادویات باریک کر کے کجلی پارہ گندھک والی ملا کر پھر باقی ادویات باریک کریں۔ سہ چند مکھن ملا کر مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

چھپاکی

جس شخص کو بار بار چھپاکی نکلتی ہو اس کو بہت مفید ہے۔

حب چھپاکی دیرینہ:

ھوالشافی:

مصطگی رومی	ایک تولہ
نمک سیاہ	ایک تولہ
ست لیموں	چھ ماشہ
لونگ آک	تین تولہ

ترکیب: تمام ادویات کو رگڑ کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام پانی سے کھلائیں مجرب ہے۔

فوائد:

جس مریض کو چھپاکی نکلی ہو اس مریض کو شہد کی موم ایک ماشہ پانی سے کھلائیں چند منٹ میں آرام ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض خون

حب مصفی خون:

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
مرچ سیاہ	پانچ تولہ
آنا جز تمہ	پانچ تولہ
بابچی	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے آب برگ سرس میں کھرل کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام دودھ سے کھلائیں بہت مجرب ہے۔

فوائد:

برص، بہق، خارش، داد، چنبل کو بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اکسیر مصفی خون

ھوالشافی:

پارہ	دو تولہ
گندھک آملہ سار	دو تولہ
ورقیہ ہڑتال	دو تولہ
آب لیموں	ایک پاؤ

ترکیب:

اول پارہ و گندھک کی کجلی بنائیں اس کے بعد ہڑتال ورقیہ رگڑ کر شامل کر کے آب لیموں میں رگڑیں۔ جب آب لیموں ختم ہو جائے خشک ہونے پر پانی ڈال کر پلائیں جب پانی میں ادویات تہ نشین ہو جائیں پانی کو نتھار دیں۔ اسی طرح چار بار پانی نتھاریں اس کے بعد پھر آب لیموں ایک پاؤ میں کھرل کر کے خشک کر کے پانی نتھاریں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ دوا سے لیموں کی ترشی دور کر کے خشک کر کے باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی مکھن میں ملا کر صبح غذا کے بعد کھلائیں۔

فائدہ:

بھگندر، ناسور، داد، چنبل، تپ کہنہ، دمہ بلغمی، تپ دق۔

نوٹ: دوا مذکور ایک تولہ، مکھن پانچ تولہ میں ملا کر داد چنبل پر لگائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

شربت مصفی خون

ھوالشافی:

پوست نیم	پوست کچنار
پوست کیکر	جڑ تمہ خشک
آکاش بیل	چھمکمونی

تمام ادویات دس دس تولہ عشبہ پانچ تولہ، چرائتہ پانچ تولہ، گڑ ایک سیر

ترکیب:

تمام اشیاء کو کوٹ کر دو سیر پانی میں بھگو کر چار پہر رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ نصف رہے۔ چھان کر گڑ ملا کر شربت پکائیں۔ بوتل میں بھر کر رکھیں۔

خوراک:

اڑھائی تولہ صبح، اڑھائی تولہ شام پانی ملا کر پلائیں۔
دوا کے استعمال سے پہلے مریض کو چوری کھلا کر دوا پلائیں۔

فوائد:

داد، چنبل، خارش وغیرہ کو ازحد مفید ہے۔

نوٹ:

اگر مریض کو دوا کے استعمال سے پیچش ہو جائے تو دوا کا استعمال ترک کر دیں اور جب تک پیچش کو آرام نہ ہو شربت کا استعمال شروع نہ کریں۔ پیچش کے لئے یہ نسخہ استعمال کریں۔

نسخہ برائے پیچش:

ھوالشافی:

ریشہ خطمی	ایک تولہ
بہی دانہ	ایک تولہ

پانی ایک سیر میں بھگو کر صبح سے شام تک مل چھان کر یہی لعاب پلاتے رہیں۔

غذا:

ساگو دانہ استعمال کریں۔

نوٹ:

جب پیچش کو آرام ہو پھر یہی شربت مصفی خون پلاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ نقوع مصفی خون:

ھوالشافی:

شاہترہ	پانچ تولہ
چرائتہ	پانچ تولہ
منڈی	پانچ تولہ
عناب	پانچ تولہ
برگ حنا	پانچ تولہ
صندل سفید	پانچ تولہ
ہلیلہ سیاہ	پانچ تولہ
آلو بخارا	ایک پاؤ

ترکیب:

آلو بخارہ سے گٹھلیوں کو نکال کر تمام ادویات کو کوٹ کر شامل کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک تولہ شام کو بھگو کر صبح مل چھان کر چینی ملا کر پلائیں۔ صبح کو پانی میں بھگو کر شام کے وقت پلائیں مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مصفی خون

ھوالشافی:

رسکپور	تین ماشہ
ورقیہ	تین ماشہ
سوڈا بائیکارب	نو ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات بارہ پہر کھرل کر کے رکھیں۔ دوا تیار ہے۔

خوراک:

ایک رتی دن میں ایک بار ہمراہ مکھن۔

فوائد:

خارش خشک و تر، ناسور، بھگندر، بواسیر مسوں والی، بواسیر کے مسوں پر روزانہ دوا لگاتے رہیں۔ مسے خشک ہو کر گر جائیں گے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ خوراکی مصفی خون

ھوالشافی:

گندھک ڈنڈا	آٹھ تولہ
قلمی شورہ	آٹھ تولہ
گیرو	آٹھ تولہ
پارہ	چھ ماشہ

ترکیب ساخت:

اول گندھک کو پگھلائیں اس میں پارہ ڈال دیں۔ کسی لوہے کی سلائی سے ہلا دیں۔ پارہ گندھک میں حل ہو گا۔ بعدہ قلمی شورہ باریک شدہ ڈالیں۔ جب قلمی شورہ حل ہو جائے اس میں گیرو باریک کردہ ملا کر کڑاہی کو آگ سے اتار کر تمام ادویات کو کڑاہی سے نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام دودھ سے کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض مفاصل

گنٹھیا

یہ نسخہ مجھے ایک گنٹھیا کے مریض سے ملا تھا۔ وہ مریض بے شمار علاج کرا کر مایوس ہو گیا تھا۔ چارپائی پر پڑا رہتا تھا' جوڑ متورم تھے' شدید درد تھا۔ ایک فقیر اس کے در پر بھیک مانگنے آ نکلا۔ فقیر نے سوال کیا تو مریض نے فقیر سے کہا کہ تو خود ہی بوری سے حسب منشا گندم لے کر چلا جاء فقیر بولا اگر سوال پورا نہیں کرنا تو مذاق نہ کریں۔ مریض نے کہا ہمارے گھر کوئی شخص نہیں ہے اور میں مریض ہوں۔

فقیر اس مریض کو دیکھ کر کہنے لگا آپ کا علاج ہو جائے گا۔ آپ کے والد کو ایک نسخہ بتاؤں گا۔

چند منٹ بعد اس کے والد صاحب تشریف لائے فقیر نے اس کے والد صاحب کو یہ نسخہ بتایا۔ فقیر صاحب نے فرمایا اس نسخہ کا پتہ مریض کو نہ لگنے دیں ورنہ مریض یہ نسخہ استعمال کرنے سے انکار کر دے گا۔

حب سلاطین

ھوالشافی:

جمال گوٹہ مدبر	ایک تولہ
رائی	چار تولہ
کچلہ مصفی	چھ تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر آب گھیکوار میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' دوپہر' شام پانی سے دیں۔

فوائد:

گنٹھیا' مخرج بلغم' درد اعصاب' قبض' بند نزلہ میں مفید ہیں۔

جمال گوٹہ کو مدبر کرنے کی ترکیب:

مغز جمال گوٹہ کو دودھ ایک سیر میں ڈال کر پکائیں جب نصف دودھ جل جائے' مغز جمال گوٹہ کو دودھ سے نکال کر گرم پانی سے دھوئیں پتہ کو نکال کر دوا میں شامل کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ گنٹھیا

ھوالشافی:

جوان بھیڑ کا پیشاب — سات تولہ

جوان بھیڑ کا دودھ — ایک پاؤ

ملا کر صبح و شام پلائیں

یہ ضماد متورم جوڑوں پر ایک ہفتہ لگائیں۔

انبہ ہلدی — مرچ سرخ

لوٹہ تجی — مالکنگنی

تمام ادویات کو ہم وزن لے کے پانی میں گھوٹ کر جوڑوں پر ایک بار ضماد کریں۔

نوٹ:

مریض نے کہا کہ میں ایک ہفتہ کے استعمال سے بالکل تندرست ہو گیا تھا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اکسیری روغن

ھوالشافی:

برگ سنبھالو — ایک پاؤ

برگ دھتورہ — آدھ پاؤ

آکاش بیل — ایک پاؤ

اسگندھ ناگوری — ایک پاؤ

نمولی کنڈیاری — ایک پاؤ

حرمل سبز — ایک پاؤ

ترکیب:

تمام اشیاء کو کوٹ کر چار سیر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہے چھان کر روغن کنجد ایک سیر ملا کر پکائیں۔ جب پانی جل جائے، آگ سے اتار کر سرد کر کے چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ جوڑوں پر مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سفوف اکسیر مفاصل

از محمد رفیق حجازی "کنز العلاج" صفحہ نمبر 446

ھوالشافی:

اسگندھ ناگوری	دو تولہ
بیخ بدھارہ	دو تولہ
سورنجاں شیریں	دو تولہ
زنجبیل	دو تولہ
چینی سفید	آٹھ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

خوراک:

ایک تولہ صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد: عرق النساء، گنٹھیا، درد کمر، جسمانی دردوں، جریان و احتلام، کمئی باہ کے لئے مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

للہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے گنٹھیا

ھوالشافی:

پوست بز آک	معصبر
سورنجاں شیریں	گوگل
رائی	تخم مولی
اشق	زراوند گرد

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے نصف دوا کو سرکہ میں رگڑ کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔
یہی دوا جو نصف باقی پڑی ہے اس کو سرکہ میں رگڑ کر متورم جوڑوں پر ضماد کریں۔

فوائد:

جوڑوں کا ورم اور درد دور ہو کر مریض تندرست ہو گا۔ جوڑوں کے ورم کو تحلیل کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

للہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب گنٹھیا

ھوالشافی:

کڑو	پانچ تولہ
کالی زیری	پانچ تولہ
کڑا چھال	پانچ تولہ
مال کنگنی	پانچ تولہ
چرائتہ	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔ شہد ملا کر گولیاں ایک ایک ماشہ کی بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک گولی شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن برائے گنٹھیا

ھوالشافی:

تخم میتھے	ایک سیر
گل بابونہ	تین تولہ
کٹھ تلخ	تین تولہ
سورنجاں شیریں	تین تولہ
سنڈھ	تین تولہ
کچلہ	ایک تولہ
میٹھا تیلیا	ایک تولہ
جائفل	تین تولہ
روغن کنجد	ایک سیر

تخم میتھے چار سیر پانی میں پکائیں۔ نصف رہے چھان کر روغن کنجد و تمام ادویات کوٹ کر ملائیں۔ جب جھاگ ختم ہو چھان کر تیل کو شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

روزانہ مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

عرق النساء

جسے رینگن بھی کہتے ہیں

اصول علاج:

چار علاج رینگن دے کل　　　فصد جلاب تے مالش گل

ہو الشافی:　　**حب مجرب**

اسگندھ ناگوری، جائفل، جلوتری، لونگ، زعفران، فلفل سیاہ، مصبر، سورنجاں شریں، بچ، تج، سرد چینی، دار چینی، کباب چینی ہر ایک چھ چھ ماشہ۔
ریوند چینی تین ماشہ، تخم الائچی کلاں تین ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے شہد ملا کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ گرم دودھ آدھ سیر میں شہد ایک چمچہ، روغن زیتون ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔ بار بار کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سفوف برائے رینگن

ہوالشافی:

افتیموں حسب منشاء لے کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

چھ چھ ماشہ صبح، چھ ماشہ شام، گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

خواص اسپند (حرمل)

هوالشافی

مزاج گرم خشک:

مقدار خوراک: دو تا چار ماشہ

فوائد:

1: تخم حرمل بھیڑ کے دودھ میں تر، خشک کر کے باریک سفوف بنائیں، صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ سستی و نامردی کے لئے مفید ہے۔

2: درد اعصاب، فالج، لقوہ، رینگن، رعشہ، میں دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

3: ضیق النفس بلغمی یا بلغمی کھانسی کے لیے شہد ملا کر استعمال کریں۔

4: ریحی و اعصابی دردوں کے لیے مفید ہے۔

5: درد ایام یا بندش ایام کے لیے صبح و شام جوشاندہ بنا کر شہد ایک تولہ، بادام روغن ایک تولہ ملا کر پلائیں۔

6: بچہ رات کو پیشاب کرتا ہو تو ایک چٹکی پانی سے کھلائیں۔

7: عارضی موٹاپہ کو دور کرنے کے لیے شہد میں ملا کر استعمال کریں۔

8: بہرہ پن کے لئے تخم حرمل ایک تولہ، روغن زیتون نو تولہ میں ڈال کر پکائیں، جب حرمل جل جائے چھان کر کانوں میں ڈالیں، اسی روغن کی عصبی دردوں پر مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اعادہ شباب کے لیے مجربات

دوا کی دوا غذا کی غذا:

عمر رسیدہ اشخاص کی اصلی حرارت و رطوبت غریزی کا معاون

ھوالشافی:

مغز اخروٹ	ایک سیر
پستہ	ایک پاؤ
کشمش	سوا سیر

ترکیب ساخت:

پہلے مغز اخروٹ و پستہ کو کوٹ لیں، بعد میں کشمش کوٹ کر تینوں کو ملا کر کوٹ کر لڈو کے وزن کے لڈو بنائیں۔

خوراک:

ایک لڈو صبح، ایک لڈو شام استعمال کریں۔ سردیوں میں استعمال کرنا بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اطریفل شباب آور

ھو الشافی:

بھلاوہ	پانچ تولہ
پوست ہلیلہ کلاں	آدھ سیر
پوست آملہ	آدھ سیر
پوست بلیلہ	آدھ سیر

تمام ادویات کو کوٹ کر چینی تین سیر کے قوام میں ملا کر رکھیں اطریفل تیار ہے۔

خوراک:

ایک تولہ سے دو تولہ تک صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد:

مقوی، ملین، قبض کشا، دائمی نزلہ کا بہترین علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

برفی شباب آور

ھو الشافی:

بھلاوہ	پانچ تولہ
نارجیل	ڈیڑھ سیر

ترکیب:

نارجیل کو اچھی طرح کوٹ کر بھلاوہ ملا کر خوب کوٹ کر رکھیں۔ بعد میں چینی تین سیر کے گاڑھے قوام میں ملا کر کھلے برتن میں پھیلا کر برفی کی طرح ٹکڑیاں کاٹ لیں۔

خوراک:

دو ٹکڑیاں صبح و شام غذا کے درمیان استعمال کریں۔

فائدہ:

یہ نسخہ ان لوگوں کے لیے مفید ہے جن کے بال قبل از وقت سفید ہو گئے ہوں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

— روغن برائے تمدد اعصاب

ھوالشافی:

لسن	پانچ تولہ
فرفیون	تین تولہ
عقرقرحا	تین تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ
روغن زیتون	ایک پاؤ

تمام ادویات کو رگڑ کر روغن زیتون میں پکا کر چھان کر رکھیں۔ مقام ماؤف پر مالش کریں۔

فائدہ:

سردی کے درد، پٹھوں کا اکڑ جانا، کمر کے پٹھوں کا اکڑ جانا (جس کو عوام چک کہتے ہیں) یا رات کو سونے کی حالت میں گردن کے پٹھوں کا اکڑ جانا، کھچاؤ درد بہت ہوتا ہو تو اس کی مالش کرنا اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ امراض اعصاب

فالج، لقوہ، رعشہ، درد اعصاب

ھوالشافی:

ہینگ ایک تولہ، کشتہ شنگرف ایک تولہ، بھلاوے ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ، رائی ایک تولہ۔

تمام ادویات کو رگڑ کر شہد ملا کر دو، دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک: دو گولی صبح، دو گولی شام، دودھ میں شہد ایک چمچہ، روغن زیتون ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔

ہر سات دن کے بعد یہ گولیاں دیں۔ یہ گولیاں پٹھوں سے مادۂ مرض کو نکالتی ہیں۔ مادۂ مرض کو دستوں کے راستے خارج کرتی ہیں۔

نسخہ حب منقیٰ:

شحم حنظل	ایک تولہ
چھل ریٹھے	ایک تولہ
مصبر	ایک تولہ
رائی	ایک تولہ
سنا	چار تولہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر شہد سے چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ دودھ گرم کے دیں۔ یہ گولیاں ایک دن کھلا کر پھر مذکورہ بالا نسخہ دیں۔ اسی طرح باری باری سے دونوں نسخے استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مقوی اعصاب و درد اعصاب

هوالشافی:

نسخہ:

آب تھوم ایک پاؤ، آب ادرک ایک پاؤ، آب سہانجنہ ایک پاؤ، شیر مدار پانچ تولہ، لونگ دو تولہ، مرچ سیاہ دو تولہ، جائفل دو تولہ، رائی دو تولہ، کچلہ ایک تولہ، ہینگ ایک تولہ، میٹھا تیلیا ایک تولہ۔

تمام ادویات کو کوٹ کر ایک سیر تلوں کے تیل میں پکائیں۔ جب جھاگ ختم ہو جائے، آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں مریض کے مفلوج عضو یا ماؤف عضو پر مالش کریں۔

سرد ہوا یا سرد پانی نہ لگنے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن برائے فالج

هوالشافی:

جائفل	دو تولہ
لونگ	دو تولہ
عقرقرحا	دو تولہ
ہینگ	دو تولہ
جلوتری	دو تولہ
کچلہ	دو تولہ
اجوائن دیسی	دو تولہ
روغن کنجد	ایک سیر

ترکیب:

تمام ادویات کو نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے تک بھگوئیں بعد میں روغن کنجد ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب جھاگ ختم ہو جائے سرد کر کے چھان کر مفلوج پٹھوں پر مالش کریں۔

روزانہ ایک بار مریض اپنے منہ میں جائفل کا دانہ رکھے۔

نسخہ خوراکی:

نمبر 199 معجون ایک ماشہ مکھن میں ملا کر صبح کے وقت بعد از غذا استعمال کریں۔ شام کی وقت مریض کو بیضہ مرغ دو عدد، روغن زیتون دو تولہ، شہد دو تولہ، ملا کر پکا کر استعمال کرائیں، بعد میں دودھ پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب مقوی

ھوالشافی:

برگ افسنتین	پانچ تولہ
اسطوخودوس	پانچ تولہ
کچلہ مصفی	دو تولہ
بھلاوے	دو تولہ
مصبر	ایک تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر گودہ گھیکوار میں رگڑ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں، خشک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام بعد از غذا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ:

تبخیر معدہ، کثرت بول، جریان، ضعف باہ، سیلان الرحم، لقوہ، فالج، دائمی نزلہ، درد شقیقہ، اعصابیہ، درد اعصاب و مقوی اعصاب، امراض بارد میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

جوہر سم الفار

ھوالشافی:

ترکیب:

سم الفار سفید دو تولہ باریک کھرل کر کے اس میں دھتورہ کے خام پھلوں کو خوب گھوٹ کر پانی نکالیں۔ دو دن آب دھتورہ سے سم الفار کو کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بالکل خشک ہونے پر مٹی کے پیالہ میں ڈال کر دوسرا پیالہ اس کے اوپر رکھ کر دونوں پیالوں کے لب ملا کر گل حکمت کر کے چولہے پر چڑھا کر نیچے ہلکی آگ جلائیں۔ دو چوبی آگ جلائیں۔

اوپر والے پیالہ پر سرد پانی سے کپڑا تر کر کے رکھیں۔ تین گھنٹے میں جوہر اڑ کر اوپر والے پیالہ میں لگ جائے گا۔۔ سرد ہونے پر اس کے دھواں سے آنکھ، منہ، ناک کو بچائیں۔ جوہر کو نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

آدھا چاول ہمراہ مکھن۔ صبح ناشتہ کے بعد استعمال کریں۔

فوائد:

امراض باردہ، لقوہ، فالج، رعشہ، دمہ بلغمی، نامردی کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب مجرب

ھوالشافی:

رائی	بارہ تولہ
مرچ سرخ	بارہ تولہ
کچلی مصفی	چار تولہ
کشتہ فولاد	تین تولہ
سم الفار	ایک ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر آب ادرک میں رتی رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

دو گولی صبح، دو گولی شام، پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:

درد اعصاب، امراض بارد کو مفید ہے۔ ہیضہ کا مریض جب بہت کمزور ہو گیا ہو، جسم سرد ہو گیا ہو، اس وقت بہت اکسیر ہیں۔ قے، دست بھی رک جاتے ہیں۔ جسم گرم ہو کر تشنج دور ہو جاتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض مرداں

ایک خوراک سے نامردی دور

دوائے کنجشک

ھوالشافی:

نر چڑے پانچ عدد ذبح کر کے تمام الائشیں پیٹ سے نکال کر ان کے پیٹوں میں یہ ادویہ بھر کر سی دیں۔

جائفل	ایک ماشہ
لونگ	ایک ماشہ
زعفران	دو رتی
مرچ سیاہ	دو رتی
جلوتری	دو رتی
مگھاں	دو رتی
کستوری	ایک رتی

باریک رگڑ کر چڑوں کے پیٹ میں بھر کر گھی پانچ تولہ میں بھون کر عصر کے وقت کھلائیں ایک خوراک کافی ہے۔ آزمودہ ہے۔

نوٹ: جن مریضوں کو جریان، سرعت، رقت منی ہو ان کو نہ دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ضعف باہ

قانون کلیہ

تغلیظ تحریک

ھوالشافی:

موصلی سفید، پانچ تولہ	بہمن سفید، پانچ تولہ
سنگھاڑہ، پانچ تولہ	ثعلب مصری، پانچ تولہ
تودری سرخ، پانچ تولہ	تودری سفید، پانچ تولہ
موصلی سنبل، پانچ تولہ	رومی مصطگی، تین تولہ
دانہ الائچی کلاں، تین تولہ	

ترکیب: تمام ادویات کو کوٹ کر چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام دودھ گرم آدھ سیر میں شہد دو تولہ، انڈا مرغی، دو عدد ملا کر پلائیں۔

الحمدللحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ

ھوالشافی:

شنگرف	دو تولہ
سم الفار سفید	ایک تولہ
مرچ سیاہ	دو تولہ
کچلہ مصفی	بیس تولہ
زعفران	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو آب پان میں رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ دودھ گھی سے دیں۔

الحمدللحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ

جوانوں کے واسطے مقویات کا سرتاج

ھوالشافی:

خاکہ چاندی ایک تولہ' پارہ ایک تولہ۔

کھرل میں ڈال کر آب کھٹکل بوٹی ڈال کر خوب کھرل کریں۔ ٹکیہ بنا کر خشک کریں کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کی دو سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح بارہ آگ دیں۔ آخری آگ پانچ سیر اپلوں کی دیں' کشتہ چاندی تیار ہے۔

روح گلاب ڈال کر کھرل کریں۔ خشک ہونے پر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک: ایک رتی صبح کو مکھن پانچ ولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

فائدہ:

جریان' سرعت' رقت دور ہو کر قوت باہ بحال ہو گی۔ دائمی نزلہ اور ضعف دماغ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

حب مقوی باہ

ھوا الشافی:

رومی مصطگی	ایک تولہ
جندبید ستر	تین ماشہ
زعفران	تین ماشہ
کشتہ شنگرف	ایک ماشہ
سم الفار	ایک رتی
دودھ برگد	ایک تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح' ایک تولی شام دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: مقوہ باہ' ممسک' مغلظ' نامردی کے واسطے مفید ہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ بسبب ضعف خصیہ

اسباب مرض:

کثرت جماع یا غلط کاریوں کے سبب' مادہ منویہ کا اخراج زیادہ ہونے کے سبب خصیوں میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔ خصیوں میں درد رہنے لگتا ہے خصیے اپنے فعل میں کمزور ہو جاتے ہیں اور مادہ منویہ کو خون سے بہت کم جذب کرتے ہیں۔

ھو الشافی:

بھلاوہ ایک عدد' گھی پانچ تولہ' شہد دو تولہ' انڈا مرغی دو عدد۔

اول گھی کو آگ پر رکھیں جب پکنے لگے بھلاوہ ڈالیں' جب بھلاوہ جل جائے بھلاوہ کو گھی سے نکال دیں۔ اب شہد اور انڈوں کو ملا کر گھی میں ڈال دیں۔ حلوہ تیار ہے۔ رات کو سوتے وقت کھلا کر دودھ نوش کریں۔

ایک ہفتہ کھلا کر تین دن ناغہ کر کے ایک ہفتہ پھر کھلائیں۔ روانہ بکرے کے خصیہ دو عدد بھون کر کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ بسبب ضعف جگر

عرق آسو

ھو الشافی:

پوست ببول بیس تولہ' گل سرخ بیس تولہ' ترپھلہ آدھ سیر' برادہ فولاد آدھ سیر' نیلوفر سات تولہ' صندل سفید سات تولہ' گلو سات تولہ' شاہترہ دس تولہ' عناب سات تولہ' چرائتہ سات تولہ' سونف سات تولہ' پوست جامن بیس تولہ گڑ دو سیر' پانی سولہ سیر۔

ترکیب:

تمام ادویات کو لوہے کے برتن کے میں چالیس دن بھگو کر رکھیں بعد میں آٹھ سیر عرق کشید کریں۔

خوراک:

دو تولہ صبح' دو تولہ شام پلائیں۔

فائدہ:

ضعف جگر' کمی خون' شراکت جگر سے ہونے والے بخار اور مرض استسقاء میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ

بسبب ضعف قلب

حرارت قلب سے بھی دل کی دھڑکن پیدا ہو کر اعضا ست پڑ جاتے ہیں۔

ھو الشافی:

موتی	تین ماشہ
عقیق	تین ماشہ
طباشیر	تین ماشہ
دانہ الائچی خورد	تین ماشہ

روح گلاب میں ان تمام ادویات کو مثل غبار پیس کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح، ایک رتی شام ہمراہ خمیرہ گاؤزبان کے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ

بسبب ضعف قلب

دواء المسک کھلائیں یا انوش دارو کھلائیں یا یہ معجون بنا کر استعمال کریں۔

نسخہ معجون

ھوالشافی:

بالچھڑ، ایک تولہ	تیزپات، چھ ماشہ
الائچی خورد، ایک تولہ	لونگ، ایک تولہ
زعفران، چھ ماشہ	عود غرقی، ایک تولہ
سونٹھ، ایک تولہ	جزبان، چھ ماشہ
جائفل، چھ ماشہ	درونج عقربی، دو تولہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد ملا کر معجون تیار کریں۔

خوراک: تین ماشہ صبح شام ماشہ شام غذا کے بعد کھلائیں۔

فوائد:

ہاضم طعام، مقوی دل و دماغ، محرک اعصاب ہے۔ دوران خون کو تیز کر کے تمام اعضاء تک پہنچاتی ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

ضعف باہ

بسبب ضعف دماغ

مقوی دماغ ادویہ و اغذیہ دیں۔

نسخہ مقوی دماغ:

ھوالشافی:

مغز بکرا پانچ عدد لے کر تمام جھلیوں سے صاف کر کے چنے کا آٹا ملا کر گوندھ کر ٹکیاں بنا کر گھی میں بھون کر رکھیں۔ ہاتھوں سے مل کر پوڈر کی شکل بنائیں۔ بعد اس کے ایک سیر گھی میں ایک سیر سوجی کو بھونیں۔ چینی ایک سیر شامل کر کے یہ ادویات کوٹ کر شامل کریں۔ ادویات یہ ہیں۔

مغز بادام ایک پاؤ' مغز اخروٹ' کھوپرہ' پستہ' مغز چلغوزہ تمام ادویہ ایک ایک پاؤ' برہمی بوٹی پانچ تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ۔

تمام ادویات کو کوٹ کر مذکورہ بالا چینی' گھی' سوجی میں ملا کر رکھیں۔

خوراک: ایک پاؤ صبح کو استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ مقوی باہ

ھو الشافی:

خاکہ چاندی	ایک تولہ
سم الفار سفید	ایک تولہ
پارہ	ایک تولہ

ترکیب:

تینوں ادویہ کو خوب رگڑ کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک:

دو چاول ہمراہ مکھن صبح ناشتہ کے بعد دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

برائے ضعف باہ

ھوالشافی:

موصلی سفید	پانچ تولہ
ثعلب مصری	پانچ تولہ
کیچوہ مصفی	پانچ تولہ
الائچی خورد	دو تولہ
رومی مصطگی	تین تولہ
زعفران	ایک تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے چھان کر ملا کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام ہمراہ گرم دودھ میں شہد دو تولہ بیضہ مرغ دو عدد ملا کر استعمال کریں۔

فائدہ: مقوی باہ، مغلظ منی، کرم منی کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مقوی باہ

ھوالشافی:

گٹ نارجیل لے کر اس میں پیسہ کے برابر ٹکڑا کاٹیں۔ گٹ نارجیل میں یہ ادویات بھریں۔

سم الفار سفید	تین ماشہ
شنگرف	ایک تولہ
مصطگی رومی	اڑھائی تولہ
تالمکھانہ	اڑھائی تولہ
زعفران	ایک تولہ
افیون	ایک تولہ
ثعلب پنجہ	اڑھائی تولہ

تمام ادویات برگڑ کر نارجیل میں بھر کر شیر برگد سے خالی حصہ نارجیل کا بھر دیں۔ نارجیل کے سوراخ کو نارجیل کا ٹکڑا دے کر بند کر کے آٹا تخم بھنڈی ایک پاؤ گوندھ کر نارجیل پر ضماد کریں۔ ایک کڑاہی میں ایک سیر گھی ڈال کر گولا نارجیل والا گھی میں بریاں کریں۔ بھنڈی کا آٹا سرخ ہو جائے، جلنے نہ پائے، گولا نارجیل گھی سے نکال کر بمعہ آٹا بھنڈی تمام ادویات کو کوٹ کر مثل موم کے کریں بعد حسب منشا شہد ملا کر کوٹیں قوام گولیاں بنانے کے قابل ہو ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ مقوی باہ

مقوی اعصاب

ھوالشافی:

کچلہ مصفی باریک شدہ	پانچ تولہ
سلاجیت	دو تولہ
جدوار خطائی	دو تولہ
ریگ ماہی	دو تولہ
زعفران	ایک تولہ
شنگرف	ایک تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے شیر برگد سے تر کر کے کھوپرا کے گٹ میں سوراخ کر کے اس مین ادویات بھر دیں۔ باقی خالی حصہ کو شیر برگد سے پر کر کے کھوپرہ کا منہ بند کر کے آٹا گوندھ کر ضماد کریں۔ کوئلوں کی آگ میں دبائیں۔ جب آٹا سرخ رنگ ہو جائے نکال کر آٹا اتار کر باقی تمام ادویہ بمعہ کھوپرہ کوٹیں۔ مثل موم کے ہو شہد ملا کر کوٹیں۔ شہد حسب منشا ملائیں۔ دوا موم کے مثل بن جائے تیار ہے۔

خوراک:

آدھا ماشہ ہمراہ گرم دودھ صبح شام کھلائیں۔

فوائد:

مقوی باہ درد اعصاب تمام امراض باردہ میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ شافہ

نسخہ نمبر3:

ھوالشافی:

مازو	ایک تولہ
مائیں	ایک تولہ
لودھ	ایک تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے، پوست ڈوڈا دو ماشہ، پانی پانچ تولہ میں جوش دے کر نصف رہے چھان کر اس پانی میں سفوف مذکورہ بالا گھول کر قبل از جماع رحم میں ایک شافہ رکھوائیں۔

پھر شافہ والے کپڑا کو رحم سے نکال کر مرد و عورت ملاقات کریں۔

بعد از جماع مذکورہ بالا طریقہ پر دوسرا شافہ ایک گھنٹہ رکھوائیں۔

ایک گھنٹہ بعد عورت شافہ کو نکال کر سیدھی پڑی رہے۔

انشاء اللہ ایک ہفتہ میں حمل قرار پائے گا۔

اگر اس ماہ میں مراد پوری نہ ہو تو دوسرے ماہ نسخہ نمبر2 نسخہ نمبر3 استعمال کریں۔ انشاء اللہ مراد پوری ہو گی۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حاملہ کے پیڑو کا درد

ھوالشافی:

سونف	دس تولہ
زیرہ سفید	ایک تولہ
الائچی خورد	ایک تولہ
گلقند	آدھ سیر

ترکیب:

تمام ادویات کوٹ چھان کر گلقند ملا کر گھوٹ کر رکھیں۔ معجون تیار ہے۔

خوراک:

ایک تولہ صبح و شام عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اسقاط حمل
بسبب ضعف رحم

جن عورتوں کا حمل بار بار گر جاتا ہو' ان کے واسطے یہ نسخہ مجرب ہے۔

معجون مقوی رحم:

ھوالشافی:

برادہ فیل دندان ایک ماشہ' سپاری ایک ماشہ' گلنار ایک ماشہ' ابریشم مقرض ایک ماشہ' کشتہ گوزن ایک ماشہ' موتی دو دو ماشہ' بسد دو ماشہ' شاخ مرجان دو ماشہ' یشب دو ماشہ' دھنیا دو ماشہ' عود ہندی دو ماشہ' زرنباد دو ماشہ' مصطگی دو ماشہ' کباب چینی دو ماشہ' گل ارمنی دو ماشہ' گل سرخ دو ماشہ' ترنجبین اڑھائی تولہ' شیرہ مربہ آملہ حسب ضرورت۔
تمام ادویات کو باریک کر کے شیرہ مربہ آملہ میں ملا کر رکھیں معجون تیار ہے -

ترکیب استعمال:

پانچ ماشہ صبح پانی سے حمل کے تیسرے ماہ سے شروع کر کے نو ماہ تک استعمال کرتے رہیں بہت مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اسقاط حمل

بسبب برودت رطوبت رحمی

سفوف برائے اسقاط حمل:

ھوالشافی:

سونف	پانچ تولہ
الائچی کلاں	دو تولہ
سنگجراحت	دو تولہ
کوئلہ پتھر	ایک تولہ
صدف مروارید	دو تولہ
گل ببول	آٹھ تولہ
چینی	آٹھ تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں سفوف تیار ہے۔

خوراک:

چھ ماشہ صبح' چھ ماشہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

نوٹ: جب حمل قرار پا جائے دوا شروع کریں۔ پانچ دن دوا استعمال کر کے چھوڑ دیں۔ پھر جب حمل چھ ماہ کا ہو دوا پندرہ دن استعمال کریں انشاء اللہ حمل ساقط نہ ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اسقاط حمل

بسبب حرارت صفراویت

ھوالشافی:

تخم کسنبہ	پانچ تولہ
دھنیا	پانچ تولہ
تخم مہندی	پانچ تولہ
صندل سرخ	پانچ تولہ
چینی	ایک پاؤ

تمام ادویات کو رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔ جب حمل قرار پا جائے چاند کی پہلی تاریخ سے سات تاریخ تک۔ پھر چاند کی سولہ تاریخ سے لے کر چاند کی بائیس تاریخ تک استعمال کریں اسی طرح آٹھ ماہ تک دوا کا استعمال رکھیں۔ اگر عورت میں کمی خون ہو تو دودھ میں شربت فولاد ملا کر پلائیں۔ اگر عورت کا مزاج گرم ہو طبیعت گرمی کا احساس کرتی ہو تو دودھ میں شربت بزوری ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

پرسوتی بخار

یہ نسخہ پرسوتی بخار اور بندش نفاس کو مجرب ہے

نسخہ جوشاندہ: یہ ایک خوراک ہے۔

ھوالشافی:

افسنتین	تین ماشہ
گلو	چھ ماشہ
چرائتہ	تین ماشہ
انجیر	چار عدد
منقی	آٹھ عدد
عناب	آٹھ عدد
ملٹھی	تین ماشہ

تمام ادویات کو پانی آدھ سیر میں جوش دیں۔ نصف رہے چھان کر شہد ملا کر مریضہ کو صبح و شام پلاتے رہیں۔

نفاس کی رکاوٹ دور ہو گی۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

عرق مصفی

یہ عرق عورت کو وضع حمل کے بعد ضرور پلائیں۔ اس کے استعمال سے عورت کا خون صاف ہو گا اور دودھ صاف پیدا ہو گا' بچہ تندرست رہے گا۔

ھوالشافی:

گلو	ایک پاؤ
افسنتین	ایک پاؤ
سونف	ایک پاؤ
اجوائن	پانچ تولہ
منقی	پانچ تولہ
انجیر	پانچ تولہ
منڈی	پانچ تولہ
زیرہ سفید	پانچ تولہ
سک نیم	پانچ تولہ
چرائتہ	پانچ تولہ
الائچی خورد	ایک تولہ

آٹھ سیر پانی ڈال کر چار سیر عرق نکالیں۔

خوراک:

پانچ تولہ صبح و شام پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

پرسوتی بخار

ھوالشافی:

پارہ	ایک تولہ
میٹھا تیلیا	ایک تولہ
کشتہ فولاد	چار تولہ
کشتہ سنکھ	آٹھ تولہ
گندھک	ایک تولہ
کشتہ ابرک سیاہ	ایک تولہ
مرچ سیاہ	تین تولہ
راکھ اپلہ جنگلی	سولہ تولہ

ترکیب:

اول پارہ اور گندھک کو رگڑ کر کجلی تیار کریں۔ اس کے بعد تمام ادویات رگڑ کر آب ادرک میں رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی دوپہر، ایک گولی شام ہمراہ عرق اجوائن پانچ تولہ عرق سونف پانچ تولہ، عرق مکو پانچ تولہ، شہد ایک چمچہ ملا کر پلائیں۔

فوائد:

کھانسی، بخار، سر درد، بے ہوشی، اپھارہ، اعضاء میں درد، پیٹ درد، اور جملہ پرسوتی تکالیف میں اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

مصفّی رحم

بچہ پیدا ہونے کے بعد یہ نسخہ پلائیں

ھوالشافی:

سونف	ایک تولہ
انجیر	چار عدد
منقی	آٹھ عدد
مغز بادام	دس عدد
زیرہ سیاہ	ایک ماشہ
مکو	چھ ماشہ

تمام ادویات کو کوٹ کر پانی آدھ سیر میں پکائیں۔ نصف رہے چھان کر شہد دو تولہ روغن زیتون ایک تولہ ملا کر گرم گرم پلائیں۔

چند روز صبح و شام پلانے سے تمام رحمی فضلات خارج ہو جائیں گے۔

عورت تمام پرسوتی تکالیف سے محفوظ رہے گی۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

عسر ولادت

ھوالشافی:

کلونجی چھ ماشہ آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ نصف رہے چھان کر شہد دو تولہ' زعفران ایک ماشہ گھول کر گرم گرم مریضہ کو پلائیں۔
انشاء اللہ ایک خوراک سے بچہ زندہ یا مردہ رحم سے خارج ہو گا۔
دوا پلانے سے پندرہ منٹ پہلے رحم میں شافہ زعفرانی رکھوائیں۔

نسخہ شافہ زعفرانی:

زعفران	ایک ماشہ
زردی بیضہ مرغ	ایک عدد

میں زعفران ملا کر شافہ کرائیں۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کرنگ

(بچے کا رحم میں سوکھ جانا)

ھوالشافی:

تخم انگن ایک تولہ پانی سے کھلائیں۔
اس دوا کی ایک خوراک کرنگ خارج ہو گا یا بچہ رحم میں پھولنا شروع ہو جائے گا۔

خوراک:

اگر یہ دوا استعمال کرانے سے مریضہ کو قے ہو جائے تو بچہ پھولنا شروع ہو جائے گا ورنہ کرنگ خارج ہو جائے گا۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ محافظ حمل

ھوالشافی:

صندل سفید	پانچ تولہ
تخم کسنبھ	پانچ تولہ
چینی	ایک پاؤ
دھنیا	پانچ تولہ
تخم مہندی	پانچ تولہ

ترکیب:
تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:
چھ ماشہ صبح، شربت فولاد دو تولہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

فوائد:
جن عورتوں کا حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیٹ کے اندر مرجاتا ہو اس کے واسطے مفید ہے۔

نوٹ:
جن عورتوں کا بشدت حرارت جگر حمل گر جاتا ہو یا بسبب قلت خون بچہ کو غذائی خون کے نہ ملنے سے بچہ مادر رحم میں فوت ہو جاتا ہے اس کے واسطے مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

امراض اطفال

کھانسی تر

ھوالشافی:

ناگر موتھہ	ایک تولہ
مگھاں	ایک تولہ
اتیس	ایک تولہ
کاکڑا سینگی	ایک تولہ

ترکیب:
تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:
دو رتی صبح، دوپہر، شام شربت گل بنفشہ سے کھلائیں۔

فوائد:
کھانسی، بخار، نزلہ، اسہال، قے، بدہضمی، امراض بارد میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کھانسی خشک

ھوالشافی:

بہی دانہ	دو تولہ
گل بنفشہ	دو تولہ
عناب	دو تولہ
لسوڑیاں	دو تولہ
بانسہ	دو تولہ
ملٹھی	دو تولہ
چینی	آدھ سیر

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ نصف رہے چھان کر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

دن میں تین چار بار چمچہ چمچہ پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

ام الصبیان

ھوالشافی:

جدوار خطائی	عود صلیب
دار چینی	جند بیدستر

تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے عرق سونف میں رگڑ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام، عرق پودینہ میں گھول کر شہد ملا کر پلائیں۔

بچے کی والدہ بھی ایک گولی صبح، ایک گولی شام عرق پودینہ کے ہمراہ استعمال کرتی رہے۔

انشاء اللہ بچہ راضی ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

دوائے ام الصبیان

جس بچہ کو قبض، ریحی معدہ، ہضم خراب رہتا ہو۔ ام الصبیان کے بھی دورے پڑتے ہوں، ان کے واسطے بہت مفید ہے۔

ھوالشافی:

جائفل	چھ ماشہ
جلوتری	چھ ماشہ
ہینگ بریاں	چھ ماشہ
مصبر	چھ ماشہ
زعفران	تین ماشہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

ایک چاول دودھ میں گھول کر شہد ملا کر پلائیں۔ دوا کا استعمال صبح و شام کریں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسوار برائے ام الصبیان

ھوالشافی:

آک کا ڈنڈا، کانپھل۔ مرچ سفید، تمام ادویات ہموزن باریک رگڑ کر رکھیں۔
دورہ کے وقت بچہ کے ناک میں قدرے دوا پھونکیں۔ بچہ کو چھینکیں آ کر دورہ ختم ہو جائے گا۔

حب برائے ام الصبیان:

ھوالشافی:

جدوار خطائی تین ماشہ، عود صلب تین ماشہ، اسطوخودوس تین ماشہ، دانہ الائچی کلاں تین ماشہ، ہینگ بریاں تین ماشہ، زعفران تین ماشہ۔
باریک رگڑ کر آدھی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ عرق سونف کے دیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

عطاس یا ہیضہ اطفال

گرمیوں میں گرمی لگنے سے بخار، قے، دست، سرسام، پیاس شدید کا مرض ہو جاتا ہے۔

علاج:

سفوف عطاس:

ھوالشافی:

طباشیر، الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی، دریائی کھوپہ، انار دانہ، سماق، تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے رکھیں۔ سفوف تیار ہے۔

خوراک:

دو رتی دن میں چار بار عرق گلاب دو تولہ، گلوکوز چھ ماشہ ملا کر

بچے کے پینے کا پانی :

خوب کلاں	چھ ماشہ
عرق گلاب	دس تولہ
پانی	آدھ سیر

ملا کر رکھیں۔ جب بچے کو پیاس لگے، یہی پانی نتھار کر گلوکوز ملا کر برف سے سرد کر کے پلاتے رہیں۔

بچے کے سر پر :

روغن گل	ایک تولہ
سرکہ	ایک تولہ
عرق گلاب	پانچ تولہ

ملا کر کپڑا تر کر کے بچے کے تالو پر رکھیں۔ دوسرا کپڑا برف کے پانی سے سرد کر کے رکھیں۔ اوپر والا کپڑا جب گرم ہو جائے تو پھر سرد پانی سے بھگو کر تالو پر رکھیں۔ اسی اصول کے مطابق علاج کرتے رہیں۔ بچہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔
بچہ کو دودھ پتلا کر کے برف ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

بچہ کا پیدا ہو کر مختلف رنگوں میں تبدیل ہونا

نسخہ مجرب

ھوالشافی:

ہینگ باریک رگڑ کر پانی ملا کر لیپ بنائیں اور بچے کے ہاتھوں' پاؤں کے ناخنوں پر ضماد کریں۔
ہینگ بقدر ایک ماشہ تعویذ کی طرح بچے کے گلے میں ڈالیں۔ چند منٹوں میں بچہ تندرست ہو گا۔

جس بچہ کو پیدا ہونے کے بعد پاخانہ نہ آئے

تو یہ نسخہ پلائیں

ھوالشافی:

گل سرخ ایک ماشہ' سنا ایک ماشہ' پانی دو تولہ' میں جوش دیں' نصف رہے مل چھان کر شہد تین ماشہ' بادام روغن ایک ماشہ ملا کر پلائیں' قبض دور ہو گی۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اگر بچہ کے پیٹ میں مروڑ' آؤں اور بلغم خارج ہو تو یہ نسخہ دیں

سفوف برائے پیچش

ھوالشافی:

کتھہ گلابی — گیرو
چھلکا اسپغول — طباشیر

تمام ادویات ہموزن تمام ادویات کو باریک کر کے چھان کر رکھیں۔

خوراک:

چار رتی صبح' دوپہر' شام' ہمراہ نقوع ریشہ خطمی کے پلائیں۔

نسخہ نقوع ریشہ خطمی

ھوالشافی:

ریشہ خطمی چھ ماشہ' بہی دانہ تین ماشہ' مروڑ پھلی تین ماشہ' لسوڑیاں پانچ عدد' گل بنفشہ تین ماشہ۔
تمام ادویات کو پانی دس تولہ میں بھگو کر رکھیں۔ مل چھان کر اس لعاب دار پانی میں مذکورہ بالا نسخہ گھول کر چینی ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال بارد

بچے کو سرد موسم میں سردی لگنے سے اسہال آئیں اور بخار ہو تو یہ نسخہ استعمال کریں۔

ھوالشافی:

جائفل	ایک تولہ
دار چینی	ایک تولہ
تخم الائچی کلاں	ایک تولہ
چینی	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

خوراک:

دو رتی، صبح، دوپہر، شام کو عرق اجوائن میں شہد ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال خونی

پیچش

اول بچہ کو کیسٹرائل پلا کر انتڑیوں کو صاف کر کے پھر قابضات استعمال کریں۔

نسخہ برائے پیچش:

ھوالشافی:

حب الاس	تین ماشہ
انجبار	تین ماشہ
بل گری	تین ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کوٹ کر پانی دس تولہ بھگو کر رکھیں
دن میں چار بار مل چھان کر چینی ملا کر پلائیں۔
خونی پیچش کا بہترین علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال برنگ سفید

ھوالشافی:

سہاگہ بریاں	ایک تولہ
دانہ الائچی کلاں	ایک تولہ
دار چینی	ایک تولہ
ناگر موتھہ	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک رگڑ کر چھان لیں۔ سفوف تیار ہے

خوراک:

ایک رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق اجوائن کے پلائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اسہال گرمائی

ھوالشافی:

طباشیر	ایک تولہ
الائچی خورد	ایک تولہ
زہرہ مہرہ خطائی	ایک تولہ
دریائی گھوپا	ایک تولہ
دھنیا	ایک تولہ
صندل سفید	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو مثل غبار باریک کر کے چھان کر رکھیں۔

خوراک:

دو رتی دن میں چار خوراک ہمراہ خشخاش تین ماشہ، دھنیا تین ماشہ، مغز کدو تین ماشہ گھوٹ کر پانی دس تولہ ملا کر چھان کر چینی ملا کر پلائیں۔

فائدہ:

اسہال گرمائی، بخار اور قے کے واسطے مجرب ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اکسیر اسہال عفونتی

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	سہاگہ بریاں
دانہ الائچی خورد	لونگ آک
کشتہ سنکھ	

ترکیب:

تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں سفوف تیار ہے۔

خوراک:

دو رتی، صبح، دوپہر، شام، عرق پودینہ میں گھول کر چینی ملا کر پلائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ برائے اسہال زرد و سبز

ھوالشافی:

ہلدی	زہر مہرہ خطائی
پوست ہلیلہ زرد	برگ بکائن سبز
زیرہ سفید	نرکچور
چھمکمونی	

ترکیب:

تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں

خوراک:

ایک ایک گولی دن میں تین بار عرق سونف میں گھول کر چینی ملا کر پلائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

اگر بچوں کو عفونتی پھٹکی دار اسہال آئیں تو یہ نسخہ دیں

نسخہ ملین قبض کشا

ھوالشافی

کیسٹرائل	ایک تولہ
گوند کیکر باریک شدہ	تین ماشہ

ترکیب ساخت:

اول گوند کیکر کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالتے اور کھرل کرتے رہیں جب گوند کا محلول گاڑھا بن جائے۔ پھر کیسٹرائل ملا کر خوب گھوٹیں یہاں تک کہ سفید رنگ کا محلول بن جائے اس میں پانی پانچ تولہ ڈال کر شیشی میں ڈالیں۔

بچہ کو چمچہ چمچہ چینی ملا کر پلاتے رہیں۔

اس کے استعمال سے بچے کا پیٹ صاف ہو جائے گا۔ اس کے بعد قابض اسہال ادویات دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ اکسیر بچگان

ھوالشافی:

پوست پوست سنگدانہ مرغ	ایک تولہ
دانہ الائچی خورد	ایک تولہ
کپور کچری	ایک تولہ
سوڈا بائیکارب	ایک تولہ
گلوکوز	پانچ تولہ

ترکیب:

تمام ادویات رگڑ کر چھان کر رکھیں۔

خوراک:

چار رتی صبح، دوپہر، شام عرق پودینہ میں ملا کر پلائیں۔

فوائد:

بچوں کے اسہال روکنے کو بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

قے و متلی

نسخہ ہاضم

ھوالشافی:

سونف	تین ماشہ
پودینہ	تین ماشہ
الائچی خورد	ایک ماشہ
زنجبیل (سونٹھ)	تین ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو تین چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ نصف رہے چھان کر شہد ملا کر بچہ کو چمچہ چمچہ پلاتے رہیں۔
قے و متلی دور ہو گی۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ زلال بارد

ھوالشافی:

اگر بچے کو گرمی کے بخار میں قے صفراوی آنے لگے تو یہ نسخہ دیں

سماق	چھ ماشہ
زرشک	چھ ماشہ
الائچی خورد	ایک ماشہ
مٹی گھرگھرکین	چھ ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو پانی ایک پاؤ میں گھول کر رکھیں۔

خوراک:

ادویات کو آب مقطر میں گلوکوز ملا کر بچہ کو چمچہ چمچہ پلاتے رہیں۔

فوائد:

بچہ کے قے دستوں کو روکنے میں بہت مفید ہے۔

الحمد للحیی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

بچوں کی بد ہضمی

نسخہ سفوف ہاضم

ھوالشافی:

سہاگہ بریاں	پانچ تولہ
نمک سیاہ	پانچ تولہ
دانہ الائچی خورد	ایک تولہ
زنجبیل	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح، دوپہر، شام کو ہمراہ عرق سونف، عرق پودینہ، عرق اجوائن کے استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دوائے بد ہضمی

ھوالشافی:

ریوند چینی	دس تولہ
سوڈا بائیکارب	پانچ تولہ
زنجبیل	اڑھائی تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک رگڑ کر چھان رکھیں

خوراک:

چار رتی صبح و شام عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد:

پیٹ کے درد، اپھارہ اور قبض کو دور کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ اکسیر ڈبہ

ھوالشافی:

سنڈھ
کاکڑا سینگی
مگھاں
کشتہ گوزن:
تمام ہم وزن

ترکیب:

تمام ادویات ہم وزن لے کر بہت باریک کر کے رکھیں۔ دوا تیار ہے۔

خوراک:

ایک رتی شہد تین ماشہ گرم پانی میں گھول کر پلائیں۔
دن میں تین خوراک کافی ہیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

مالش برائے ڈبہ

ھوالشافی:

موم شہد والی	ایک تولہ
روغن کنجد	دو تولہ
لونگ	ایک ماشہ
جائفل	ایک تولہ

ترکیب:

روغن کنجد میں موم ملا کر پگھلائیں۔ آگ سے اتار کر لونگ اور جائفل باریک کر کے ملا کر رکھیں۔ مالش تیار ہے۔
بچے کے سینہ اور پسلیوں پر مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔ انشاء اللہ بچے کو درد سے نجات حاصل ہو گی۔
آزمودہ ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

ڈبہ نمونیا

اگر بچے کے سینہ میں بلغم غلیظ کا اجتماع ہو کر بلغم کی کھڑکھڑاہٹ ہو تو یہ نسخہ استعمال کریں

نسخہ مخرج بلغم

ھوالشافی:

عصارہ ریوند	ایک رتی

ترکیب:

عصارہ ریوند کو باریک کر کے نیم گرم پانی میں شہد ملا کر گھول کر پلائیں۔

فوائد:

قے و دست آ کر سینہ سے منجمد بلغم خارج ہو کر تنگی تنفس دور ہو گی۔
اگر ایک خوراک سے قے و دست نہ آئیں تو ایک گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک پلائیں۔
بعد میں خوراکی کشتہ گوزن دیں۔

کشتہ گوزن:

ھوالشافی:

گوزن	پانچ تولہ
اجوائن	پانچ تولہ
قلمی شورہ	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

اجوائن اور قلمی شورہ کو رگڑ کر تھوڑا سا پانی ملا کر گوزن پر لیپ کریں۔
کوئلوں کی آگ کے درمیان رکھ کر پڑا رہنے دیں۔ جب آگ سرد ہو جائے گوزن کو نکال کر شیر مدار سے تر کر کے رکھیں۔
خشک کر کے کوزہ میں ڈال کر آگ دیں۔ بڑوں کو ایک رتی، بچوں کو ایک چاول چائے وغیرہ سے دیں۔
نمونیا کا مجرب علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کوکر کھانسی

ھوالشافی:

سہاگہ بریاں	دس تولہ
آٹا ملٹھی	دس تولہ
چینی	دس تولہ
شیرمدار	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات باریک کرکے شیرمدار ملا کر خوب رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی دن میں چار بار پانی میں گھول کر پلائیں۔

فوائد:

ہر قسم کی کھانسی، خشک ہو یا تر، دونوں کو مفید ہے۔ نیز تشنجی کھانسی کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ کوکر کھانسی

ھوالشافی:

کھوپہ	ایک پاؤ
سہاگہ	ایک تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ
نمک سیاہ	ایک تولہ
چھمکمونی	ایک تولہ
کاکڑا سینگی	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو کوٹ کر آک کے دودھ سے تر کرکے کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی دن میں چار خوراک شہد ملا کر چٹائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب کوکر کھانسی

یہ نسخہ گردی محرک اعصابی مسکن ہونے کے سبب کھانسی کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی:

فلفل احمر	ایک تولہ
رائی	ایک تولہ

ترکیب:

باریک رگڑ کر پانی ملا کر رتی رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:

ایک ایک گولی چار بار دن میں پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد:

یہ نسخہ ہیضہ کے واسطے بھی بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت برائے کھانسی

ھوالشافی:

سہاگہ	ایک تولہ
ملٹھی	دو تولہ
پانی	آدھ سیر

ترکیب:
تمام ادویات کو کوٹ کر پانی میں جوش دیں۔ نصف رہے چینی آدھ سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک:
بچے کو دن میں تین چار بار چٹائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کھانسی خشک شدید

جو کھانسی پھیپھڑوں کہ باریک نالیوں کی سوزش کی وجہ سے ہو۔ تو یہ نسخہ دیں ا

ھوالشافی:

گل بنفشہ	تین ماشہ
گل بابونہ	تین ماشہ
مکو	تین ماشہ
السی	تین ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو جوش دیں، پانی ایک پاؤ میں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر شہد ایک
تولہ، روغن بادام چھ ماشہ ملا کر بچہ کو شام تک چمچہ چمچہ پلاتے رہیں۔
سینہ پر روغن محلل کی مالش کریں۔

نوٹ: نسخہ روغن محلل ورم اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ روغن محلل ورم:

ھوالشافی:

کالی زیری	ایک تولہ
السی	ایک تولہ
گل بابونہ	ایک تولہ
مکو	ایک تولہ
تخم میتھے	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کوٹ کر آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہے چھن کر روغن کنجد
ایک پاؤ ملا کر پکائیں۔
جب پانی جل جائے تیل کو سرد کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔
پھیپھڑوں کے مقام پر آگے پیچھے مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

چیچک

نسخہ برائے چیچک:

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
کشتہ سنکھ	پانچ تولہ
زعفران	تین ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:

چار رتی دن میں تین بار دیں۔

الحمد للحی القیوم
للہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

عرق مصفی خون

ھوالشافی:

السستین	پانچ تولہ
عناب	پانچ تولہ
چرائتہ	پانچ تولہ
شاہترہ	پانچ تولہ
نکو	پانچ تولہ
برگ نیم	پانچ تولہ
منڈی	پانچ تولہ
پانی	دس سیر

عرق پانچ سیر نکالیں۔

خوراک:

پانچ تولہ دن میں تین بار دیں۔

الحمد للحی القیوم
للہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت عناب مرکب

(برائے چیچک)

ھوالشافی:

عناب	ایک پاؤ
انجیر	پانچ تولہ
خوب کلاں	تین تولہ

پانی ایک سیر ڈال کر پکائیں۔ نصف رہے چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

خوراک:

دو تولہ

ترکیب استعمال:

نسخہ برائے چیچک	چار رتی
عرق مصفی خون	پانچ تولہ
شربت عناب مرکب	دو تولہ

تمام اشیاء کو ملا کر نوش کرائیں۔ صبح، دوپہر، شام۔ روح کیوڑہ چیچک کے واسطے خاص طور پر مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

خسرہ

سفوف برائے خسرہ:

ھوالشافی:

زعفران	ایک ماشہ
کشتہ سنکھ	تین ماشہ
گندھک آملہ سار	تین ماشہ

باریک کر کے سفوف بنائیں۔

خوراک:

ایک رتی، صبح، دوپہر، شام ہمراہ جوشاندہ عناب مرکب سے دیں۔

جوشاندہ عناب مرکب:

ھوالشافی:

عناب چھ عدد، انجیر تین عدد، منقیٰ تین عدد، خاکسی تین ماشہ، پانی ایک پاؤ میں جوش دے کر رکھیں۔ مذکورہ بالا سفوف خسرہ اس جوشاندہ میں گھول کر شہد ملا کر پلائیں جب بچہ کو پیاس لگے یہی پانی دیتے رہیں۔ ان شاء اللہ تمام خسرہ کا مادہ نکل کر بچہ تندرست ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

سوکڑا

یہ مرض ضعف معدہ سے پیدا ہوتا ہے۔ کبھی اسہال اور کبھی قبض ہو، پیٹ پھولا ہوا ہو، بچے کی ٹانگیں اور گردن سوکھی ہوئی ہوتی ہے۔

نسخہ مقوی معدہ:

ھوالشافی:

مصطگی رومی	لونگ
الائچی خورد	پودینہ خشک
زیرہ سفید	بادیان
پوست سنگدانہ مرغ	

ہر ایک ایک تولہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام کو ہمراہ عرق خمسہ کے دیں۔

نوٹ: نسخہ عرق خمسہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

نسخہ عرق خمسہ:

ھوالشافی:

سونف	دس تولہ
اجوائن	دس تولہ
پودینہ	دس تولہ
زیرہ سفید	دس تولہ
گل سرخ	دس تولہ
پانی	آٹھ سیر

تمام ادویات کو پانی میں بھگو کر چار سیر عرق کشید کریں۔

خوراک:

دو تولہ صبح، دوپہر، شام بچے کو پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تریاق سوکھا مسان

ھوالشافی:

ست گلو	ایک تولہ
الائچی خورد	ایک تولہ
دریائی کھوپہ	ایک تولہ
مغز کول ڈوڈا	ایک تولہ
طباشیر	ایک تولہ
زہر مہو خطائی	ایک تولہ
سہاگہ بریاں	ایک تولہ
خوب کلاں	ایک تولہ
کلیجی بکرا جوان بریاں خشک شدہ	سات تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام عرق گلاب اور گلوکوز ملا کر پلائیں۔

سفوف کلیجی بنانے کی ترکیب:

ھوالشافی:

کلیجی بکرا حسب ضرورت لے کر چھوٹی کڑاہی میں کلیجی کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ چمچہ ہلاتے رہیں۔

جب کلیجی کا پانی خشک ہو جائے آگ سے اتار کر باریک کر کے سفوف بنا کر مذکورہ بالا نسخہ میں شامل کریں۔

یہ نسخہ خاکسار کا بے شمار بچوں پر آزمودہ ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

سوکڑا

ہلکا ہلکا بخار، خرابی ہضم، اسہال پیچش ہوتے ہیں، انتڑیاں مبتلائے مرض ہوتی ہیں۔

نسخہ سفوف خاکسی:

ہوالشافی:

زہر مہرہ خطائی	ایک تولہ
کشتہ صدف	ایک تولہ
طباشیر	ایک تولہ
الائچی خورد	ایک تولہ
کشتہ سنگ یشب	چھ ماشہ
سنگ یہود	ایک تولہ
خوب کلاں	چھ ماشہ
ورق چاندی	دس عدد

تمام ادویات کو رگڑ کر چھان کر رکھیں۔

خوراک:

دو رتی سے چار رتی ہمراہ عرق گاؤ زبان، بچوں کو سوکھا تپ تورکی میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیرالرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت مفید اطفال

ہوالشافی:

بانسہ	ایک سیر
گاؤ زبان	ایک پاؤ
خوب کلاں	دس تولہ
ملٹھی	دس تولہ
سرطان نہری	تین تولہ
نیلوفر	بیس تولہ

تمام ادویات کو آٹھ سیر پانی ڈال کر شام کو بھگوئیں، صبح عرق کشید کریں۔ عرق کی چھ بوتل نکالیں۔

کشید شدہ عرق میں چھ تولہ چونا ان بجھ ملا کر چھ گھنٹہ کے بعد عرق نتھار لیں اس عرق میں سپرٹ کمفو دو اونس ملا کر چینی چھ سیر ملا کر شربت بنا کر بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔

خوراک:

تین ماشہ سے چھ ماشہ تک شربت پانی میں ملا کر صبح و شام پلائیں۔

فوائد:

بچوں کے اکثر امراض، قے، دست، کھانسی، بخار، دودھ الٹنا، سوکڑا کو مفید ہے۔ تندرست بچے کو پلانے سے بچہ موٹا تازہ رہتا ہے۔ اگر اس شربت کے ساتھ نسخہ کلیجی بکرا والا استعمال کریں تو بچہ بہت جلد موٹا ہو جاتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیرالرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

جس بچہ کو تپ تور کی بگڑ کر سوکھا ہو جائے تو یہ نسخہ دیں

نسخہ سفوف زعفرانی

ھوالشافی:

زعفران	تین ماشہ
کستوری	ایک رتی
افیون	ایک رتی
بیر بہوٹی	دو ماشہ

ترکیب:

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف کر لیں۔

خوراک:

ایک چاول ہمراہ عرق گلاب دن میں تین بار دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ تور کی

کشتہ سنگ پشت:

ھوالشافی:

کچھوے کی کھوپڑی لے کر ایک من اپلوں میں رکھ کر آگ دیں۔ آگ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

کشتہ تیار ہے۔

خوراک:

ایک رتی دن میں تین بار ہمراہ جوشاندہ عناب پانچ عدد، منقہ پانچ عدد خوب کلاں تین ماشہ دن میں اس جوشاندہ سے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے تپ تور کی اسہالی

ھوالشافی:

بیر بہوٹی	ایک ماشہ
زعفران	ایک ماشہ
گندھک آملہ سار	تین ماشہ
کشتہ سنکھ	تین ماشہ
منقیٰ بمعہ تخم	تین ماشہ

تمام ادویات کو رگڑ کر رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق گاؤ زبان مرکب کے دیں۔

عرق گاؤ زبان مرکب:

ھوالشافی:

گاؤ زبان، منقہ، انجیر، خوب کلاں ہر ایک پانچ پانچ تولہ، کو دس تولہ عناب دس تولہ، پانی چھ سیر عرق تین سیر کشید کریں۔

خوراک: دو تولہ صبح، دوپہر، شام کو پلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

ملیریا بخار

کشتہ گئودنتی:

ھوالشافی:

گئودنتی	ایک سیر
برگ نیم	آدھ سیر
گلو سبز	آدھ سیر

ترکیب ساخت:

نیم اور گلو کوٹ کر اس کے درمیان گئودنتی رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید ہو گا۔

خوراک:

ایک رتی شربت گل بنفشہ سے استعمال کریں۔

دن میں تین بار دیں۔

فوائد:

چڑھے ہوئے بخار کو اتارتا، اترے ہوئے دوبارہ آنے سے روکتا ہے۔ بچوں اور بڑوں کے واسطے یکساں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نسخہ سفوف اتیس

ھوالشافی:

اتیس	ایک تولہ
چینی	ایک تولہ

ترکیب:

دونوں کو باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی چائے میں ملا کر دن میں تین بار دیں۔

فائدہ:

بچوں کے واسطے کونین سے بہتر ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

بستر پر پیشاب کرنا

نسخہ سفوف مجرب:

ھوالشافی:

تم حرمل حسب منشا لے کر باریک کر رکھیں۔

خوراک:

صبح و شام ایک ماشہ پانی سے کھلائیں۔ مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

بندش بول

علاج:

هوالشافی:

گل کیسو دو تولہ پانی میں پکا کر مثانہ پر ٹکور کریں۔

نسخہ:

نوشادر	قلمی شورہ
جوکھار	نمک مولی

ہر ایک دوا ایک ایک تولہ رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک:

دو رتی دودھ میں گھول کر پلائیں۔
یہ ضماد مثانہ پر لگائیں۔

ضماد:

چوہے کی مینگنی چھ ماشہ، قلمی شورہ تین ماشہ پانی سے گھوٹ کر مثانہ پر لگائیں پیشاب جاری ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

قبض

معجون قبض کشا:

هوالشافی:

سناء کے پتے	ایک پاؤ
شہد	ایک پاؤ
گھی	ایک پاؤ

ترکیب ساخت:

سناء کے پتوں کو (ڈنٹھل علیحدہ کر کے) باریک کر کے چھلنی سے چھان کر گھی شہد ملا کر رکھیں۔ معجون تیار ہے۔

خوراک:

بچوں کو تین ماشہ معجون سناء دودھ میں گھول کر پلائیں۔
بڑوں کو ایک چمچہ معجون کھلا کر گرم گرم دودھ پلائیں۔

فوائد:

بے ضرر قبض کشا ہے۔ یہ معجون اخلاط ثلاثہ کا مسہل ہے۔ صفرا، بلغم، سودا کو جسم سے خارج کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب قبض کشا

ھوالشافی:

صبر	ایک تولہ
مصطگی	ایک تولہ
ریوند عصارہ	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو رگڑ کر پانی کی مدد سے دانہ مونگ گولیاں بنائیں۔

خوراک:

بچوں کو نمونیا کی حالت میں بلغم کو خارج کرنے کے واسطے بھی یہی گولیاں استعمال کریں۔ تمام بلغمی رطوبت کو دستوں کے ہمراہ خارج کرتا ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیرالرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

باب حمیات

ملیریا بخار

عرق کافوری:

مسکن حرارت، مدر بول، تپ صفراوی کو بھی مفید ہے۔

ھوالشافی:

کافور	تین ماشہ
ست لیموں	چھ ماشہ
قلمی شورہ	دو تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر بوتل تین پاؤ والی میں ڈال کر گرم پانی سے بھر کر خوب ہلا کر رکھیں۔ دوسرے دن کپڑے سے چھان کر بوتل میں بھر کر رکھیں۔

خوراک:

دو تولہ، بخار کے دوران دن میں تین بار دیں۔ بخار کی جملہ تکالیف، پیاس، جلن تے وغیرہ دور ہو گی۔

خوراک:

دو تولہ، بخار کے دوران دن میں تین بار دیں۔ بخار کی جملہ تکالیف، پیاس، جلن تے وغیرہ دور ہو گی۔

نوٹ: یہ عرق عورتوں اور بچوں کو نہ دیں۔ عورتوں بچوں کو کافور مضر ہوتا ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیرالرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

حب برائے ملیریا

ھوالشافی:

مغز کرنجوہ	پانچ تولہ
لونگ آک	پانچ تولہ
ورقیہ	ایک تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

دو گولی قبل از بخار دودھ سے دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

گھوٹہ برائے ملیریا بخار

ھوالشافی

سونف	ایک تولہ
کاسنی	ایک تولہ
گلو	ایک تولہ
گل سرخ	دو تولہ

ترکیب:

صبح و شام گھوٹ کر مریض کو پلائیں۔

نوٹ:

جو ادویات چاہیں دیں لیکن یہ گھوٹہ صبح و شام مریض کو ضرور پلاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

عرق تلخ

ھوالشافی:

برگ تلسی	اڑھائی تولہ
چرائتہ	اڑھائی تولہ
گلو	اڑھائی تولہ
منڈی	اڑھائی تولہ
شاہترہ	اڑھائی تولہ
اجوائن	اڑھائی تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کو دو سیر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ نصف رہے مل چھان کر نوشادر ایک تولہ، تیزاب گندھک پچیس بوند ملا کر رکھیں۔ چار پہر کے بعد نتھار کر بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔

خوراک:

دو تولہ صبح، دوپہر، شام پلائیں۔ قبض ہو تو سالٹ ایک تولہ ملا کر پلائیں۔
چڑھے ہوئے بخار کو اتارتا، اترے ہوئے کو روکتا ہے۔ از حد مصفی خون ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

حب تلسی

برائے ملیریا بخار

ھوالشافی:

برگ تلسی خشک	ایک تولہ
مرچ سیاہ	ایک تولہ
شنگرف	ایک تولہ

ترکیب:

اول شنگرف کو خوب باریک کریں۔ اس کے بعد مرچ سیاہ اور برگ تلسی باریک کر کے ملا کر پانی ملا کر خوب گھوٹ کر رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک:

ایک گولی بخار سے ایک گھنٹہ قبل دودھ سے کھلائیں۔ ان شاء اللہ پہلی گولی سے بخار رک جائے گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ دق

نسخہ اکسیر تپ دق:

ھوالشافی:

ست گلو	ایک تولہ
طباشیر	ایک تولہ
الائچی خورد	ایک تولہ
کشتہ سنکھ	ایک تولہ
کشتہ ابرک سیاہ	ایک تولہ
گندھک	ایک تولہ
پارہ	ایک تولہ

ترکیب:

اول پارہ گندھک ملا کر خوب رگڑ کر کجلی تیار کریں۔ بعد میں باقی ادویات رگڑ کر ملا کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، ایک ماشہ شام ہمراہ عرق مفید تپ دق استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

عرق مفید تپ دق

ھوالشافی:

پوست نیم	ایک سیر
پوست پیپل	ایک سیر
پوست کیکر	ایک سیر
گلو سبز	ایک سیر
بانسہ	ایک سیر
کاسنی	ایک سیر
کافور	ایک تولہ
خوب کلاں	ایک پاؤ

ترکیب:

تمام ادویات کوٹ کر سولہ سیر پانی ڈال کر آٹھ سیر عرق نکالیں۔

خوراک:

دس تولہ صبح و شام مریض کو پلاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرالرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت تلخ

برائے تپ دق

ہوالشافی:

افسنتین — تین تولہ
زوفہ — تین تولہ
ملٹھی — تین تولہ
خطمی — تین تولہ
کاسنی — تین تولہ
چرائتہ — تین تولہ
چینی — ایک سیر
پھول گلاب — تین تولہ
بانسہ — تین تولہ
کرفس — تین تولہ
خبازی — تین تولہ
گلو — تین تولہ
نیلوفر — تین تولہ

ترکیب: تمام ادویات کو دو سیر پانی میں بھگو کر جوش دیں۔ جب نصف رہے چھان کر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک: تین تولہ، پانی ملا کر کشتہ مرکب کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ مرکب

ہوالشافی:

سنکھ — ایک تولہ
ابرک سیاہ — ایک تولہ
شاخ مرجان — ایک تولہ
عقیق — ایک تولہ
صدف مروارید — ایک تولہ

ترکیب:

تمام ادویات کوٹ کر جوشاندہ گلو، چرائتہ میں رگڑ کر آگ دیں۔ اس طرح تین آگ دیں۔ باریک رگڑ کر رکھیں۔

خوراک:

[illegible] رتی صبح، دو رتی شام ہمراہ شربت تلخ کے دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ تورکی

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
آب لسن	پانچ تولہ

گندھک کو باریک کر کے آب لسن میں کھرل کر کے خشک کر کے رکھیں۔

خوراک:

دو رتی، صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق تپ تورکی استعمال کریں۔

نسخہ عرق تپ تورکی:

ھوالشافی:

گاؤزبان ایک پاؤ، خوب کلاں ایک پاؤ، منقیٰ ایک پاؤ، سونف ایک پاؤ، پانی دس سیر۔ پانچ سیر عرق نکالیں۔

خوراک:

پانچ تولہ، ایک تولہ شہد میں ملا کر دیں۔ تورکی کے دانوں کو نکالنے، بخار کو دور کرنے میں بہت کامیاب دوا ہے۔ مریض کو خمیرہ مروارید بھی استعمال کراتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ تورکی اسہال

ھوالشافی:

گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
کشتہ سنکھ تیار کردہ در نغدہ برگ نیم	پانچ تولہ
سوڈا بائیکارب	پانچ تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر شیشی میں رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ جوشاندہ تپ تورکی کے استعمال کریں۔

نسخہ جوشاندہ تورکی:

ھوالشافی:

عناب دس عدد، منقیٰ دس عدد، خوب کلاں ایک تولہ، گاؤزبان ایک تولہ، پرسیاؤشاں ایک تولہ۔

تمام ادویات کو ایک سیر پانی میں جوش دے کر رکھیں۔ مل چھان کر دن میں تین بار شہد ملا کر استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ محرقہ صفراوی

اگر تپ محرقہ میں خونی پیچش آنے لگیں تو نمکیات سے علاج نہ کریں۔ نمکیات سے انتڑیوں کے زخم بڑھ جاتے ہیں۔

نسخہ تپ محرقہ بمعہ خونی پیچش:

هوالشافی:

الائچی خورد	دو تولہ
طباشیر	دو تولہ
چھلکا اسپغول	پانچ تولہ
کشتہ ہڑتال گئودنتی نغدہ نیم والا	دو تولہ

تمام ادویات کو باریک کر کے رکھیں۔

خوراک :

دو ماشہ، صبح، دوپہر، شام، ہمراہ شربت انجبار
ساتھ میں خیساندہ ریشہ خطمی پلائیں۔

نسخہ خیساندہ ریشہ خطمی:

هوالشافی:

ریشہ خطمی	ایک تولہ
بہی دانہ	ایک تولہ
لسوڑیاں	ایک تولہ
عرق مکو	دس تولہ
پانی	آدھ سیر

تمام ادویات کو پانی میں بھگو کر رکھیں۔ مل چھان کر گلوکوز ملا کر پلائیں۔

غذا :

چاولوں کی پچھ یا سابودانہ کھلائیں۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی:

هوالشافی:

گئودنتی حسب منشاء لے کر نیم کے پتوں کے نغدہ میں رکھ کر آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

باریک کر کے رکھیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ محرقہ صفراوی

ھوالشافی

علاج:

نسخہ نقوع بارد:

ھوالشافی:

آلو بخارا	دس دانے
نیلوفر	ایک تولہ
املی	تین تولہ
صندل سفید	چھ ماشہ

پانی ایک سیر میں بھگو کر رکھیں۔
مریض کو چار بار مل چھان کر گلوکوز ملا کر پلائیں۔

نسخہ سفوف بارد:

ھوالشافی:

جوکھار پانچ تولہ، قلمی شورہ پانچ تولہ، طباشیر پانچ تولہ، الائچی خورد پانچ تولہ، ست گلو پانچ تولہ، روغن صندل ایک تولہ، پیپر منٹ چھ ماشہ، کافور چھ ماشہ۔
تمام ادویات کو بارک کر کے سفوف تیار کریں۔

خوراک : ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری دو تولہ، شربت سکنجبین دو تولہ، پانی ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

تپ محرقہ صفراوی

اگر محرقہ بخار میں مریض ہذیان کرتا ہو۔ دماغ میں ورمی کیفیت پیدا ہونے کا خطرہ ہو تو مریض کے سر پر گل روغن سرکہ ہم وزن ملا کر تالو پر پٹی تر کر کے رکھیں۔ اس پٹی کے اوپر دوسری پٹی برف والے پانی میں بھگو کر رکھیں۔ سر کو سرد رکھیں۔
اگر محرقہ والے مریض کو دست آرہے ہوں تو یہ نسخہ حابس اسہال دیں۔

نسہ حابس اسہال:

ھوالشافی:

صندل سفید	ایک تولہ
دھنیا	ایک تولہ
زہر مہرہ خطائی	ایک تولہ
دریائی کھوپہ	ایک تولہ
انار دانہ	ایک تولہ
زرشک	ایک تولہ
پوست ساق	ایک تولہ

تمام ادویات کو رگڑ کر سفوف بنائیں۔

خوراک : تین ماشہ صبح دوپہر شام، ہمراہ گھوٹہ حابس اسہال دیں۔

نسخہ گھوٹہ حابس اسہال:

ھوالشافی:

خشخاش، دھنیا، مغز کدو چھ چھ ماشہ لے کر گھوٹ چھان کر گلوکوز ملا کر پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

شربت تبرید تسکین

ھوالشافی:

مغز تخم خیارین	پانچ تولہ
مغز کدو	پانچ تولہ
تخم خرفہ	پانچ تولہ
آلو بخارا	دس تولہ
تخم کاہو	پانچ تولہ
نیلوفر	پانچ تولہ
املی	دس تولہ

نیلوفر، املی اور آلو بخارا کے علاوہ تمام ادویات کو گھوٹ کر پانی ایک سیر ملا کر چھان لیں پھر اس پانی میں آلو بخارا، املی اور نیلوفر کو بھگو رکھیں۔ تین گھنٹہ کے بعد مل چھان کر چینی ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک :

دو تولہ دن میں تین بار پلائیں۔

اس کے ہمراہ کشتہ صدف دو رتی ہر خوراک کے ساتھ دیتے رہیں۔ اس شربت کے استعمال سے پیشاب کا ادرار ہو کر جسم سے صفرا خارج ہو جاتا ہے۔ چند دنوں میں مریض کا درجہ حرارت اصلی حالت پر آ جائے گا۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

تمباکو

سمی علامات:

اس کے کھانے سے جی متلانا، گھبراہٹ، نظر دھندلی، سرد پسینہ، سر چکرانا، نبض کمزور دم گھٹنا۔

علاج :

اول قے آور ادویات دے کر قے کرائیں۔ پھر چائے اور قہوہ پلائیں۔ خمیرہ گاؤ زبان عنبری کھلائیں۔

دودھ گھی بہت مفید ہے۔

ناک میں روغن بادام ڈالیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

دھتورہ

سمی علامات:

سر چکرانا، حواس باختہ، نظر میں فتور، دیوانوں جیسی حالت ہو جاتی ہے۔

علاج :

اول قے آور ادویات دے کر قے کرائیں۔
اس کے بعد:
بنولہ دس تولہ لے کر خوب گھوٹیں۔ پانی ملا کر بنولے کا دودھ بنائیں۔ پانی چھان کر چند بار پلائیں۔ زہریلا اثر دور ہو گا۔
اس کے بعد دودھ گھی پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کچلہ

سمی علامات:

دو ماشہ زہر قاتل ہے۔
کچلہ کے کھانے سے تھوڑی دیر بعد زہریلی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ منہ کا ذائقہ تلخ ہو جاتا ہے۔ دم گھٹتا ہے، چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ اعضاء میں تناؤ آ جاتا ہے، قوت بصارت، قوت سماعت تیز ہو جاتی ہے۔ آنکھیں ٹکٹکی باندھ جاتی ہیں۔

علاج :

قے آور ادویات دے کر قے کرائیں۔ اس کے بعد دودھ گھی پلائیں۔ جسم پر گھی کی مالش کریں۔ مریض کو یہ گھونٹہ پلائیں۔
چہار مغز چار تولہ، تخم کاہو ایک تولہ، خشخاش ایک تولہ، گھوٹ کر چھان کر پلائیں۔
اس کے استعمال سے بے چینی، گھبراہٹ اور تشنج دور ہو گا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

بھنگ

سمی علامات:

مریض حواس باختہ ہو جاتا ہے۔ ہنسی خوب آتی ہے، مریض خوشی کے نعرے لگاتا ہے۔

علاج :

مریض کو پہلے قے آور ادویات دیں۔
اس کے بعد ترش ادویات پلائیں (ترش لسی، لیموں کا پانی وغیرہ) ہینگ چار رتی پانی میں گھول کر پلائیں۔
تمام زہریلی علامات دور ہو جائیں گی۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

جمال گوٹہ

سمی علامات:

قے، دست، نبض کمزور، سرد پسینہ کا آنا۔

علاج :

مریض کو گھی دودھ پلائیں۔
دھنیا باریک کر کے دہی سے کھلائیں۔
گوند کتیرہ ایک تولہ باریک کر کے دہی میں گھول کر بار بار پلائیں۔
دست رک جائیں گے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

میٹھا تیلیا

سمی علامات:

اس کی زیادہ مقدار میں کھلانے سے زبان اور منہ بے حس ہو جاتا ہے، جی متلاتا ہے، قے آتی ہے، نبض کمزور ہو جاتی ہے۔

علاج :

قے آور ادویات دے کر معدہ کو صاف کریں۔
اس کے بعد جوارش مفرح کھلائیں۔
مرچ سیاہ میٹھا تیلیا کی زہر کا خاص تریاق ہے۔
مرچ سیاہ تین ماشہ چینی میں رگڑ کر مریض کو کھلائیں۔ دودھ گھی پلائیں۔
جسم پر روغن کنجد دس تولہ میں مرچ سیاہ ایک تولہ ملا کر مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سم الفار

اگر سم الفار کھانے سے قے اور خونی دھاریوں والے دست آئیں تو دس عدد انڈوں کی سفیدی میں کتھہ سفید گھول کر پلائیں۔ (کتھہ سفید پانچ تولہ) ارنڈ کے پتے پانی سے گھوٹ کر نچوڑ کر پلانا سم الفار کے زہر کو دور کرتا ہے۔
ایسے مریض کو دودھ گھی پلاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

افیون

افیون خورہ کی سمی علامات:

مریض بے ہوشی کی حالت میں پڑا رہتا ہے۔
مریض کے منہ سے افیون کی بو آتی ہے۔
مریض خراٹے سے سانس لیتا ہے' آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔
آنکھوں کی پتلیاں سکڑ جاتی ہیں۔

علاج:

جتنے وزن کی مریض نے افیون کھائی اتنے وزن کی فرفیون پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔
یہ دوا افیون کے اثر کو زائل کرتی ہے۔ پھر ریوند عصارہ ایک ماشہ پانی میں گھول کر پلائیں
جس سے قے دست آکر معدہ صاف ہو جائے گا۔
اس کے بعد مقوی و محرک ادویہ استعمال کریں۔
زعفران ایک ماشہ' ہینگ ایک ماشہ پانی میں گھول کر پلائیں۔ مریض کو دودھ گھی پلائیں۔

نوٹ:

اگر یہ معلوم نہ ہو کہ مریض نے کتنی مقدار میں افیون کھائی ہے تو نشے کی شدت دیکھ کر طبی مفردات کے بتائے ہوئے وزن کی خوراک دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

پارہ

سمی علامات:

پارہ یا اس کے مرکبات رسکپور' شنگرف' دار چکنہ کے زیادہ استعمال سے مریض کا گلا گھٹنے لگتا ہے۔ کسی بھی چیز کا نگلنا دشوار ہو جاتا ہے۔ قے اور دست آتے ہیں جن میں خون کی آمیزش ہوتی ہے۔

علاج:

دس انڈوں کی سفیدی اور زردی باہم ملا کر پلائیں۔
اس کے پانچ منٹ بعد قے آور ادویات دے کر قے کرائیں۔
عصارہ ریوند ایک ماشہ پانی سے کھلائیں۔ تمام زہر خارج ہو جائے گا۔
پھر لعاب دار اشیاء کا لعاب پلاتے رہیں۔
بہی دانہ ایک تولہ' اسپغول ایک تولہ' آدھ سیر پانی میں بھگو کر کپڑے سے چھان کر لعاب پلاتے رہیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کافور

سمی علامات:

سردرد، ہذیان، غشی، سانس کی تنگی۔

علاج:

اول قے آور ادویات دے کر معدہ کو صاف کریں۔
اس کے بعد

زعفران	ایک ماشہ
مرچ سیاہ	دو تولہ

باریک کر کے دودھ گھی سے کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوا الفضل العظیم

بچھو کا کاٹنا

ھوالشافی

آب مولی بچھو کے زہر کا تریاق ہے۔
مقام گزیدہ پر مولی کا پانی لگانے سے فوراً تسکین ہو جاتی ہے۔

دیگر

ست لیموں، آک کے دودھ میں ملا کر ڈنگ والی جگہ پر ضماد کریں۔

دیگر

بریاں نیلا تھوتھا، اور ست لیموں ہم وزن ملا کر مقام گزیدہ پر لگائیں۔ ایک قطرہ پانی کا ڈالیں۔ درد ختم ہو جائے گا۔

دیگر

اندرونی علاج:

گودہ تمہ خشک چار رتی پانی سے کھلائیں مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوا الفضل العظیم

سانپ ڈسنا

مقام گزیدہ پر لگانے والا

نسخہ:

ھوالشافی:

سم الفار
سرخ کاہی
جمال گوٹہ
رتی سفید
گل حقہ
نیلا تھوتھہ
نوشادر

تمام ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

دوا مذکور ایک یا دو رتی شیر مدار میں ملا کر مقام گزیدہ پر پچھ لگا کر دوا لگائیں۔
بار بار تجربہ شدہ ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

ضماد

جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو' اس جگہ یہ ضماد لگائیں

ھوالشافی:

بیٹ مور
ست لیموں

دونوں کو رگڑ کر پانی ملا کر ضماد تیار کریں۔

ترکیب ساخت:

مقام گزیدہ پر لیپ کریں۔ چند منٹ بعد آبلہ پیدا ہو گا۔ اس کو قینچی سے کاٹ کر پھر ضماد کریں۔
جب تک آبلہ پڑتا رہے کاٹ کر دوا لگاتے رہیں۔ جب آبلہ پڑنا بند ہو جائے' زخم پر گھی لگائیں۔ تمام زہر کو جسم سے خارج کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

سانپ ڈسنا

سرد زہر کی علامات:

اگر سرد زہر والا سانپ کاٹ جائے تو جہاں سانپ کاٹ جاتا ہے وہ جگہ سن ہو جاتی ہے۔ جسم کا خون منجمد ہونے لگتا ہے۔ آخر دوران خون بند ہو کر جسم سرد ہو کر مریض دار فانی سے چلا جاتا ہے۔

نسخہ برائے مار گزیدہ

ھوالشافی:

سم الفار' دریائی کھوپہ' میٹھا تیلیا' رتی سفید' سنکھ' ہر دوائی ایک ایک تولہ' نوشادر چھ ماشہ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو کوٹ کر شیر مدار پانچ تولہ میں کھرل کر کے خشک کر کے پھر پانچ تولہ شراب برانڈی میں رگڑ ر ٹکیہ بنائیں۔
بعدہ کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

خوراک:

چار رتی سے ایک ماشہ تک گھی کے ہمراہ پلائیں۔
گڑ مار بوٹی ایک تولہ پانی میں گھوٹ کر چھان کر پلائیں۔

فائدہ:

سانپ کی زہر سرد ہو یا گرم' یہ نسخہ دونوں کے واسطے یکساں مفید اور کار آمد ہے۔

یا حیی یا قیوم

نوٹ:

سانپ کے کاٹے ہوئے مریض اور ادویات کے کھلانے سے پہلے پوست ریٹھہ ایک ماشہ پانی میں گھول کر پلائیں' قے کے راستہ زہر خارج ہو گا اس کے بعد کوئی خوراکی نسخہ دیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سانپ ڈسنا

سانپ کے زہر کی سمی علامات:

جہاں سانپ کاٹے، وہاں درد، ورم اور جلن ہوتی ہے۔
دل کو گھبراہٹ ہوتی ہے۔
آخر بے ہوشی غالب ہو جاتی ہے۔

مقولہ

سانپ	کی	زہر	والا	سوئے
بچھو	کی	زہر	والا	روئے

سانپ کا زہر

سانپ کے زہر کی تاثیر گرم بھی ہوتی ہے اور سرد بھی۔
اگر گرم زہر والا سانپ کاٹے تو اس کے منہ اور ناک، پیشاب اور پاخانے، کے علاوہ مقام گزیدہ سے خون جاری ہو جاتا ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

سانپ کے گرم زہر کا علاج:

ھوالشافی:

زہر مہرہ خطائی	ایک تولہ
کشتہ سنکھ	ایک تولہ
روح کیوڑہ	دس تولہ

زہر مہرہ اور کشتہ کو روح کیوڑہ میں باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ پانی سے کھلائیں۔
اگر مریض بے ہوش ہو تو پانی میں گھول کر پلائیں۔
مریض کو پیپل کے نرم پتے پانچ تولہ گھوٹ کر پانی ملا کر چھان کر چند بار پلائیں۔
خون کا آنا بند ہو گا۔ زہر بھی دور ہو جائے گا۔
مذکورہ بالا زہر مہرہ والا نسخہ تین بار دیں۔
تیل بھی گرم قسم کے زہر کا تریاق ہے۔
مریض کو گھی پلائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ مرجان

ھوالشافی:

شاخ مرجان پانچ تولہ، بھنگ دس تولہ کو پانی میں گھوٹ کر نچوڑ کر بھنگ کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر، جس بھنگ سے پانی نچوڑا گیا ہے، اس کے نغدہ میں رکھ کر ایک من اپلوں کی آگ دیں۔

سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

دو رتی ہمراہ مکھن صبح کے وقت دیں۔

فوائد:

بھبھڑوں سے خون آنا، نکسیر پھوٹنا، خونی پیشاب کا آنا، کثرت حیض، خونی اسہال، جریان، احتلام، سیلان الرحم کو بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ مرجان

ھوالشافی:

شاخ مرجان پانچ تولہ کو شیر مدار میں رگڑ کر ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر بانسہ دس تولہ کو پانی نصف سیر میں جوش دیں۔ جب نصف رہے مل چھان کر اس پانی میں مرجان کو دوبارہ کھرل کر کے خشک شدہ کو کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

خوراک:

دو رتی، مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔

بھبھڑوں سے خون آتا ہو تو شربت انجبار سے صبح و شام کھلائیں۔

دمہ کے مریض کو شہد ملا کر چٹائیں بعد میں چائے پلائیں۔

دائمی نزلہ کے مریض کو صبح ہمراہ مکھن دیں۔

جریان، سیلان الرحم اور نکسیر کے لئے مکھن کے ہمراہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ عقیق

ھوالشافی:

ترکیب:

عقیق پانچ تولہ کو گرم کر کے عرق پودینہ میں دس بجھاؤ دیں۔ اس کے بعد پودینہ سبز ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر آگ دیں۔

آگ سے نکال کر عرق گلاب میں بہت باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح' ایک رتی شام ہمراہ مکھن کے دیں۔

فوائد:

ضعف کے واسطے ذوالخاصہ مفید ہے۔

خلفقان' دل کی دھڑکن' ضعف باہ جو ضعف قلب کے سبب سے ہو اس کو بہت مفید ہے۔

سل و دق کے واسطے بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ سنکھ

ھوالشافی:

ترکیب:

سنکھ بجانے والا ایک پاؤ۔

سنکھ کو سرکہ میں سات دن تک ڈبو کر رکھیں۔

سرکہ سے نکال کر کرنڈ بوٹی ایک سیر کے نغدہ میں رکھ کر ہانڈی کو گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔

پھولا ہوا سفید رنگ کا کشتہ نکلے گا۔ باریک پیس کر رکھیں۔

خوراک:

دو رتی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں یا گرم دودھ سے دیں۔

فوائد:

بخار' سانپ کاٹے کے لئے اور سنگرہنی کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ سنکھ

ھوالشافی :

اسپرین کی طرح پسینہ لا کر بخار کو اتارتا ہے، درد سینہ، نمونیا، درس اعصاب کو مفید ہے۔

ترکیب:

سنکھ بجانے والا ایک پاؤ لے کر کوئلوں کی آگ میں شگفتہ کرلیں اس کے بعد شیرمدار میں کھرل کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

خوراک:

دو رتی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم کے دیں۔

فوائد:

نمونیا، درد سینہ، درد اعصاب، بخار، بچوں کو آدھی رتی دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ سنکھ

ھوالشافی :

ترکیب:

سنکھ	ایک پاؤ
بوٹی زخم حیات سبز	آدھ سیر

بوٹی کو کوٹ کر درمیان میں سنکھ لپیٹ کر کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔
کشتہ تیار ہوگا۔
باریک پیس کر رکھیں۔

خوراک:

چار رتی صبح و شام ہمراہ مکھن۔

فوائد:

بواسیر، بھگندر، کثرت حیض، سیلان الرحم، جریان کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ سنکھ

تپ دق کا مجرب علاج:

ھوالشافی:

ترکیب:

سنکھ بجانے والا سالم ایک سیر۔ برگ نیم ایک سیر کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر سنکھ کو نکال کر باریک کھرل کریں۔

پھر گندھک دس تولہ نیم کے پتوں کے جوشاندہ میں کھرل کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔

اسی طرح اکیس آگ دیں' کشتہ تیار ہوگا باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

چار رتی صبح و شام ہمراہ شربت صدر کے استعمال کریں۔

فوائد:

تپ دق' سل' اسہال' خون آنا' تپ تور کی میں بھی مفید ہے۔ کھانسی بخار وغیرہ کو بھی نافع ہے

نسخہ شربت صدر:

ھوالشافی:

گاؤزبان	سوا تولہ
پرسیاؤشاں	سوا تولہ
السی	سوا تولہ
ملٹھی	سوا تولہ
گل گاؤزبان	تین تولہ
سونف	سوا تولہ
اجوائن	سوا تولہ
ابریشم مقرض	سوا تولہ
عناب	چار تولہ
پوست ڈوڈا	سوا دو تولہ
تخم خطمی	سوا دو تولہ
سپستان	سوا تین تولہ
بہی دانہ	ایک تولہ
چینی	ایک سیر

تمام ادویات کوٹ کر دو سیر پانی میں بھگوئیں۔ آگ پر پکائیں جب نصف رہے چھان کر چینی ملا کر شربت بنا کر رکھیں۔

دو تولہ صبح' دو تولہ دودھ میں ملا کر پلائیں۔

مذکورہ بالا نسخہ کشتہ سنکھ اس کے ساتھ استعمال کریں' بہت مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ سنکھ

ھوالشافی :

چڑھے ہوئے بخار کو اتارنے کے واسطے اسپرین سے بہتر ہے۔

ترکیب ساخت:

سنکھ حسب منشا لے کر سات دن سرکہ میں بھگو کر رکھیں۔ پھر سنکھ کو سرکہ سے نکال کر برگ نیم کے نغدہ میں رکھ کر ایک من اپلوں کی آگ دیں، برنگ سفید ہوگا باریک رگڑ کو رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ گرم دودھ سے کھلائیں پسینہ لا کر بخار کو دور کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ زمرد

ھوالشافی :

ترکیب:

زمرد حسب منشا لے کر عرق گلاب میں بارہ بار بجھاؤ دیں۔ اس کے بعد کھرل میں ڈال کر روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ پھر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے خشک کر کے آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک:

دو چاول ہمراہ مربہ سیب کے دیں۔

فوائد:

کثرت بول، ضعف جگر، ضعف گردہ میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ صدف مروارید

ھوالشافی:

ترکیب ساخت:

صدف مروارید ایک پاؤ، گودہ گھیکوار ایک سیر کے نغدہ میں رکھ کر ہانڈی کو گلحکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔
سرد ہونے پر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

چار رتی ہمراہ مکھن یا بلائی، صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد:

ہر قسم کے جریان خون کو روکتا ہے، گرمی کے بخار، تپ تورکی، دل کے دھڑکن، جریان، سیلان الرحم کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ سنگ یشب

ھوالشافی :

ھوالشافی:

ترکیب ساخت:

سنگ یشب حسب منشاء لے کر عرق گلاب میں بارہ بار گرم کر کے بجھاؤ دیں اس کے بعد عرق گاؤزبان میں خوب باریک کر کے ٹکیہ بنا کر نغدہ گاؤزبان کے درمیان رکھ کر آگ دیں۔
سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

دو رتی مکھن سے دیں۔

فوائد:

دل کی دھڑکن، گرمی کے دنوں میں ایک خوراک صبح کے وقت استعمال کریں تو تمام دن دل کو گرمی کا احساس نہیں ہوتا مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ خرمہرہ

ھوالشافی :

ترکیب ساخت:

کوڑی زرد ایک پاؤ' بھنگ تازہ سیر کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ کو گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔
سرد ہونے پر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

چار رتی سے ایک ماشہ تک صبح و شام دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:

کثرت حیض' سیلان خون ہر قسم' جریان' بواسیر خونی' سیلان الرحم کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ ورقیہ ہڑتال

ھوالشافی :

ترکیب:

ورقیہ ہڑتال ڈلی دو تولہ۔
ایک چھوٹی کڑاہی میں ایک سیر ریت ڈالیں' ریت کے اوپر روئی تیل سرسوں میں تر کر کے رکھیں۔
روئی پر ورقیہ ہڑتال کی ڈلی رکھ دیں۔
ہڑتال کی ڈلی پر روئی ایک تولہ تیل سرسوں سے تر کر کے ورقیہ کی ڈلی پر رکھ دیں اس کے اوپر ایک سیر ریت ڈال دیں۔
کڑاہی کو آگ پر رکھیں' تیز آگ جلائیں۔
جب ریت پر دانہ گندم بریاں ہو جائے کڑاہی کو آگ سے اتار کر سرد ہونے پر ورقیہ ڈلی نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن۔

فوائد: بخار بلغمی' دمہ کو مفید ہے' درد اعصاب کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ ورقیہ ہڑتال

ھوالشافی :

ترکیب:

ورقیہ ہڑتال پانچ تولہ' بھتل بوٹی کا پانی صاف پانچ بوتل۔
ورقیہ کو کھرل میں ڈال کر باریک کر کے آب بھتل ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب پانچ بوتل پانی بھتل ختم ہو ٹکیہ بنا کر خشک کر کے بھتل ایک سیر لے کر نصف کو ایک ہانڈی میں ڈال کر اس کے اوپر ٹکیہ ورقیہ رکھ کر باقی بھتل اس کے اوپر ڈال دیں۔ گل حکمت کر کے رکھ دیں۔ خشک ہونے پر دوبارہ گل حکمت کریں اس کے خشک ہونے پر تیسری بار گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ جب آگ بالکل سرد ہو جائے ہانڈی کو نکال کر ورقیہ ٹکیہ کو نکال کر باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

آدھی رتی ہمراہ مکھن۔

فوائد:

کھانسی' دمہ' بخار بلغمی' تپ دق کے واسطے اکسیر ہے' درد اعصاب' فالج اور ضعف باہ کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ سم الفار

ھوالشافی :

ترکیب:

سم الفار ڈلی	ایک تولہ
راکھ پتھکنڈا	اڑھائی سیر

ایک کوزہ گلی کو رکھ پتھکنڈا سے نصف بھر دیں اس کے اوپر سم الفار رکھیں۔ باقی راکھ ڈال کر کوزہ کو گل حکمت کر کے خشک ہونے پر چولہے پر چڑھا کر نیچے بارہ گھنٹہ آگ جلائیں۔ جب کوزہ بالکل سرد ہوجائے تو سم الفار کی ڈلی نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک چاول ہمراہ مکھن۔

فوائد:

کھانسی کہنہ' دم بلغمی' پرانے زخم' آتشک' سوزاک' ناسور' بھگندر' تپ بلغمی' ضعف باہ کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ سم الفار سفید

ھوالشافی:

ترکیب:

سم الفار ڈلی ایک تولہ' قلمی شورہ تین تولہ' ایک کوزہ گلی جس میں آدھ پاؤ پانی پڑ جائے' قلمی شورہ کو باریک کر کے نصف قلمی شورہ کوزہ میں ڈالیں اس کے اوپر سم الفار کی ڈلی رکھیں۔ اس کے اوپر قلمی شورہ ڈالیں۔

اس کے بعد سیاہ بھیڑ کی اون سے کوزہ کو بھر کر گلحکمت کر کے چار سیر اپلوں کی آگ دیں۔

سرد ہونے پر سم الفار کو بمعہ قلمی شورہ کے نکال کر باریک کر کے پانی ایک سیر ڈال کر رکھیں۔ تمام قلمی شورہ پانی میں حل ہو جائے گا۔ تین گھنٹہ کے بعد پانی نتھار کر سم الفار کو خشک کر کے رکھیں۔

خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن۔

فوائد: اعصابی' بلغمی' ریحی امراض کو مفید ہے۔

درد اعصاب فالج' لقوہ' دمہ' آتشک' سوزاک' رعشہ' نمونیا' امراض باردہ کا مکمل علاج ہے' سم الفار دیرینہ امراض کا شافی علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ نیلا تھوتھا

ھوالشافی:

ترکیب:

نیلا تھوتھا ڈلی ایک تولہ لے کر پوست ریٹھہ ایک پاؤ کو رگڑ کر اس کے درمیان نیلا تھوتھا رکھ کر کوزہ گلی کو گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک: دو چاول ہمراہ مکھن صبح بعد از غذا دیں۔

فوائد: قروح خبیثہ' آتشک' سوزاک' اندرونی زخم' قرحہ رحم' سوزاکی' ناسور' بھگندر کو مفید ہے' بواسیر کو بھی نافع ہے۔

نیلا تھوتھا پیپ کو بہت جلد ختم کر دیتا ہے۔

یادداشت:

کشتہ کو دہی میں ڈال کر دیکھیں۔ اگر رنگ دے جائے تو دوبارہ سفوف ریٹھہ میں آگ دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ ابرک سفید

ھوالشافی:

ترکیب:

ابرک سفید ایک سیر

ابرک کو آگ کے کوئلوں میں رکھیں۔ ابرک پھول جائے گا۔ آگ سے نکال کر ابرک کو کوٹ کو باریک کر کے قلمی شورہ دو سیر ملا کر دہی سے نمی دے کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔

آگ سے نکال کر پانی سے تین بار غسل دیں۔

جب خشک ہو جائے باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

دو رتی صبح و شام شربت بنفشہ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:

کھانسی اور بخار کہنہ کے واسطے بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ ابرک سیاہ مرکب

ھوالشافی:

ترکیب:

ابرک سیاہ ایک پاؤ لے کر آگ کے کوئلوں میں رکھیں سرد ہونے پر قلمی شورہ آدھ سیر ملا کر آب مولی سے نمی دے کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ نکال کر پانی پانچ سیر میں ڈال کر رکھیں۔ جب پانی نتھر جائے پانی کو اوپر سے اتار لیں۔ اس طرح تین بار کر کے ابرک کو خشک کر کے رکھیں۔

بعدہ

سم الفار سفید	ایک تولہ
ورقیہ ہڑتال	ایک تولہ
شنگرف	ایک تولہ
سیماب	ایک تولہ

چاروں ادویات کو رگڑ کر بارہ حصہ کریں۔

ترکیب ساخت:

ابرک سیاہ مصفیٰ میں ایک حصہ چار ادویات کا ملا کر شیر مدار میں کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح بارہ آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

خوراک: دو چاول ہمراہ مکھن

فوائد: ضعف باہ، نامردی، فالج، لقوہ، تپ دق، دائمی نزلہ اور دمہ کو مجرب ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ ابرک سیاہ

ھوالشافی:

ترکیب:
ابرک سیاہ ایک سیر لے کر کوئلوں کی آگ میں رکھیں۔ جب آگ سرد ہو ابرک نکال کر باریک پیس لیں۔ اس میں قلمی شورہ دو سیر، گڑ ایک سیر ملا کر کوٹ کر مٹی کے برتن میں ڈال کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر خوب رگڑ کر پانی پانچ سیر ڈال کر رکھیں۔ جب پانی کے نیچے ابرک بیٹھ جائے پانی کو نتھار دیں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ پھر خشک کر کے گلو سبز ایک پاؤ، چرائتہ دس تولہ، پانی دو سیر میں پکا کر چھان کر ابرک سیاہ کو کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ اسی طرح بارہ آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

خوراک:
ایک رتی صبح، ایک رتی شام، مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں یا دودھ سے دیں۔

فائدہ

تپ دق، پھپھڑوں کے زخم، خون آنا، کھانسی دمہ، ابتداء، بخار سے لے کر تپ دق تک کو مفید ہے۔ جریان، احتلام سے لے کر نامردی تک کو مفید ہے ابتدا نزلہ کھانسی سے لے کر دمہ تک کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ خبث الحدید

منور

ھوالشافی:

ترکیب:
منور حسب منشا لے کر گرم کر کے کھٹی لسی میں دس بار بجھائیں۔ اس کے بعد کوٹ کر پانی سے دھوئیں۔ چند بار دھونے سے چمکنے لگے گا۔ کسی کڑاہی میں ڈال کر آب ہاتھی سونڈی سے تر کر کے خشک کریں۔ اسی طرح علی الترتیب آب انار آب جامن، آب تربوز سے تر و خشک کر کے سرکہ میں خوب زور دار ہاتھوں سے باریک رگڑ کر ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے کمہاروں کی آوی میں رکھیں۔ جب آوی سرد ہو جائے کشتہ کو نکال کر سرکہ یا دہی میں کھرل کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔

خوراک:
دو رتی ہمراہ مکھن یا دہی کے صبح کے وقت دیں۔

فائدہ:
ضعف معدہ، ضعف جگر، یرقان، حرارت جگر، کمی خون، بھوک بڑھاتا ہے، دودھ گھی ہضم ہونے لگتا ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ فولاد گرم

ھوالشافی:

ترکیب:

برادہ فولاد	دس تولہ
نوشادر	پانچ تولہ
گندھک آملہ سار	پانچ تولہ
سرکہ جامن	آدھ سیر
لعاب گھیکوار	آدھ سیر

ترکیب ساخت:

اول فولاد، گندھک، نوشادر، سرکہ جامن میں کھرل کریں۔ پھر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے دو دو ماشہ کی ٹکیاں بنا کر خشک کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ کو کھرل میں ڈال کر نوشادر پانچ تولہ، گندھک پانچ تولہ سرکہ پانچ تولہ لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے دو دو ماشہ کی ٹکیاں بنا کر خشک کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر رکھیں۔ کشتہ تیار ہے۔

خوراک: دو رتی ہمراہ مکھن صبح کو دیں۔

فوائد: سرد مزاج والے مریضوں کو بہت مفید ہے۔ کمی خون، ضعف معدہ و جگر ضعیف العمر اشخاص جن کے مزاج سرد ہو گئے ہوں، ضعف مثانہ و کثرت بول میں مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ فولاد سرد

گرم مزاج مریضوں کو مفید

ھوالشافی:

ترکیب:

برادہ فولاد ایک سیر، نوشادر دس تولہ

نوشادر کو رگڑ کر برادہ فولاد میں رگڑ کر ملا دیں۔ دہی دو سیر ڈال کر حل کر کے رکھیں۔ جب دہی خشک ہو جائے۔ پھر دہی دو سیر ڈال کر حل کر کے رکھیں۔ اسی طرح دہی میں تین بار تر و خشک کر کے بعد میں آب لیموں تین سیر ڈال کر حل کر کے رکھیں۔ جب خشک ہو جائے، باریک رگڑ کر رکھیں۔ کشتہ فولاد تیار ہے۔

خوراک:

دو رتی، دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔

فائدہ:

ضعف جگر، یرقان، حرارت جگر، جریان، کثرت بول، کثرت حیض کو بھی مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ فولاد سرد

آب ترپھلہ والا

ھوالشافی:

ترکیب:

پوست ہلیلہ	ایک پاؤ
پوست بلیلہ	ایک پاؤ
برادہ فولاد	ایک سیر
آملہ	ایک پاؤ

پانی تین سیر میں بھگو کر رکھیں۔ آٹھ پہر کے بعد مل چھان کر برادہ فولاد میں ڈال کر رکھیں۔ جب آب ترپھلہ خشک ہو جائے آب ثمر ببول خام تین سیر ڈال کر رکھیں جب آب ثمر ببول خشک ہو جائے، آب جامن تین سیر ملا کر رکھیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

خوراک:

ایک رتی ہمراہ مکھن یا دہی کے استعمال کریں۔

فوائد:

جریان، احتلام، کثرت حیض، سیلان الرحم، ضعف جگر، بھس، یرقان ذیابیطس، دل کا دھڑکنا، سانس پھولنا، کمی خون کے واسطے بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ قلعی

ھوالشافی:

نسخہ:

قلعی اینٹ والی	پانچ تولہ
قلمی شورہ	ایک پاؤ
پارہ	پانچ تولہ

ترکیب ساخت:

قلعی کو پگھلا کر پارہ پر ڈالیں۔ پارہ اور قلعی آپس میں مل جائیں گے۔ پھر کھرل میں ڈال کر خوب باریک کریں۔ اس کے بعد قلمی شورہ ڈال کر خوب باریک کر کے کوزہ گلی جس میں ایک سیر پانی سما جائے اس کوزہ میں قلعی باریک شدہ ڈال کر اس پر مٹی کا ڈھکنا دیں۔ گل حکمت نہ کریں۔

پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ جب سرد ہو نکال کر باریک کر کے دس سیر پانی میں گھول کر رکھیں۔ جب دوا تہ نشین ہو جائے پانی نتھار دیں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ پھر کشتہ کو رگڑ کر کپڑے سے چھان کر رکھیں۔

خوراک: دو رتی ہمراہ مکھن

فوائد:

یرقان والے مریض کو ایک ماشہ صبح مکھن سے دے کر وہی پلائیں۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔ جریان، احتلام، ذکاوت حس والے مریضوں کو دو رتی صبح مکھن کے ہمراہ دیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ قلعی

ھوالشافی:

ترکیب:

قلعی اینٹ والی	پانچ تولہ
قلمی شورہ	ایک پاؤ
بھنگ	ایک پاؤ

قلعی کو کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں۔ جب پگھل جائے ایک چٹکی بھنگ باریک شدہ کی ڈالیں۔ پھر ایک چٹکی قلمی شورہ باریک شدہ کی ڈالیں۔ اسی طرح باری باری بھنگ اور شورہ ڈالتے رہیں۔

قلعی کو لوہے کی چیز سے ہلاتے رہیں۔ جب بھنگ اور شورہ ختم ہو جائے تمام دوا کڑاہی کے درمیان اکٹھی کر کے نیچے ایک گھنٹہ آگ جلائیں۔ آگ سے کڑاہی کو اتار کر جب دوا سرد ہو جائے کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ سفید رنگت کا تیار ہو گا۔ اس کشتہ کو پانی میں ڈال کر گھول کر رکھیں۔ جب نتھر جائے پانی نتھار دیں۔ اسی طرح تین بار پانی نتھاریں۔ خشک کر کے باریک کر کے رکھیں۔

خوراک و فوائد:

دو رتی صبح مکھن کے ہمراہ دیں۔ ضعف جگر، جریان، احتلام کا مجرب علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ چاندی

ھوالشافی:

ترکیب:

چاندی دو تولہ کے دو عدد پترہ بنائیں۔ بھو پھلی بوٹی خشک شدہ ایک تھاپی (گوبر کے اپلے) کے درمیان میں خلا نکال لیں۔ اس خالی جگہ میں بھو پھلی ایک تولہ ڈالیں اس پر چاندہ کا پترہ رکھیں۔ اس کے اوپر بھو پھلی کا سفوف ڈالیں۔ دوسری تھاپی اس کے اوپر رکھ کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر پھر اسی طرح دو عدد تھاپیوں میں آگ دیں۔
اکیس آگ دیں، کشتہ ہو گا۔ باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

نصف رتی مکھن سے دیں۔

فوائد:

ضعف دماغ، جریان، مقوی بدن بھی ہے۔ نزلہ دائمی کا شافی علاج ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ چاندی مرکب گرم

نسخہ:

حوالشافی:

خاکہ چاندی	ایک تولہ
سم الفار سفید	ایک تولہ
سیماب	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

اول سم الفار کو باریک کر کے خاکہ چاندی اور سیماب ملا کر آب لیموں میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو گا باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

دو چاول صبح ناشتہ کے بعد مکھن پانچ تولہ میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد:

مقوی اعصاب، مقوی باہ، فالج، دائمی نزلہ، دمہ بلغمی، رعشہ، کثرت بول، ضعیف العمر اشخاص کے واسطے مقوی اعظم ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ چاندی سرد

ھوالشافی :

ترکیب:

خاکہ چاندی	ایک تولہ
سیماب	سات تولہ

چاندی کو کھرل میں ڈال کر ایک تولہ پارہ شامل کر کے آب کھٹکل بوٹی میں دو دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے دو سیر اپلوں کی آگ دیں۔
ساتویں آگ پانچ سیر اپلوں کی دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔ باریک رگڑ کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

ایک رتی صبح ہمراہ مکھن پانچ تولہ کے کھلائیں۔

فوائد:

جریان، احتلام، ضعف باہ، ضعف دماغ، دائمی نزلہ، نوجوانوں کے واسطے بہت مفید ہے۔
بار بار کا تجربہ شدہ ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ چاندی سرد

ھوالشافی :

ترکیب:

خاکہ چاندی دو تولہ، سیماب دو تولہ۔

دونوں کو بھو چھلی بوٹی میں دو دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے نغدہ بھو چھلی ایک پاؤ میں رکھ کر کوزہ گلی میں ڈال کر دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔

سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

آدھی رتی صبح مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد:

مقوی دماغ، دائمی نزلہ، جریان، کمزوری نظر، دل کی دھڑکن، حرارت جسم کو بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ تانبہ

ھوالشافی :

برنگ سفید

ترکیب:

تانبہ کے پیسے دو عدد، قلعی نو ماشہ، پارہ نو ماشہ۔

قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ملا کر باریک رگڑ کر دونوں پیسوں پر لگا کر دھتورہ کے تازہ پھل ایک پاؤ لے کر کوٹ کر نغدہ بنائیں۔ اس نغدہ کے درمیان دونوں پیسے رکھ کر کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر رکھیں۔ باریک کر کے شیشی میں ڈال کر چالیس دن نمناک جگہ میں دفن کریں اس کے بعد نکال کر محفوظ کر کے رکھیں۔

خوراک: دو چاول سے چار چاول تک ہمراہ مکھن صبح بعد غذا کے دیں۔

فوائد: امراض باردہ، بلغمی فالج دمہ، رعشہ، نامردی کو اکسیر ہے۔

نوٹ: ایک ہفتہ کھلا کر ناغہ کریں۔ اگر ضرورت ہو تو سات دن پھر کھلائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ شنگرف

ھوالشافی :

ترکیب:

شنگرف ڈلی ایک تولہ لے کر ایک کڑچھی لوہے کی میں رکھ کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ گندھک آملہ سار دس تولہ باریک شدہ کی چٹکی دیتے جائیں۔ گندھک کو آگ لگ جائے گی۔

جب پہلی گندھک جل جائے تب دوسری چٹکی گندھک کی ڈالیں۔ اسی طرح تمام گندھک ختم ہو جائے شنگرف کا کشتہ تیار ہوگا باریک کر کے رکھیں۔

فوائد:

ضعف باہ، فالج، رعشہ، درد اعصاب۔

تپ دق والے مریض کو ایک چاول روزانہ ایک خوراک مکھن سے کھلائیں بخار کھانسی کو دور کرتا ہے، جسم میں خون پیدا کرتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ مرگانگ

(چاندی والا)

ھوالشافی :

نسخہ:

خاکہ چاندی	دو تولہ
گندھک	دو تولہ
پارہ	دو تولہ
نوشادر	ایک تولہ

ترکیب ساخت:

اول پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں پھر نوشادر اور خاکہ چاندی کو ملا کر رگڑ لیں پھر دونوں کو ملا کر خوب باریک کریں۔

آتشی شیشی سنپٹ شدہ میں ڈال کر دو سیر کوئلوں کی آگ کے درمیان شیشی کو رکھیں جب آگ سرد ہو شیشی کو توڑ کر کشتہ نکال لیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

خوراک: آدھی رتی ہمراہ مکھن پانچ ولہ کے صبح کے وقت کھلائیں۔

فوائد: تپ دق، سل، سنگرہنی، دائمی نزلہ، جریان، ضعف باہ، مقوی جسم، مقوی اعصاب، مقوی دماغ، مقوی گردہ و مثانہ ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

خواص کشتہ شنگرف

مزاج گرم خشک :

مقدار خوراک : ایک تا دو چاول۔

فوائد :

1- ضعف باہ، نامردی کے لئے مکھن میں ملا کر بعد از غذا استعمال کریں۔
2- درد اعصاب، فالج، لقوہ، رعشہ کے لئیے شہد دو تولہ ملا کر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
3- دمہ بلغمی و کھانسی، بلغمی میں شربت زوفہ کے ساتھ استعمال کریں۔
4- برائے تپ دق، کشتہ شنگرف ایک چاول، شہد ایک تولہ، بادام روغن ایک تولہ ملا کر کھلائیں، بعد میں دودھ پلائیں، مولد خون، دافع بخار، کھانسی۔
5- برائے نمونیا، کشتہ شنگرف دو چاول، زردی بیضہ مرغ ایک عدد، شہد ایک تولہ ملا کر استعمال کریں بعد میں چائے پلائیں۔
6- بچوں کے سر پر چھوت دار پھنسیاں نکلتی ہوں، ان کے لئے شنگرف خام ایک تولہ، بھوری مرچ ایک تولہ مکھن بیس تولہ۔

ترکیب ساخت :

شنگرف بھوری مرچ کو بہت باریک کر کے مکھن میں ملا کر رکھیں۔ مرہم تیار ہے پھنسیوں پر لگائیں تمام جسم پر خارش ہو تو مالش کریں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ شنگرف

ھوالشافی :

نسخہ :

شنگرف ڈلی	ایک تولہ
پیاز کلاں	ایکس عدد
ہینگ	ایکس تولہ

ترکیب ساخت :

ہینگ ایک تولہ لے کر پیاز کے پانی میں رگڑ کر شنگرف پر ضماد کریں۔ پیاز کلاں کے اندر اتنا خلا بنائیں کہ شنگرف کی ڈلی ضماد شدہ پیاز کے اندر رکھ کر آٹا گوندھ کر پیاز پر ضماد کریں۔ پھر آگ کے اندر دبا دیں۔ جب آٹا جل جائے آگ سے نکال کر شنگرف کی ڈلی نکال کر ہینگ شنگرف پر ضماد کر کے پیاز کے اندر بھر کر آگ میں رکھیں۔
اسی طرح ایکس بار تشویہ دیں، کشتہ تیار ہوگا، باریک کر کے رکھیں۔

خوراک :

آدھی رتی مکھن پانچ تولہ میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد :

ضعف باہ، درد اعصاب، فالج، لقوہ، رعشہ، بھوک، افزا اور مولد خون ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

کشتہ بارہ سنگھا

مزاج گرم خشک

خوراک:

ایک تا دو رتی

فوائد:

1: بلغمی بخار، نمونیہ، درد اعصاب، بلغمی کھانسی میں شہد ملا کر چائے کے ساتھ استعمال کریں۔

2: گنٹھیا، رینگن، درد کمر کے لئے دودھ گھی کے ساتھ استعمال کریں۔

3: خشک ہونے کے سبب سیلان الرحم، کثرت حیض، اسہال مزمن، نفث الدم میں بھی اکسیر ہے۔

4: امراض بارد میں یہ ایک ہی کشتہ کافی ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

شنگرف مصفی

ترکیب:

شنگرف حسب منشا لے کر کھرل میں ڈال کر باریک کر کے ابلتا ہوا پانی ڈال کر رکھیں۔ جب شنگرف نیچے بیٹھ جائے، پانی نتھار دیں۔

اس طرح تین بار کریں۔

پھر شنگرف مصفی کو خشک کر کے باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

آدھی رتی صبح ہمراہ مکھن۔

فوائد:

ضعف باہ، فالج، لقوہ اور نمونیا کو مفید ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ شنگرف

ھوالشافی:

شنگرف کی ڈلی	ایک تولہ
تخم راڑی	ایک تولہ

تخم راڑی آک کے دودھ میں کھرل کر کے شنگرف کی ڈلی پر ضماد کر کے خشک کریں۔ پھر سوت کچا ایک پاؤ، شنگرف پر لپیٹ کر گیند کی طرح بنائیں۔ کسی مٹی کے پیالہ میں رکھ کر بند مکان میں رکھ کر اس کے اوپر آگ کا ایک انگارہ رکھیں۔ جب بالکل سرد ہو جائے نکال کر شنگرف کی ڈلی کو باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

نصف رتی مکھن کے ہمراہ دیں۔

فوائد:

مولد خون، مقوی باہ و مقوی اعصاب

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ برگ مدار

ھوالشافی:

برگ مدار زرد	ایک سیر
نمک سیاہ	دس تولہ
سہاگہ	دس تولہ

ترکیب ساخت

تمام اشیاء کو کوٹ کر ملائیں۔ کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ بچوں کو ایک رتی ہمراہ چائے۔

فوائد:

درد معدہ، مخرج بلغم، سردی کے بخار، کھانسی کو مفید ہے۔ ضیق النفس بچوں کے نمونیا، خرابی معدہ، قے، دست، بخار کوکر کھانسی کو بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

سفوف عشری

ھوالشافی:

پوست بیخ مدار سایہ میں خشک کر کے باریک کریں۔ چینی ہم وزن ملا کر رکھیں۔
سفوف عشری تیار ہے۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح' ایک ماشہ شام ہمراہ گرم دودھ

فائدہ:

درد اعصاب ریحی بخار' کھانسی' مخرج بلغم' چڑھے ہوئے بخار کو پسینہ لا کر اتارتا ہے۔
اترے ہوئے بخار کو روکتا ہے۔
مقام درد پر پوست بیخ مدار کو رگڑ کر پانی ملا مقام ماؤف پر ضماد لگائیں۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

آک (مدار)

مقدار خوراک:

شیر مدار	ایک تا دو بوند
نمک مدار	ایک رتی
پوست بیخ مدار	چار رتی
لونگ جو پھولوں سے نکلتے ہیں	تین رتی

ترکیب استعمال:

شیر مدار

شیر مدار ایک تولہ' چاول پندرہ تولہ چاولوں کو شیر مدار میں بھگو کر رکھیں' خشک ہونے پر باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک: دو رتی دن میں تین بار پانی سے دیں۔

فوائد:

کھانسی خشک و تر' دقی کھانسی' ضیق النفس' سردی کے بخار اور درد کو مفید ہے۔
پسینہ لا کر بخار کو اتارتا ہے۔
درد سر' شقیقہ و اعصابہ کو مفید ہے۔
بند نزلے کو جاری کرتا ہے۔
بچوں کو کوکر کھانسی کو ایک رتی شہد ملا کر چٹانا مفید ہے۔
جو قے کسی طرح نہ رکتی ہو اس کے استعمال سے بہت جلد رک کر آرام ہو جاتا ہے۔

الحمد للحیی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

نمک برنگ زرد

هوالشافی:

شیر مدار	ایک پاؤ
نمک طعام	تین پاؤ
نوشادر ٹھیکری	ایک پاؤ

ترکیب ساخت:

نمک کو باریک کر کے شیر مدار میں ملا کر کڑاہی میں نصف نمک ڈال دیں اس کے اوپر نوشادر کی سالم ڈلیاں رکھ دیں۔ باقی نمک نوشادر کی ڈلیوں پر ڈال کر کڑاہی کو آگ پر رکھیں۔ درمیانی آگ جلائیں جس جگہ سے زرد دھواں نکلے' نمک باریک شدہ ڈال کر دھواں نکلنا بند کریں۔

تین گھنٹہ جلائیں۔ نمک برنگ زرد تیار ہو گا۔ باریک کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک :: ایک ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

فوائد:

درد معدہ' ضیق النفس بلغمی' درد دانت جو سرد پانی لگنے سے زیادہ ہو بلغمی بخار کو پسینہ لا کر دور کرتا ہے۔ بچوں کو ایک رتی دیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

خواص نمک مدار

مزاج گرم خشک

مقدار خوراک:

ایک رتی

فوائد:

1: بلغمی دمہ' تپ دق کے لئے شربت اعجاز کے ساتھ استعمال کریں۔

2: ہر قسم کے بخار کو اسپرین کی طرح پسینہ لا کر اتارتا ہے۔

3: درد اعصاب' پسلی کا درد' رینگن' کے لئے گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

4: درد معدہ' قے کے لئے عرق پودینہ کے ساتھ استعمال کریں۔

5: بچوں کے بخار' کھانسی' نمونیہ کے لئے مقدار خوراک' ایک چاول شہد ملا کر چٹائیں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

خواص تلسی

مزاج گرم خشک

مقدار خوراک:
ایک تا دو ماشہ

فوائد:

1: کھانسی راش گلو میں برگ تلسی باریک شدہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔
2: نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ میں جوشاندہ بنا کر شہد ملا کر پلائیں، مخرج بلغم ہے۔
3: درد معدہ، تبخیر معدہ، قے اسہال میں تلسی سفوف ایک حصہ، شہد تین حصہ ملا کر رکھیں۔ خوراک تین ماشہ بعد از غذا استعمال کریں۔
4: ہر قسم کے بخاروں میں تلسی کا عرق یا شربت، جوشاندہ یا خیساندہ استعمال کریں
5: درد اعصاب کے لئے دودھ میں پکا کر شہد ملا کر پلائیں۔
6: خرابی خون کے لئے سفوف تلسی، شربت عناب کے ساتھ استعمال کریں۔
7: عورتوں کے درد ایام یا عسرولادت کے لئے تلسی کا جوشاندہ شہد ملا کر پلائیں بچہ آسانی سے پیدا ہو گا، مردہ بچہ بھی رحم سے خارج ہو جاتا ہے۔
8: بچوں کے نمونیہ، خسرہ، امراض معدی، بخار، کھانسی میں تلسی کے عرق کا استعمال بہت مفید ہے۔
9: ورم جگر، تہبیج، جسم میں تپ دق تین عرق بہت اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیرُ الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

روغن عشر

برائے درد اعصاب و اندمال زخم

ھوالشافی:

شیر مدار	دس تولہ
رتن جوت	ایک تولہ
کافور	ایک تولہ
نیلا تھوتھا	تین ماشہ
روغن کنجد	آدھ سیر

ترکیب ساخت:
تمام ادویات کو نیم کوب کر کے روغن کنجد میں ملا کر آگ پر پکائیں جب جھاگ ختم ہو جائے سرد کر کے کپڑے سے چھان کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:
درد اعصاب کے واسطے مالش کریں۔
درد کان، زخم، پیپ آنے کے واسطے نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ دیگر زخموں کے واسطے زخموں پر لگائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

صلایہ ورق سونا

نسخہ

ورق سونا	ایک ماشہ
موتی	دو ماشہ
زمرد سبز	تین ماشہ

عرق گلاب میں ایک ہفتہ رگڑ کر حل غبار کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

آدھی رتی ہمراہ مکھن

فائدہ:

مقوی دل دماغ، سل، تپ دق، ذیابیطس، نامردی، بچوں کے سوکڑا کے واسطے ایک چاول دودھ میں گھول کر ایک خوراک روزانہ استعمال کریں۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ سنگجراح

ترکیب:

سنگجراح آدھ سیر کو نیم کے پتوں کے آدھ سیر نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔
آگ سے نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار کے دیں۔

فوائد:

کثرت حیض، نکسیر، بواسیر، اسہال خونی، پیشاب میں خون آنے کو روکنے کے واسطے بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ سیماب

ترکیب:

پارہ ایک تولہ ایک پاؤ لیموں کے پانی میں رگڑ کر ٹکیہ بنائیں۔ ریوند چینی ایک پاؤ کو باریک کر کے تابہ پر آدھی ریوند چینی ڈالیں اس کے اوپر ٹکیہ پارہ والی رکھ کر باقی ماندہ ریوند چینی اس کے اوپر بچھائیں۔ نیچے نرم آگ جلائیں۔ جب ریوند چینی جل جائے دھواں بالکل ختم ہو جائے تابہ کو آگ سے اتار کر سرد ہونے پر پارہ کی ڈلی کشتہ شدہ نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

خوراک:

آدھی رتی ہمراہ مکھن صبح بعد از غذا دیں۔

فوائد:

مقوی بدن' مقوی باہ ہے۔ سل و دق کے واسطے مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ سکہ

برائے سوزاک کہنہ

ترکیب:

سکہ دو تولہ کو پگھلا کر پارہ دو تولہ میں ملا کر باریک رگڑ کر آب بھنگرہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بھنگرہ کے نغدہ میں رکھ کر ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ پھر کشتہ مذکور کو کھرل میں ڈال کر آب ستیاناسی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے آدھ من اپلوں کی آگ دیں۔

خوراک:

فوائد:

سوزاک کہنہ کا شرطیہ علاج ہے۔

نفث الدم' پھیپھڑوں سے خون کے آنے کو روکتا ہے۔ جریان' سیلان رحم' کثرت حیض کے واسطے بہت اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

پارہ کی گولی

ترکیب:

سیماب مصفی	تین ماشہ
ورق چاندی	تین ماشہ

دونوں کو ملا کر رگڑ کر گولی بنائیں۔

جب گولی بن جائے اس میں سوئی سے سوراخ کر کے سرکہ میں ایک ہفتہ رکھیں بعدہ نکال کر گولی کے سوراخ میں دھاگا ڈال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال:

آدھ سیر دودھ میں گولی کو لٹکا کر پانچ منٹ پکائیں۔ پہلے دن ایک منٹ پکائیں دوسرے دن دو منٹ، تیسرے دن تین منٹ، چوتھے دن چار منٹ، پانچویں دن پانچ منٹ، پھر روزانہ پانچ منٹ دودھ میں پکا کر صبح کے وقت دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد:

سنیاسی لوگ تو اس گولی کو رسائن بدن کہتے ہیں۔

امراض دماغی، اعصابی، قلبی و کبدی، جملہ امراض منویہ میں بہت اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ جست

ترکیب:

جست ایک تولہ، پارہ ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ

اول جست کو پگھلا کر پارہ میں ڈالیں گرہ بن جائے گی۔ اس کو کھرل میں ڈالیں، اور باریک پیس لیں۔ تھوڑا پانی ڈال کر رگڑیں۔ جب پانی کا رنگ سیاہ ہو جائے پانی کو نتھار دیں اور پانی ڈال کر کھرل کریں۔

اسی طرح بار بار پانی نتھاریں۔ جب پارہ اور جست کی سیاہی نکل جائے پھر اس میں گندھک ملا کر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید نکلے گا۔

خوراک:

فوائد:

ضعف اعصاب، فالج معہ رعشہ، جریان، پھپھڑوں کے زخم کو مفید ہے۔

کشتہ ایک ماشہ، ایک تولہ سرمہ سیاہ میں ملا کر آنکھوں میں ڈالیں، خارش، پانی بہنا، غبار چشم کو مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوا الفضل العظیم

کشتہ پارہ

ترکیب ساخت:

پارہ مصفیٰ گندھک آملہ سار' ہم وزن دونوں کو ملا کر کھرل کریں۔ یہان تک کہ کجلی تیار ہو جائے۔

اس کے بعد لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ لوہے کی سلائی ہلاتے رہیں۔

جب دھواں بالکل ختم ہو جائے اتار کر باریک کر کے رکھیں۔ کشتہ سیماب تیار ہے۔

خوراک:

ایک رتی صبح' ایک رتی شام' شہد میں ملا کر چٹائیں' اوپر سے شربت صدر پلائیں۔

فائدہ:

تپ دق' پھیپھڑوں کی خرابی سے ہو یا انتڑیوں کی خرابی سے ہو' بہت مفید ہے۔

الحمد للحی القیوم

فالله خیر الرازقین

والله ذوا الفضل العظیم

دوائے بخار توڑ

سوائے تپ محرقہ کے ہر قسم کے بخار میں مفید ہے

ھوالشافی:

شیر مدار	ایک پاؤ
قلمی شورہ	ایک پاؤ
نوشادر	ایک پاؤ

ترکیب:

تمام ادویات کو باریک کر کے شیر مدار میں ملا کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ درمیانی آگ جلائیں۔ جب سیاہ دھواں نکلنا بند ہو جائے آگ سے اتار کر سرد ہونے پر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

خوراک:

چار رتی تا ایک ماشہ ہمراہ چائے استعمال کریں۔

فوائد:

بخار' کھانسی' نمونیا' مخرج' بلغم' ضیق النفس بلغمی' بچوں کا نمونیا' ڈبہ کے واسطے آدھی رتی تا ایک رتی چائے میں گھول کر صبح و شام پلائیں۔

اسپرین کی طرح پسینہ لا کر بخار کو اتارتا ہے۔

الحمد للحی القیوم

فالله خیر الرازقین

والله ذوا الفضل العظیم

مرہم سیاہ

ھوالشافی:

آک کے پتے	ایک پاؤ
ہلدی	دو تولہ
نیلا تھوتھا	تین ماشہ
تیل سرسوں	ایک پاؤ

ترکیب ساخت:

تمام ادویات کو کوٹ کر تیل میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ نرم آگ جلائیں۔ جب پتے بالکل سڑ جائیں، سرد ہونے پر گھوٹ کر رکھیں۔ مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال:

یہ مرہم زخم سے مواد کو خارج کر کے خشک کرتا ہے۔
زخم پر سوزش جلن نہیں کرتا۔
ائیڈو فارم کا نعم البدل ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

مرہم

محلل ورم، مسکن درد

ھوالشافی:

شیر مدار	ایک پاؤ
گھی	ایک پاؤ
شہد	ایک پاؤ

ترکیب ساخت:

تینوں ادویات کو خوب گھوٹیں۔ تینوں اجزا ایک جز ہو جائیں۔ کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر رکھیں۔
آیوڈیکس کا نعم البدل تیار ہے۔

ترکیب استعمال:

درد ضربی پر مالش کریں، درد ریحی، درد ورمی، ذات الجنب، درد گردہ پر مالش کریں۔ گنٹھیا والے مریض کے متورم جوڑوں پر مالش کریں۔ درد ال کی حالت میں کنپٹی پر مالش کریں۔ ورم غدود گلسوئے پر مالش کر کے روئی باندھیں۔ مجلوق کیلئے بہترین طلاء جب دانے نکل آئیں دوا بند کر کے گھی لگائیں۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم

خواص تلسی

مزاج گرم خشک

مقدار خوراک:
ایک تا دو ماشہ

فوائد:

1: کھانسی، خراش گلو میں برگ تلسی باریک شدہ میں شہد ملا کر چٹائیں۔
2: نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ میں جوشاندہ بنا کر شہد ملا کر پلائیں، مخرج بلغم ہے۔
3: درد معدہ، تبخیر معدہ، قے اسہال میں تلسی سفوف ایک حصہ، شہد تین حصہ ملا کر رکھیں۔ خوراک تین ماشہ بعد از غذا استعمال کریں۔
4: ہر قسم کے بخاروں میں تلسی کا عرق یا شربت، جوشاندہ یا خیساندہ استعمال کریں۔
5: درد اعصاب کے لئے دودھ میں پکا کر شہد ملا کر پلائیں۔
6: خرابی خون کے لئے سفوف تلسی، شربت عناب کے ساتھ استعمال کریں۔
7: عورتوں کے درد ایام یا عسر ولادت کے لئے تلسی کا جوشاندہ شہد ملا کر پلائیں، بچہ آسانی سے پیدا ہو گا، مردہ بچہ بھی رحم سے خارج ہو جاتا ہے۔
8: بچوں کے نمونیہ، خسرہ، امراض معدی، بخار، کھانسی میں تلسی کے عرق کا استعمال بہت مفید ہے۔
9: ورم جگر، تہبیج، جسم میں تپ دق تین عرق بہت اکسیر ہے۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوا الفضل العظیم